ہے وہ قول آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے نہیں بچاؤ تم اپنے تئیں نئے امور سے پس تحقیق کہ
سب بدعت گمراہی ہے اور قول آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا جس شخص نے کہ کیا ہمارے حکم
یعنی شرع ہماری میں اس چیز کو کہ نہیں ہے وہ اسمیں پس وہ رد ہے اسواسطے کہ عام ہے اور مراد
کیا گیا ہے ساتھ اسکے خاص پس تحقیق کہ قائل ہوئے امام ہمارے شافعی قدس اللہ سرہ جو

چیز نئی ہوئی اور مخالف ہو کتاب یا سنت یا اجماع یا اثر کے پس وہ بدعت ضلالہ ہو اور جو چیز نئی ہوا
بہتری سے اور نہین مخالف ہو کسی چیز کو اُسے پس وہ بہتر ہو اور تحقیق کہ پایا گیا قیام وقت ذکر
اسم مبارک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک عالم امت سے اور وہ مقتدی ہین اماموں
کے ازروے دین و پرہیزگاری کے وہ کون کہ امام تقی الدین سبکی ہین اور تابعداری کی اُنکی
اس امر مین مشائخ اسلام نے جو اُنکے زمانے مین تھے پس بیان کی ہو بعضے اُنھین مشائخ
نے یہ بات کہ تحقیق کہ امام سبکی کے پاس جمع تھی ایک جماعت اُنکے زمانے کے عالموں سے
پس اشعار مدحیہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پڑھے پڑھنے والے نے وہ صرصری رحمۃ
اللہ علیہ کے تھے مضمون اُسکا یہ ہو کہ آپ کی مدح اگر خوشنویس سونے سے لکھے چاندی پر
اچھی لگا کے تو بھی کم ہو اور کھڑے ہو جائین بزرگ لوگ صف باندھ کے یا گھٹنوں کے بل
تو بھی تعظیم کامل آپکی ادا نہو سکے پس کھڑے ہوے امام سبکی اور حاضرین مجلس پس حاصل
ہوئی خوشی بہت اُس مجلس مین ایسی قیام کافی ہو جائیگا عامہ مومنین کو سند اور تحقیق کہ کہا
ابن حجر ہیثمی رحمۃ اللہ علیہ نے اور حاصل یہ ہو کہ تحقیق بدعت حسنہ اتفاق کی گئی اوپر مستحب
ہونے اُسکے سے اور صاحب سیرۃ شامی نے بھی اسی قصہ کو نقل کیا ہو اور قطع نظر اس عاجز
نے بگوش و بچشم خود دیکھا و سنا ہو کہ علماے فرنگی محل و دیگر علما دیار و امصار کے قیام
کرتے رہے و مستحب و مستحسن کہتے رہے چنانچہ اب تک علماے حرمین شریفین کا اس پر عمل جاری
ہو فی الواقع استحباب و استحسان قیام مین کچھ تامل نہین کہ یہ کلیہ فقہ کا منضبط ہو العادۃ محکمۃ
عادت مومنین کے حکم جاری کیا ہو پس لوگون کو چاہیے کہ بمضمون حدیث شریف ما
رآہ المسلمون حسنا فہو عند اللہ حسن یعنے جس چیز کو مسلمان اچھا دیکھین پس وہ نزدیک
اللہ کے اچھی ہو قیام کرین اور اُسکو مستحسن سمجھین اور جو لوگ اسکو بدعت کہتے ہین اور بدعت
سیئہ مراد لیتے ہین وہ خطا کرتے ہین اسواسطے کہ بدعت کی علما نے پانچ قسمین قرار دی ہین
جیسا کہ عبارت کتاب السان الفنون سے ظاہر ہوا ہو اور امام نووی نے شرح صحیح مسلم مین لکھا
ہو قال العلماء البدعۃ خمسۃ اقسام واجبۃ[۱] ومندوبۃ[۲] ومحرمۃ[۳] ومکروھۃ[۴] ومباحۃ[۵]
فمن الواجب نظم ادلۃ المتکلمین للرد علی الملاحدۃ والمبتدعین وشبہ ذلک

ومن المندوبة تصنيف كتب العلم وبناء المدارس والرباط وغير ذلك ومن المباح البسط في الوان الاطعمة وغير ذلك والحرام والمكروه ظاهران انتهیٰ

ترجمہ کہا علما نے بدعت پانچ قسم پر ہی ایک واجبہ دوسری مندوبہ تیسری محرمہ چوتھی مکروہہ پانچوین مباح پس واجب کیا ہی کہ قائم کرنا متکلمین کا دلیلون کو واسطے ملحدین و مبتدعین کے اور مثل اُسکے اور مندوبہ سے کیا ہی کہ تصنیف کرنا کتابون کا اور بنانا مدرسون کا اور مسافرخانون کا اور مثل اُسکے اور مباح کیا ہی کہ دسترخوان کا آراستہ کرنا طرح طرح کے کھانون سے اور سوا اسکے اور حرام اور مکروہ دونون ظاہر ہین قیام تعظیمی وقت ذکر ولادت باسعادت جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم کے ضروری بدعت حسنہ ہی جیسا کہ اوپر مشرح ہو چکا ہی اور داخل ہو گا قسم دوسری اور پانچوین یعنی مندوبہ ومباحہ مین اسواسطے کہ اس مین کوئی قبح شرعی نہین پایا جاتا ہی بلکہ موجب استحباب واستحسان کا ہوتا ہی اور قیام تکبری وہ ہی کہ جیسا لوگ قیام کرتے ہین لمحبة الدنیا واسطے امرا و سلاطین کے جیسا کہ عادت ہوا عاجم کی اُسکی کیفیت یہ ہی کہ قیام کرنے والے اپنے تئین حقیر سمجھتے ہین بہ نسبت اُسکی اور وہ لوگ ازراہ تکبر و نخوت کی اپنے تئین اعلیٰ جانتے ہین اُن سے تفصیل اُسکی یہ ہی کہ حاضرین دربار دست بستہ دربار مین حاضر ہوتے ہین اور کھڑے رہتے ہین تاوقتیکہ اُنکی اجازت نہو تو نہین بیٹھتے ہین جب وہ اشارہ سے یا زبان سے اجازت دیتے ہین تب بیٹھتے ہین اور بعضے امراء ہین کہ اپنے سامنے اپنے رفقا و حضار مجلس کا کھڑا رہنا پسند کرتے ہین اور وہ لوگ اپنا فخر سمجھ کے دست بستہ کھڑے رہتے ہین یا فی زماننا کفار کے واسطے قیام کیا جاتا ہی تو اس قسم کا قیام بیشک حرام ہی قیام کرنیوالا اور قیام کرانے والا دونون گنہگار ہونگے اور ایسے ہی قیام کے اوپر مواعید شدیدہ وارد ہوے ہین اسکو بھی مفصلاً و مشرحاً حضرت امام نووی نے اپنے رسالہ مین بیان کیا ہی اور احادیث کو نقل کیا ہی منجملہ اُنکے ایک حدیث بطور سند کے لکھی جاتی ہی عن ابی امامة قال خرج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم متوکئا علی عصا فقمنا الیه فقال لا تقوموا كما تقوم الاعاجم يعظم بعضهم بعضا رواہ ابو داؤد ترجمہ ابی امامہ سے روایت ہی کہ نکلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم درحالیکہ تکیہ دینے والے تھے اوپر عصا کے پس کھڑے ہوے ہم آپکے سامنے پس فرمایا آپ نے نہ قیام کرو تم جیسا کہ قیام کرتے ہین عجمی لوگ تعظیم کرتے ہین بعض

اُنکے بعض کے تئین روایت کیا اسکو ابو داؤد نے امام نووی نے اس حدیث کے تحت مین یہ تحریر کیا ہو فکل من احب ان یقوم لہ فلا تقم لہ و قال البغوی وغیرہ فہذا فیمن یامرھم بذلک ویلزمھم ایاہ علی طریق النخوۃ والکبر انتہی ترجمہ جس شخص نے دوست رکھا اس بات کو کہ قیام کرے کوئی واسطے اُسکے پس نہ قیام کیا جائیگا واسطے اسکے اور کہا بغوی نے اور غیر اُسکے نے پس یہ بیچ اُس شخص کے ہو کہ حکم کرتا ہو لوگون کو واسطے قیام کے اور لازم کرتا ہی اُسکے تئین اُسکو اوپر طریقہ نخوت اور تکبر کے تواب بغور و تامل دیکھنا چاہیے کہ یہ قیام مولد شریف کا جیساکہ رائج ہندوستان مین ہی وہ اس حدیث مین بوجوہ شامل نہین ہوسکتا ہی تو کیونکر وہ بدعت سیئہ ہوگا البتہ اسکا شمول باعتبار حصول ثواب و تتبع علماے سابقین وحال واحادیث سابقہ سے جو کہ اول مذکور ہوئین ہوگا پس شخص منع کرنے والے کی صریح خطا و تعصب ہی کہ بدعت سیئہ کہتا ہی اُسکو چاہیے کہ اپنے قول سے درگذری فقط واللہ اعلم بالصواب والیہ المرجع والمآب حررہ محمد جنید عبد الباسط انصاری غفرلہ اللہ الباری

سنہ ۱۲۶۳ **سوال** نمبر ۳۹ کیا فرماتے ہین علماے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ مثلاً ہندوستان مین دستور ہی کہ محفل اقدس میلاد شریف مین وقت ذکر ولادت بابرکت جناب سید الابرار امام الاخیار حبیب ربّ العالمین خاتم النبیین محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لوگ تعظیماً کھڑے ہوجاتے ہین اور اس تعظیم سے امیدوار ثواب وخوشنودی خدا ورسول کے رہتے ہین مگر ایک شخص منع کرتا ہی اور کہتا ہی کہ صحابہ وتابعین وعلماے مجتہدین سے یہ امر ثابت نہین ہی پس بدعت سیئہ کو ترک کرنا ضرور ہی پس اس صورت مین یہ قیام تعظیمی کیسا ہی بینوا توجروا۔

ہو المصوب باب قیام مین علما کا اختلاف ہی بعضون نے بدعت سیئہ لکھا ہی اور بعضون نے مستحب لکھا ہی لیکن اُسکے استحباب شرعی پر ہنوز کوئی دلیل شرعی معتد بہ نظر سے نہین گذری واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی۔

| ابو الحسنات محمد عبد الحی | **جامع الفتاوی** کہتا ہی کہ جو امور مستحسنات علماے کرام اور مشایخ عظام ہین اور جواز وعدم جواز دونون کے جہات اُس مین پائے جاتے ہین جیسے مولود شریف

وقیام وغیرہ ہر عالم کو اپنے مستند دلائل پر عمل کرنا مناسب ہی مگر انکار بلیغ اور تکفیر و تفسیق کی کوئی
وجہ نہیں مسائل اختلافیہ میں شدت انکار شان محققین نہیں ہی علماے کبار کے اختیار کیے
ہوے ایسے افعال موجب خیر و برکت ہیں اور مصالح دقیقہ اور فوائد عدیدہ پر مشتمل ہیں جب
تک کوئی دلیل قوی اُنکی حرمت یا بدعت سیئہ ہونے پر قائم نہو اُنکو ترک کرنا نہ چاہیے
کیونکہ توارث علما خود ایک دلیل ہی فقیر کا اور بزرگان فقیر کا معمول یہ ہی کہ وہ میلاد کی محافل
کرتے ہیں اور قیام بھی اُس میں کیا جاتا ہی اور اسکو مستحسن تصور کرتے ہیں کیونکہ کوئی قبح
شرعی معتد بہ نہیں ہی جس کی وجہ سے اس میں حرمت یا سیئہ ہو واللہ اعلم + سوال ۲۴۰
قبلہ من علماے دین زاد عنایتکم۔ کہ تعظیم مولود کے لیے مانڈا کے مولوی صاحب نے یہ فرمایا کہ
نہ اُٹھو اور بعد رسالہ کے مولوی صاحب نے فرمایا کہ اُٹھنا اور نہ اُٹھنا دونوں برابر ہیں کیونکہ
نہ تو یہ حدیث میں لکھا ہی کہ ضرور اُٹھنا چاہیے اور نہ تو یہ لکھا ہی کہ نہ اُٹھو لہذا علمائی دین صاحب
کو تحریر دہ ہوں جیسا درست اور روا ہو براہ مہربانی تحریر فرمائیے گا زیادہ حد ادب۔ اور ایک
عورت اپنے مکان سے نکل گئی تو مرد و عورت دونوں راضی ہوے مگر تین ماہ تک عورت
دوسرے مرد کے پاس باہر رہی تو اُسکا رکھنا درست ہی یا نہیں نکاح تھا ٹوٹ گیا یا نہیں اور قرآن
شریف میں ضاد یا ظ کیا پڑھنا چاہیے۔ اور تعظیم کے بارہ میں لوگ جھگڑا و فساد کثرت سے
کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ تم وہابی ہو لہذا جیسا حال ہو تحریر فرمائیے **ہو المصوب** تعظیم قیام
مولود شریف میں علما کے مستحسنات سے ہی اسکو کرنا بہتر ہی اور نہ کرنے والوں سے جھگڑا و
فساد نکرنا چاہیے اور عورت کو جبتک اُسکا شوہر طلاق ندیوے اُسوقت تک اُسکے نکاح میں
ہی اور ضاد نماز میں پڑھنا چاہیے واللہ اعلم حررہ الفقیر محمد قیام الدین عبد الباری عفا اللہ عنہ
محمد قیام الدین عبد الباری ۱۳۲۹ **سوال ۲۴۱** اکثر اشخاص مشرک اور بے نمازی اور بخیل و
غماز و شرابی و رہزن اور زانی اور حرام اور سود خوار اور رشوت خوار اور تارک جماعت نماز اور
دیوث علی ہذا القیاس اس قسم کے لوگ اور بعض انمیں اچھے لوگ بھی سب ملکر جشن ولادت
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے منتظر روح کے رہتے ہیں آیا ایسی محفل میں اور ایسے لوگوں میں
روح مبارک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم آتی ہی یا نہیں **ہو المصوب** ضروری تشریف لانا

آنحضرت سرور صلی اللہ علیہ وسلم کا احادیث سے ثابت نہین ۔ واللہ اعلم حررہ الفقیر محمد قیام الدین عبد الباری عفا اللہ عنہ سوال کیا فرماتے ہین علماے دین اس مسئلہ مین کہ مجلس میلاد شریف مین روح مبارک صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف لاتی ہی یا نہین اور اکثر مولود خوان اس مسئلہ کے اشعار پڑھتے ہین مصرع اُٹھو تعظیم کو رسول اللہ آتے ہین ۔ کوئی دلائل شرعی سے روح مبارک کا آنا ثابت ہی یا نہین اگر ثابت نہین ہی تو ایسا اعتقاد رکھنا جائز ہی یا باطل ہو المصوب نہین واللہ اعلم حررہ الفقیر محمد قیام الدین عبد الباری عفا اللہ عنہ سوال در محفل میلاد شریف غزل خوانی بہ نغمہ و گٹکری می کنند علی الخصوص غزلیکہ منسلک استفتای ہذا است بحث در شعر دوم ۔

دکھاتا ہی کیا مرتبہ قرب کا	کہ زانو سے زانو ملاتا ہی آج

چونکہ خداوند جل و علا از مشابہت اعراض وجواہر قطعا مبرا و از مناسبت اوہام خواطر مطلقا معرا علیہ محاسن از ترکیب جسد مبرا است چون ذات پاکش از جسم بری ست پس زانو بزانو چگونہ آمیزد معاذ اللہ من ذلک و مصداق کلام از مولانا نظامی میخواست

نہ برگیندہ تا فراہم شوی	نہ افزودہ نیز تا کم شوی

و دلالت بر شان او میکند پس این احقر العباد و افقر الافراد بندہ خاکسار قاسم علیخان خلف عباد اللہ خان متوطن قصبہ پادل ضلع ہردوئی بخدمت جمیع علماے دین و مفتیان شرع متین درین باب فتوی میخواہد کہ عند اللہ وعند الناس مشکور گردد ہو المصوب از اشعارے کہ ظاہر شان کفر است پرہیز لازم است ۔ واللہ اعلم حررہ الفقیر محمد قیام الدین عبد الباری عفا اللہ عنہ سوال مولود شریف کرنا ساتھ خوشبو کے اور لوگون کو بلوانا سننے کے واسطے اور کچھ شیرینی وغیرہ تقسیم کرنا اور کچھ سورہ وغیرہ پڑھنا اور تعظیم کے واسطے کھڑا ہونا کیسا ہی ہو المصوب یہ سب صورتین مستحبات شرعیہ سے ہین جنکو علما نے اصول شرعیہ سے مستنبط کیا ہی ۔ واللہ اعلم حررہ الفقیر محمد قیام الدین عبد الباری عفا اللہ عنہ

محمد قیام الدین عبد الباری

سوال کیا فرماتے ہین علماے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ حسب رواج میلاد شریف وگیارھوین شریف کرنا جائز ہی یا نہین ہو المصوب ہر محافل میلاد شریف وگیارھوین شریف جو منہیات شرعیہ سے خالی ہون موجب ثواب ہاین رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کرنا خود حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اور اُنکے صحابہ رضی اللہ عنہم سے ثابت ہی خواہ ذکر ولادت ہو یا فضائل یا معجزات وغیر ذلک

اور ایصال ثواب کسیکو باجماع اہل سنت وجماعت بلاشک وشبہہ ہو سکتا ہی تفصیل اسکی اپنے مواضع مین کتب مطول اور رسائل مین علمائے کرام نے کردی ہی حاجت بیان نہین۔ واللہ اعلم حررہ الفقیر محمد قیام الدین عبد الباری عفا اللہ عنہ [محمد قیام الدین عبد الباری]

سوال ۲۸۳ روایت ایسی بیان کرنا جس مین اوامر ونواہی نہون بلکہ رنگ محفل درست کرنے کے لیے روایات موضوعہ مثل اسکے کہ حضرت اویس قرنی رضہ نے حضرت علی مرتضیٰ اور حضرت عمر سے کہا کہ عشق شے دیگر است و ارادت شے دیگر ایسی روایات بیان کرنا جائز ہی یا نہین اور ایسی محفل کے بانی اور سامعین کو ثواب ملیگا یا نہین **ہو المصوب** اس طرح سے ذکر میلاد کرنا جس مین روایات موضوعہ ہون یا توہین صحابہ کی ہو جائز نہین اور ایسے محافل کرنا اور حاضر ہونا جائز نہین ورنہ جائز ہی۔ واللہ اعلم حررہ الفقیر محمد قیام الدین عبد الباری عفا اللہ عنہ

سوال ۲۸۴ اگر کسی مقام کے جملہ مسلمان چندہ سے شیرینی منگاکر مولود شریف کرین اُس مین ایک شخص اس محفل اقدس کو نعوذ باللہ مذموم سمجھکر چندہ مین شریک نہو اور مولود شریف بھی نہ سنے اور بعد ختم مولود شریف جو شیرینی وغیرہ تقسیم کیجاوے اُسکے لینے سے انکار کرے پس ایسے شخص سے مسلمانون کو کیا برتاو کرنا چاہیے **ہو المصوب** اگر شخص مذکور طریقہ حسنۂ میلاد شریف کی توہین سے مرتکب افعال مذکورکا ہوا ہو تو ایسے شخص سے مسلمانون کو پرہیز کرنا چاہیے۔ واللہ اعلم حررہ الفقیر محمد قیام الدین عبد الباری عفا اللہ عنہ

سوال ۲۸۵ میلاد شریف ایک مقام پر ہوتا ہی اور زید قلیل فاصلے پر بآرام پلنگ پر لیٹا ہی اور شریک محفل اقدس مین نہین ہوا پس زید عند الشرع کیسا ہی اور اس محفل مین شریک ہونے کے لیے ہر شخص کو پیام بھیجنا چاہیے یا نہین **ہو المصوب** نام پاک وذکر پاک نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ باوجود قدرت کے توہین اور وہ امور جو بے ادبی مین شمار کیے جاتے ہین کرنا گناہ کبیرہ قریب بہ کفر ہے اور محفل میلاد شریف کہ فردہی افراد وعظ سے اُسکے لیے لوگون کو جمع کرنا اور پیام بھیجنا جائز ہے۔ واللہ اعلم حررہ الفقیر محمد قیام الدین عبد الباری عفا اللہ عنہ

سوال ۲۸۶ مولود شریف کی محفل مین ہنود وغیرہ کا داخل ہونا کیا منع ہی **ہو المصوب** مولود شریف کی محفل مین ہنود کا آنا کوئی حرج نہین ہی۔ واللہ اعلم حررہ الفقیر محمد قیام الدین عبد الباری عفا اللہ عنہ [محمد قیام الدین عبد الباری]

سوال اول بوسہ لینا وپھرنا خون انگلیونکے اور لگانا اونکا اوپر دونون

آنکھون سے بروقت کہنے یا سننے اسم مبارک صلی اللہ علیہ وسلم کے اذان مین خواہ غیر اذان مین شرعًا کیا حکم رکھتا ہی

سوال دوسرا تعیین ایام مولود شریف کی ماہ مبارک ربیع الاول مین خواہ فاتحہ کسی اور بزرگ کی روز وصال اُنکے کے کرنا اور اس تعیین کو ضروری یا اولی ایصال ثواب مین سمجھنا شرع سے ثابت ہی یا نہین بینوا توجروا **ہو المصوب** ناخون انگوٹھون کو رکھنا دونون آنکھون پر اور اللھم متعنی بالسمع والبصر کہنا بعد سننے شہادتین کے مستحب ہی اور تعیین ایام مولود شریف کی یا فاتحہ کی شرع سے ثابت نہین واللہ اعلم کتبہ محمد یوسف عفی عنہ [محمد یوسف] صح الجواب حررہ محمد رحمت اللہ عفی عنہ **جواب** سوال اول صاحب جامع الرموز نے کنز العباد سے ناخونون انگوٹھونکو دونون آنکھون پر رکھنا اور اللھم متعنی بالسمع والبصر بعد سننے شہادتین کے کہنا مستحب لکھا ہی اور شرح اورادین بھی ایسا ہی لکھا ہی ظاہر اً یہ مستحب قبیل ما احبہ العلماء سے ہی نہ مستحب حقیقی اس واسطے کہ کرنا اس فعل کا قرون ثلاثہ مین جو مشہود لہم بالخیر ہین سند صحیح سے ثابت نہین ہوا ہی اور بعضے ارباب علم جو حدیث اس باب مین نقل کرتے ہین وہ حدیث صحاح مین نہین ہی بہر تقدیر تارک اسکا قابل ملامت کے نہین ہی اور ضروری جاننے والا اسکا قابل ملامت کے ہی **جواب** سوال دوم اولًا جاننا چاہیے کہ جو امر دین کہ اُسپر ثواب یا عقاب مرتب ہو اور زمان صحابہ اور تابعین اور تبع تابعین رضوان اللہ علیہم اجمعین مین نہو اور نشان اُسکا ادلہ اربعہ یعنے کتاب سنت اجماع قیاس سے نہ لگے وہی امر بدعت مذمومہ اور سیئہ ہی اور اُسکو صاحب شرع نے ضلالت فرمایا ہی صحاح مین موجود ہی کل بدعۃ ضلالۃ وکل ضلالۃ فی النار ماکول یا مشروب وغیرہ مباحات مین کسی امر نو کا احداث کرنا بدعت نہین ہی کہ یہ امر دین کا نہین ہی اور مرتب ثواب یا عقاب کا اسپر نہین ہی اب بگوش دل سننا چاہیے کہ تعیین ایام مولود شریف کی ماہ مبارک ربیع الاول مین خواہ فاتحہ اور کسی بزرگ کی روز وصال اُنکے کے کرنا اُسکی دو صورت ہی ایک یہ کہ تعیین بسبب اسکے واقع ہوئی کہ بعد تعیین کے اہل اسلام خود بخود بے طلب آکے شریک برکت ذکر مولد شریف یا شریک استغفار ہونگے یا بسبب اسکے ہوئی کہ ایام ربیع الاول مین مثلًا صاحب مجلس مولد کو فرصت ہوتی ہی یا اور کوئی سبب ہوا اسطرح کے اسباب مین ہو کہ ثواب عقاب کو اسمین دخل نہو تو اس طرح کی تعیین درست ہی اور یہ تعیین مانند تعیین خوراک روزانہ و یا پوشاک معمولی کے ہی کہ قبیل مباحات سے ہی اور دوسری صورت یہ ہی کہ اس تعیین کو ضروری سمجھے یا ایصال ثواب مین اولی سمجھے یعنی اگر ماہ ربیع الاول مین مولد شریف

سلہ ۱۱۵ ای اللہ نفع دے مجکو ساتھ سننے اور دیکھنے کے ۱۲ سلہ جو بدعت ہی گمراہی ہی اور جو گمراہی ہی دوزخ مین ہی ۱۲

و الشان قال الملا علی قاری فی المرقاة قال النووی فیه اکرام اهل الفضل و تلقیهم و القیام لهم اذا اقبلوا و احتج به الجمهور و قال القاضی عیاض لیس هذا من القیام المنهی عنه و انما ذلك فیمن یقومون علیه و هو جالس و یمثلون قیاما طول جلوسه و قیل لم یکن هذا القیام للتعظیم بل کان للاعانة علی نزوله لکونه وجعا و لو کان المراد منه قیام التوقیر یقال قوموا الی سیدکم لکن الاول اظهر لان الصحابة رض ما کانوا یقومون له صلی الله علیه و سلم لکراهته للقیام انتهی و فی القنیة و لا یکره الجالس فی المسجد لمن دخل علیه تعظیما له انتهی و فی المطالب المؤمنین و ما ورد من التوعد علیه انما هو فی حق من یحب القیام بین یدیه کما تفعله الاتراك و الاعجام و کون رسول الله صلی الله علیه و سلم لم یفعل مع اصحابه و لا فعلوه معه لا یدل علی کراهة لانه لم یکن من عادتهم و قد ورد قوموا لسیدکم انتهی در مسجد محله قبل آمدن امام و مؤذن اکثر مردمان دیگر بجماعت نماز گذارند بعد از ان امام و مؤذن با اهل محله جماعت نمودند جماعت اول مکروه است و ثانیه مستحب قال فی الکشف و لو صلی بعض اهل المسجد باقامة و جماعة ثم دخل المؤذن و الامام و بقیة الجماعة فالجماعة المستحبة لهم و الکراهة للاول کذا فی المضمرات و لو صلی فیه غیر اهله بالجماعة فلا بأس لاهله ان یصلوا فیه بالجماعة هکذا فی محیط السرخسی و اگر امام و مؤذن با اهل محله جماعت نمودند بعد از ان دیگران آمده نماز بجماعت ادا نمودند جماعت ثانیه مکروه است قال فی الکشف اهل المسجد اذا صلوا باذان و جماعة یکره تکرار الاذان و الجماعة فیه و فی العالمگیریة اهل المسجد اذا صلوا باذان جماعة یکره تکرار الاذان و الجماعة فیه پس حاصل روایت منقوله در مختار آنست که اهل محله را اهتمام بلیغ سزاوار است بر اینکه همه باتفاق در مسجد حاضر شده نماز را بجماعت ادا نمایند تا کثرت جماعت شود و باعث مزید ثواب گردد و ترك این اهتمام قصدا بلا ضرورت مکروه است چنین جهت در مسجد که بسر راه است تعدد جماعت بلا کراهت جائز است اینکه اگر یک مرتبه جماعت در مسجد شده باشد و بعضی

اربل نے اور اس محفل معظم مین علمای مکرم اُس زمانے کے بخوشی آتے تھے اور موجب برکت و اپنی بخشش کا جانتے تھے بعد اسکے اکثر بلاد اسلام مین رواج پایا اور علما نے اسکو مستحسن قرار دیا اگر خالی ہو منہیات شرعیہ سے اور روایات صحیحہ بیان ہون اور نیت خالص ہو واسطے برکت اور محبت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے اور تصدق واسطے فقرا اور مساکین کے تو موجب برکت عظیمہ کا ہوتا ہے جیسا کہا علامہ دمشقی نے سبل الہدی والرشاد فی سیرۃ خیر العباد معروف بہ سیرۃ الشامی مین قال[1] الحافظ ابو الخیر السخاوی فی فتاونہ عمل المولد الشریف لم ینقل عن احد من السلف الصالح فی القرون الثلاثۃ الفاضلۃ وانما حدث بعد ثم لا زال اہل الاسلام فی سائر الاقطار والمدن الکبار یحتفلون فی شہر مولدہ صلی اللہ علیہ وسلم بعمل الولائم البدیعۃ المشتملۃ علی الامور البھجۃ الرفیعۃ ویتصدقون فی لیالیہ بانواع الصدقات ویظہرون السرور ویزیدون فی المبرات ویعتنون بقراءۃ مولدہ الکریم ویظہر علیہم من برکاتہ کل فضل عمیم انتہی وقال الحافظ ابو الخیر الجزری شیخ القراء من خواصہ انہ امان فی ذلک العام وبشری عاجلۃ بنیل البغیۃ والمرام قلت واول من احدث ذلک من الملوک صاحب اربل الملک المظفر ابو سعید کوکبری بن زین الدین علی بن بکتکین احد الملوک الامجاد والکبراء الاجواد وقال الحافظ عماد الدین بن کثیر فی تاریخہ کان یعمل المولد الشریف فی ربیع الاول ویحتفل بہ احتفالا ہائلا وکان شہما شجاعا بطلا عاقلا عادلا رحمہ اللہ تعالی واکرم مثواہ وقد صنف الشیخ ابو الخطاب بن دحیہ کتابا فی المولد سماہ التنویر فی مولد البشیر النذیر فاجازہ بالف دینار انتہی اور بعضون نے اسکو بدعت حسنہ قرار

[1] کہا حافظ ابو الخیر سخاوی نے اپنے فتاوے مین کہ کرنا مولود شریف کا منقول نہین ہوا کسی سلف صالح سے قرون ثلاثہ مین اور نہین ایجاد ہوا اگر بعد اُن کے پھر ہمیشہ اہل اسلام سب طرفون اور بڑے شہرون مین محفل کرتے رہے مہینے پیدائش آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مین ساتھ خوشی کرنے دعوتون نادر شامل بڑے کامون پر اور خیرات کرتے رہے اُسکی راتون مین طرح طرح کے صدقون کے ساتھ اور ظاہر کرتے رہے خوشی کو اور بڑھاتے رہے نیکیون کو اور متوجہ ہوتے رہے ساتھ پڑھنے مولد شریف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اور ظاہر ہوتا رہا اُنکے اوپر اُسکی برکتون سے ہر طرح کا فضل عام اور کہا حافظ ابو الخیر جزری شیخ القرا نے خواص مولد سے یہ ہے کہ امان ہو اُس سال مین اور بشارت آئندہ کو پانی خواہش اور مقصد کے کہا مین نے کہ پہلے ایجاد کیا اسکو بادشاہون سے شاہ اربل بادشاہ مظفر ابو سعید کوکبری بن زین الدین علی بن بکتگین نے کہ ایک بادشاہون بزرگ اور بڑے سخیون سے تھا اور کہا حافظ عماد الدین بن کثیر نے اپنی تاریخ مین کہ کرتا تھا مولد شریف ربیع الاول مین اور محفل کرتا بڑی اور تھا سخی شجاع جوان مرد عاقل عادل رحم کرے اُس پر اللہ اور اچھی آرام گاہ اُسکی کرے اور تحقیق تصنیف کی شیخ ابو الخطاب بن دحیہ نے اُنکے واسطے ایک کتاب مولد مین نام رکھا اُسکا تنویر فی مولد البشیر النذیر پس صلہ دیا اُسکا ہزار دینار ۱۲

ویا ہی اور علما نے بدعت کی پانچ قسم لکھی ہین واجبہ محرمہ مندوبہ مکروہہ مباحہ تفصیل اسکی طول رکھتی ہی لیکن مختصراً جان لینا چاہیے کہ جو امر حادث ہوا اور مخالف ہو کتاب اور سنت اور اجماع اور اثر کے یہ بدعت ضلال ہی اور یہی مراد کل بدعة ضلالة سے ہی اور جو امر حادث ہوا اور خلاف نہو ادلہ شرعیہ کے اور اتفاق ہوا وپر جواز فعل اسکے کے اور واسطے امید ثواب کے ہو اور موافق قواعد شرعیہ کے اور نیت خالص ہو اور لازم نہ آوے اس سے کوئی محذور شرعی جیسے بنا کرنا مدرسون کا اور سرا کا اور پل کا اور نیکیان جو نہ قرار پائی ہون صدر اول مین اور اس مین معاونت ہو اوپر نیکی اور خیر کے اور صدقہ واسطے فقرا اور مساکین کے اور محبت واسطے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے وہ بدعت حسنہ ہی جیسا کہ حدیث شریف مین موجود ہی ما رآہ المسلمون حسنا فهو عند الله حسن[1] و ما رآه المومنون قبيحا فهو عند الله قبيح اور اسی طرح کہا علامہ دمشقی نے سیرۃ شامی مین[2] قال الحافظ ابو محمد عبد الرحمن بن اسمعيل المعروف بابي شامة في كتاب الباعث على انكار البدع والحوادث قال الربيع قال الشافعي رحمة الله عليه المحدثات من الامور ضربان احدهما ما احدث مما يخالف كتابا او سنة او اثرا او اجماعا فهذه البدعة الضلالة والثاني ما احدث من الخير لا خلاف فيه لواحد من هذا فهي محدثة غير مذمومة وقد قال عمر رضي الله عنه في قيام رمضان نعمت البدعة هذه يعني انها محدثة لم تكن واذا كانت فليس فيها رد لما مضى قلت و انما كان كذلك لان النبي صلى الله عليه وسلم حث على قيام شهر رمضان وفعله هو صلى الله عليه وسلم واقتدى به فيه بعض اصحابه ليلة اخرى ثم تركه النبي صلى الله عليه وسلم فعلها بالمسجد جماعة لما فيه من احياء هذا الشعار الذي امر به الشارع وفعله والحث عليه والترغيب فيه

---

[1] ترجمہ جس چیز کو اچھی سمجھین مسلمان نیک تو وہ نزدیک اللہ کے نیک ہی اور جس چیز کو قبیح کرین مسلمان بد تو وہ نزدیک اللہ کے بد ہی ۱۲

[2] ترجمہ عبارت سیرۃ شامی کہا حافظ ابو محمد عبد الرحمن بن اسمعیل عرف ابی شامہ نے اپنی کتاب الباعث علی انکار البدع والحوادث مین کہا ربیع نے کہا شافعی نے نئی ایجاد کی دو قسمین ہین ایک وہ کہ نکالی جاوے خلاف کتاب یا سنت یا اثر یا اجماع کے لیس یہی بدعت ضلالت ہی اور دوسری وہ چیز کہ نکالی جاوے نیکی سے کہ نہین خلاف اسمین ساتھ ایک کے انھین سے لیس یہی چیز غیر مذموم ہی اور تحقیق کہا عمر رضی اللہ عنہ نے قیام رمضان مین اچھی بدعت ہی یہ یعنے تحقیق یہ نئی چیز ہی کہ نکلی اور جب ہوئی تو نہین ہی اسمین رد اسواسطے کہ گذرا بیان اسکا کہا مین نے نہین ہوا ایسا مگر واسطے اس بات کے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تحریص کی قیام مہینے رمضان پر اور کیا اسکو صلی اللہ علیہ وسلم نے اور اقتدا کی انکے ساتھ اسمین بعض اصحاب نے دوسری شب کو پھر ترک کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کرنا اسکا مسجد مین جماعت کے ساتھ اسواسطے کہ اس مین ہی قائم ہونا ہی اس امر کا کہ حکم کیا ہی ساتھ اسکے شارع نے اور کیا اسکو اور کی تحریص اس شعار پر اور ترغیب اس شعار مین ۱۲

الا هو رابعهم هو على العرش وعلمه فی کل مکان اما فالقهم فی ذلک من یحتج بقوله انتہے ای کونه تعالى رابعهم با لعلم لا بالذات وقال الامام الذهبی فی کتاب العرش قال الامام الحافظ ابو نصر السجزی فی کتاب الابانة لم ایمتنا کسفیان الثوری ومالک وحماد بن سلمة وحماد بن زید وعبد الله بن المبارک والفضیل بن عیاض واحمد بن حنبل واسحق بن راهویه متفقون على ان الله سبحانه وتعالى بذاته فوق عرشه وان علمه بکل مکان انتہے کذا فی الانتباه وقال الامام الغزالی فی کتاب العقائد من احیاء العلوم واضطر اهل الظاهر الى تاویل قوله تعالى وهو معکم اینما کنتم اذ حمل ذلک بالاتفاق على الاحاطة والعلم انتہے والاحاطة فی قوله بمعنى العلم والادراک کما فی تعریفات الجرجانی الاحاطة ادراک الشیء بکماله ظاهرا وباطنا انتہے وقال الامام فخر الدین الرازی فی التفسیر الکبیر فی قوله تعالى وهو معکم اینما کنتم قال المتکلمون هذه المعیة اما بالعلم واما بالحفظ والحراسة وعلى التقدیرین فقد انعقد الاجماع على انه سبحانه لیس معنا بالمکان والجهة والتحیز فاذن قوله تعالى وهو معکم لابد فیه من التاویل انتہی وقال العلامة سعد الدین التفتازانی فی رسالته قاضحة الملحدین فی رد قول الوجودیة ان المعیة ذاتیة واما استدلالهم بالسمع فبقوله تعالى وهو معکم اینما کنتم وقوله تعالى فلا ادنى من ذلک ولا اکثر الا هو معهم فجوابه ان المراد بالمعیة ههنا على ما اجمع علیه المفسرون بالعلم ونحوه لا بنفس الذات انتہے وقال الامام مجدد الالف الثانی فی المکتوب الحادی والثلثین من الجلد الاول — علوم سابق که مبنی بر اتحاد و وحدت وجود بودند رو بزوال آوردند احاطه وسریان از قرب ومعیت ذاتیه که دران مقام منکشف شده بود منتفی گشتند وبه یقین معلوم گشت که صانع را جل شانه با عالم ازین نسبتهای مذکوره هیچ ثابت نیست احاطه وقرب او تعالى علمی است چنانچه مقرر اهل حق است شکر الله سعیهم الى ان قال عجب است که شیخ محی الدین بن عربی وتابعان او ذات واجب تعالى را مجهول مطلق گویند ومحکوم هیچ حکمے ندانند مع ذلک احاطهٔ ذاتی وقرب ومعیت ذاتیه اثبات نمایند وما هو الا حکم على الذات تعالى وتقدس فالصواب ما قاله العلماء من اهل السنة من القرب العلمی والاحاطة العلمیة انتہے

ان اقوال مذکوره سے معلوم ہوا کہ اہل سنت کے سلف وخلف کا اجماع ہے خدای تعالى کے قرب اور اسکی معیت ذاتی نہونے پر الا فرقۂ ملحدہ وجودیہ کہ انکے خلاف کا کچھ اعتبار نہیں کیونکہ انکا

خوشی مین ثویبہ کو دو اُنگلیون کے اشارے سے آزاد کردیا بعد مرنے ابولہب کے لوگون نے خواب مین دیکھا
پوچھا کیا حال ہی کہا کیا پوچھتے ہو حال اُسکا جو دشمن ہو خدا اور رسول کا اور جسکی مذمت مین قرآن نازل
ہو آگ مین جلتا ہون اور انواع انواع طرح کا عذاب ہو رہا ہی لیکن چونکہ مین نے دوشنبہ کی شب خوشی
کی کی تھی ولادت باسعادت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی اور اس خوشی مین ثویبہ کو آزاد کردیا تھا دو انگلیون
کے اشارے سے اُسکی برکت سے ہر دوشنبہ کو اُن دونون اُنگلیون سے کچھ پانی رِستا ہی اُسکو چوستا ہون
اُس سے تخفیف عذاب ہوتی ہی آسیر علما نے لکھا ہی کہ ابولہب سا کافر جسکی مذمت مین قرآن نازل ہے
اُس نے خوشی کی تھی پیدائش آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اُسکو تخفیف عذاب جحیم ہی تو مسلمان س
سے مسلمان ثابت ہوتا ہی کہ اگر مسلمان خوشی کریگا ولادت باسعادت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اور
صرف کریگا بعد تو یقین اور لعید ہی کہ حق تعالی برکت عنایت فرمائے دنیا مین اپنے فضل سے اُسکے
مال اور اولاد وغیرہ مین اور آخرت مین اپنی رحمت سے داخل کرے جنات نعیم مین جیسا لکھا ہی علامہ
علاء الدین قسطلانی نے مواہب لدنیہ مین[1] وقد روی ابولہب بعد موتہ فی النوم فقیل لہ
ما حالک فقال فی النار الا انہ خفف عنی کل لیلۃ اثنین وامص من بین اصبعی ھاتین ماء و
اشار لراس اصبعہ وان ذلک باعتاقی لثویبۃ عندما بشرتنی بولادۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم
وبارضاعھا لہ قال ابن الجوزی فاذا کان ھذا ابولہب الکافر الذی نزل القرآن بذمہ جوزی
فی النار بفرحۃ لیلۃ مولد النبی صلی اللہ علیہ وسلم بہ فما حال المسلم الموحد من امتہ علیہ السلام
یسر بمولدہ ویبذل ما تصل الیہ قدرتہ فی محبتہ صلی اللہ علیہ وسلم لعمری انما یکون جزاؤہ من اللہ
الکریم ان یدخلہ بفضلہ العمیم جنات النعیم ولا زال اھل الاسلام یحتفلون بشھر مولدہ علیہ السلام

---

[1] ترجمہ عبارت مواہب لدنیہ تحقیق دیکھا کسی نے ابولہب کو بعد مرنے کے خواب مین پس کہا اُس سے کیا حال ہی تیرا کہا آگ مین
پڑا ہون مگر یہ کہ تخفیف کی جاتی ہی مجھپر ہر شب دوشنبہ کو اور چوستا ہون مین ان دونون اُنگلیون کے بیچ سے پانی اور اشارہ کیا سرِ اُنگلی
کی طرف اور یہ سبب آزاد کرنے میرے کا ہی ثویبہ کو اُس وقت مین کہ بشارت دی تھی اُس نے مجھکو ساتھ پیدا ہونے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے
اور سبب دودھ پلانے اُسکے کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو کہا ابن جوزی نے جب یہ حال ہوا ابولہب ایسے کافر کا کہ نازل ہوا قرآن اُسکی مذمت
مین عوض دیا دوزخ مین بسبب خوشی شب پیدائش آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پس کیا حال ہی ایسے مسلمان موحد کا امت آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم سے کہ خوشی کرتا ہی ساتھ مولد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اور خرچ کرتا ہی جہان تک پہونچتی ہی قدرت اُسکی محبت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مین
قسم ہی اپنی عمر کی کہ ہوگی جزا اُسکی اللہ کریم سے کہ داخل کریگا اُس کو اپنے فضل عام سے جنات نعیم مین۔ اور ہمیشہ اہل اسلام محفلین کرتے ہین
مہینے ولادت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مین ۱۲

ویعملون الولائم ویتصدقون فی لیالیہ بانواع الصدقات ویظہرون السرور ویزیدون فی المبرات ویعتنون بقراءۃ مولدہ الکریم ویظہر علیہم من برکاتہ کل فضل عمیم ومما جرب من خواصہ انہ امان فی ذلک العام وبشری عاجلۃ بنیل البغیۃ والمرام فرحم اللہ امرأ اتخذ لیالی شہر مولدہ المبارک اعیادا لیکون اشد علۃ علی من فی قلبہ مرض او عناد ولقد اطنب ابن الحاج فی المدخل فی الانکار علی ما احدثہ الناس من البدع والاہواء والتغنی بالآلات المحرمۃ عند عمل المولد الشریف فاللہ تعالی یثیبہ علی قصدہ الجمیل ویسلک بنا سبیل السنۃ فانہ حسبنا ونعم الوکیل انتہی اور اسی طرح لکھا ہے خاتم المحدثین مولانا شیخ عبد الحق محدث دہلوی نے ماثبت من السنۃ اور مدارج النبوۃ میں چنانچہ واسطے اختصار کے عبارت مدارج کی لکھی جاتی ہے تو یہ ہے آن شنیدہ کہ چون آنحضرت متولد شد بشارت رسانید با ابولہب کہ در خانۂ عبد اللہ برادر تو پسری متولد شد و ابولہب از راہ بزرگانی آزاد کردہ ام کرد کہ او را شیر دہد حق تعالی باین شادی و سرور کہ ابولہب بولادت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کرد در عذاب وی تخفیف کرد و در روز دوشنبہ از وی عذاب بر داشت چنانکہ در حدیث آمدہ است و در اینجا سند است مر اہل موالید را کہ در شب میلاد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سرور کنند و بذل اموال نمایند یعنی ابولہب کہ کافر بود و قرآن بمذمت وی نازل شدہ چون بسرور میلاد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم و بذل شیر جاریۂ وی بجہت آنحضرت جزا دادہ شد تا حال مسلمان کہ مملو است بمحبت و سرور و بذل مال در طریق وی چہ باشد ولیکن باید کہ از بدعتہا کہ عوام احداث کردہ اند از تغنی و آلات محرمہ و منکرات خالی باشد تا موجب حرمان از طریقۂ اتباع نگردد انتہی اور یہ دن اور مہینے کا میلاد جواب ہے کتب معتبرہ سے ثابت ہوتا ہے کہ شب ولادت افضل ہے شب قدر سے بھی اسی طرح لکھا ہے علامہ قسطلانی نے مواہب میں اور علامہ دمشقی نے سیرت شامی میں اور محدث دہلوی رح نے

سال بھر جہاں کہیں ہوں ... اور ہر سال ... کی راتوں کو طرح طرح کے صدقے اور ظاہر کرتے ہیں خوشی اور بہت بھلائیاں کرتے ہیں اور مشغول ہوتے ہیں ... آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اور ظاہر ہوتا ہے ان پر آپ کی برکتوں سے ہر طرح کا فضل عام اور تجربہ میں آیا ہے کہ خاصیتوں اس کی سے ... پس رحم کرے اللہ اس شخص پر کہ ٹھہرا لیا شبوں مہینے مبارک ولادت آنحضرت کی عیدیں ... اس شخص کے کہ دل میں اس کے نفاق یا عناد ہو اور البتہ بہت بیان کیا ابن حاج نے مدخل میں ... انکار ... کہ لوگوں نے بدعتوں اور بری خواہشوں سے ... حرام ... اللہ تعالی ... اچھے قصد ... راہ سنت ... کافی ہے ... اچھا

مدارج میں اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ اس شب کو یا اس دن کو ذکر ولادت اور تصدق مال واسطے فقرا اور مساکین کے ہو تو باعث زیادتی ثواب کا ہوگا لیکن اگر کوئی شخص اور کسی دن بھی یا مہینے میں کریگا تو بھی موجب ثواب اور برکت کا ہوگا اگر یہ مجلس خالی ہو منہیات شرعیہ سے اور نیت خالص ہو واسطے نفع پہونچانے فقرا اور مساکین کے اور محبت واسطے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے اور کرنے مولد کو فرض اور واجب نہ جانے اور نہ کرنے والے کو برا نہ جانے اور تعیین روز واقعہ کسی بزرگ کی شرع سے ثابت نہیں مگر علمائے متاخرین اسکے استحسان کے قائل ہیں۔ واللہ اعلم بالصواب والیہ المرجع والمآب نمقہ خادم اولیاء اللہ الصمد علی محمد غفر اللہ الاحد [علی محمد] ما اجاب المولوی علی محمد فہو صحیح و تفصیل فی الکتب المعتبرۃ محبت با رسول و تذکرہ ولادت رسول و دیگر بیان معجزات حال رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم از مستحسنات و منجیات ست و ذکر مستحسنات و معجزات و ولادت رسول و محاربات با کفار بہر ماہے و بہر یومے کہ باشد از مستحسنات ست و خالی از اجر نیست لیس فیہ تعیین وان تعین یوما او شہرا الا علی سبیل الوجوب لا یلام واللہ اعلم حررہ احقر العباد محمد نعیم اللہ عفی عنہ [نعیم اللہ] ما اجاب المولوی علی محمد فہو صحیح ذکر ولادت رسول صلی اللہ علیہ وسلم و بیان معجزات آنحضرت از مستحسنات و منجیات ست آری تعیین یوم علی سبیل الوجوب ثابت نشدہ فقط کتبہ خادم العلماء الکرام حفیظ اللہ غفر اللہ ذنوبہ [حفیظ اللہ] الصواب ما کتبہ العلماء اذ ہن المستحبات والبدعۃ الحسنۃ محمد برہان الحق عفی عنہ۔ رکھنا ناخون انگوٹھوں کو اوپر آنکھوں کے بعد سننے شہادتین کے اذان میں اور کہنا اللھم متعنی بالسمع والبصر مستحب ہے اور معین کرنا ماہ مبارک ربیع الاول کو واسطے مجلس شریف ولادت با سعادت حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے اور روز وصال کو واسطے فاتحہ کے کیونکہ اگر بلا وجوب ہو تو مباح ہے لا باس بہ آور فی نفسہ ذکر میلاد شریف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم و یاد ذکر معراج شریف و دیگر معجزات و محاربات و ذکر وفات شریف اگر بخلوص نیت و وفور محبت ہو تو باعث حسنات و برکات فراوان کا ہے اور اس مجلس شریف میں بشرطیکہ منہیات شرعی اور ممنوعات سے خالی ہو اگر حاکم ہوا البتہ خالی ثواب و حسنات سے نہیں ہے چنانچہ تفصیل اسکی معتبر کتب مولوی علی محمد نے جواب میں لکھی ہے وہ صحیح ہے اور مستفتی کو بس کافی اور وافی ہے واللہ اعلم بالصواب والیہ المرجع والمآب نمقہ عبد الوحید عفا اللہ عنہ فی الواقع استحباب اس کا ثابت ہے لیکن کا التزام ہر تاریخ کے واسطے اس کا صراط الہدیٰ

اندر بعض کتب مین موجود ہی اور انسے بوسہ دینا معلوم نہین ہوتا اور نفس تخصیص یوم مولد شریف
اور فاتحہ دیگہ کے اگرچہ بحث استحسان اسکے کے کتب فقہ مین نہین ہی اما اور کتب معتبرہ مین موجود ہی
کچھ باک اور مضائقہ اس مین نہین ہی اس مقدمہ مین علماے سابقین نے رسائل لکھے ہین کتبہ
ابو البقا محمد عبد الحکیم غفر اللہ الرحیم | ابو البقا محمد عبد الحکیم | جواب مرقوم مولوی علی محمد صحیح ہی فقط کتبہ
ابو الحسن محمد صالح عفا اللہ عنہ حق سبحانہ تعالی جزائے خیر دے فاضل مجد مولوی علی محمد کو کہ جواب خوب
مرغوب القلوب رقم فرمایا حررہ العبد المعتصم بحبل اللہ الصمد الشیخ ابو المسعود فخر الدین احمد المدعو بمحمد اصغر غفر
اللہ الاکبر جواب سوال اول بوسہ لینا اوپر ناخون انگوٹھون کے وقت لینے یا سننے نام با احترام
حضرت امام الانبیا سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے اذان وغیرہ مین آجتک اندر کتب معتبرہ فقہ کے نظر نہین
آیا سوا اسکے کہ صاحب خزانۃ الروایات اس عبارت کو لایا فی مقدمۃ الصلوۃ شعر چون نام نبی
اندر شنود ٭ دو ابہام بر سر دو دیدہ نہد ٭ فی قصص الانبیاء[له] و مونس الابرار ان ادم اشتاق
لقاء محمد حین کان فی الجنۃ فاوحی اللہ تعالی له هو من صلبک ویظهر فی آخر الزمان
فسأل اللہ تعالی لقاءه فاظهر اللہ تعالی وجه محمد فی صفاء ظفری ادم ع مثل المرآة
فانه انظر فی صفاء ظفری ابهامیه ورای وجه محمد فقبل ظفریه ومسح علی عینیه فصار
اصلا لذریته فاخبر جبرئیل ع هذه القصة فقال النبی صلی اللہ علیه وسلم من سمع
اسمی فی الاذان فقبل ظفری ابهامیه ومسح علی عینیه لم یعم ابدا انتهت اور بعض
متاخرین نے حاشیہ ہدایہ مین عبارت اخیرہ کو خزانہ سے نقل کیا اور صاحب تہذیب الصلوۃ نے بھی قصص الانبیا
سے اسی مضمون کو ذکر کیا پس بموجب اس روایت کے بوسہ لینا اوپر ناخون انگوٹھون کے وقت سننے نام
با احترام کے اذان مین حکم استحباب کا رکھتا ہی اور بوسہ لینا وقت لینے نام سید انام کے یا سننے اسکے

له ترجمہ قصص الانبیا اور مونس الابرار مین ہی کہ البتہ آدم ع مشتاق ہوے دیدار محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وقتیکہ تھے جنت مین پس حکم
کیا اللہ تعالی نے تجھے انکو کہ وہ تیری اولاد سے ہی اور ظاہر ہونگا آخر زمانے مین پس طلب کیا آدم ع نے اللہ تعالی سے دیدار آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کا پس ظاہر کیا اللہ تعالی نے نقشہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا بیچ سطح دونون ناخونون آدم ع کے مثل آئینہ کے پھر نظر کی آدم ع نے
سطح ناخونون انگوٹھون اپنے پر اور دیکھا نقشہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا پس چوم لیا دونون ناخونون اپنے کو اور لگایا اوپر آنکھون اپنے کے
پس ہو گیا اصل واسطے اولاد انکی کے پس جب خبر کی جبرئیل ع نے اس قصہ کی پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ سنے نام میرا اذان
مین پس چومے دونون ناخونون اپنا انگوٹھون کے اور لگاوے اپنی دونون آنکھون پر نہوگا اندھا کبھی ۱۲

غیر اذان میں اس روایت سے ثابت نہیں ہوتا اور ایسا ہی رکھنا دونوں انگوٹھوں کا اوپر آنکھوں کے
وقت لینے یا سننے اسم مبارک حضرت سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کے اذان وغیرہ میں حدیثوں تک کتب
معتبرہ میں نظر نہیں آیا سوا اسکے کہ صاحب کنز العباد فی شرح الاوراد نے رکھنے انگوٹھوں کو اوپر آنکھوں
کے بعد استماع شہادتین کے صلوٰۃ المشیخی سے نقل کیا اور کنز العباد سے جامع الرموز نے اسکو نقل
کیا اور یہ کہا واعلم انہ یستحب ان یقال عند سماع الاولی من الشہادۃ صلی اللہ علیک
یا رسول اللہ وعند سماع الثانیۃ منہا قرۃ عینی بک یا رسول اللہ ثم یقال اللہم
متعنی بالسمع والبصر بعد وضع الابہامین علی العینین فانہ صلی اللہ علیہ وسلم یکون
قائدا لہ الی الجنۃ کذا فی کنز العباد انتہی اور صاحب خزانۃ الروایات نے بھی اسکو مثل جامع کے
کنز سے نقل کیا اور بعض متاخرین نے بھی حاشیہ ہدایہ میں اسکو ذکر کیا اور صاحب تہذیب الصلوٰۃ نے بھی
فتاویٰ غرائب سے نقل کیا پس بموجب اس روایت کے رکھنا ناخونوں دونوں انگوٹھوں کا اوپر
دونوں آنکھوں کے بعد سننے نام باحترام حضرت سید الانام علیہ التحیۃ والسلام کے شہادتین اذان میں
حکم استحباب کا رکھتا ہے اور رکھنا انکا وقت لینے نام سرور عالم کے یا سننے اسکے کے غیر اذان میں اس
روایت سے بھی ثبوت کو نہیں پہنچتا ہے جواب سوال ثانی کا تعیین ماہ مفضل ربیع الاول کے
واسطے محفل لطیف مولد شریف کے مانند اصل عمل کے حضرات اصحاب واتباع وتبع تابعین رضوان اللہ
تعالیٰ علیہم اجمعین سے منقول نہیں ہے جیسا کہ قدوۃ المورخین اسوۃ المحدثین فارس مضمار تحریر بلند مقامی
شیخ محمد بن یوسف شامی سبل الہدیٰ والرشاد فی سیرۃ خیر العباد میں شیخ الشیوخ البشر حافظ ابو الفضل احمد
ابن علی بن حجر سے نقل کرکے کہتے ہیں وقال الحافظ اصل عمل المولد بدعۃ لم تنقل عن احد
من السلف الصالح من القرون الثلثۃ انتہی اور پہلے شیخ عمر بن محمد نے کہ صلحائے کرام مشہورین میں سے ہیں ابتدا
سے ایجاد اس محفل کی ماہ ربیع الاول میں بیچ مقام موصل کے کی اور بادشاہ مظفر ابو سعید کوکبری بن
زین الدین علی بن بکتگین والی اربل نے کہ بادشاہ عالی جاہ علوم آگاہ تقوی شعار سخاوت دثار تھے

سلہ ترجمہ اور جان لے یہ بات کہ مستحب ہے کہ کہا جاوے وقت سننے شہادت اولی کے صلی اللہ علیک یا رسول اللہ اور وقت سننے شہادت
دوسری کے قرۃ عینی بک یا رسول اللہ پھر بعد اسکے کہے اللہم متعنی بالسمع والبصر بعد رکھنے دونوں انگوٹھوں کے دونوں آنکھوں پر کیونکہ
حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہوتے ہیں اسکو کھینچنے والے طرف جنت کی سلہ اور کہا حافظ نے اصل مولد کرنا بدعت ہے کہ کسی اگلے لوگوں قرون
ثلاثہ میں سے منقول نہیں

تقربا الی اللہ الکریم اقتدا اُس شیخ عظیم کی کی اور با احتشام و اہتمام تمام و انعام و اکرام مالا کلام کی یہ محفل اجلال
بیچ ماہ ربیع الاول کے ہر سال کرتے رہے جیسا کہ سبل الہدی مین کتاب الباعث فی انکار البدع و
الحوادث اور مرآۃ الزمان سے نقل کر کے مذکور ہی اور علماے عظام اور صلحاے کرام اُس ہنگام کے اس محفل
با احترام مین پاس اُس بادشاہ نامدار کے بے اکراہ و انکار کے حاضر ہوتے رہے اور پسند کر کے برقرار
رکھتے گئے اور فاضل کامل متقن احادیث نبی عربی شیخ ابو الخطاب عمر بن دحیہ کلبی نے کتاب التنویر
فی مولد البشیر النذیر واسطے اُسکے تالیف کی سبل الہدی مین فتاوے شیخ العلماء و المحدثین الاعلام
حافظ ابو الفضل عبد الرحمن جلال الدین و الاسلام سیوطی سے منقول ہی قال انما احدثه ملک
عادل عالم وقصد به التقرب الی اللہ تعالی وحضر عنده فیه العلماء والصلحاء من
غیر نکیر منهم وارتضاه ابن دحیه وصنف له من اجله کتابا فهؤلاء علماء متدینون
رضوه واقروه ولم ینکروه انتهی اور بعد اُسکے جمیع اقطار و بلاد کبار مین اہل اسلام ہمیشہ شہر مولد
خیر الانام علیه التحیة والسلام مین محفل برکت منزل بہ تمام اہتمام و احتشام کرتے چلے آئے اور ائمہ اعلام اور
علماے اعلام نے بشرط خالی ہونے کے محرمات اور مکروہات شرعیہ سے اور خلوص نیت اور رضا جوئی
حضرت خاتم الانبیا خیر البریہ علیه وعلی آله الثناء والتحیه کے اسکے استحسان و استحباب کو اختیار کیا اور بانیان
اس محفل رحمت منزل کو ثواب کہا اور اُسکی غایت تعریف اور نہایت توصیف کی اور بعضے علما نے حق مین اس
محفل کرنے والون کے بشارتین طرح طرح کی اور تاکیدین ترک کرنے اس محفل با احترام کی ممانعت سے
بعضے علما اُس ہنگام کے کہ عالم شام مین جانب جناب سید الانام علیه وعلی آله الکرام الف الف تحیة و سلام سے
ظہور مین آٹھ تھین مذکور کین چنانچہ بتصریح تام و تشریح تمام سبل الہدی مین موجود ہی نقل جمیع عبارات اسکی
موجب تطویل ہی لہذا بطور اختصار کے ذکر کی جاتی ہی قال وقد اثنی علیه الائمة منهم الحافظ ابو شامة
شیخ النووی فی کتابه الباعث علی انکار البدع والحوادث وقال مثل هذا الحسن یندب الیه
ویشکر فاعله ویثنی علیه قال ابن الجزری لو لم یکن فی ذلک الا ارغام الشیطان

سلہ ترجمہ کہا انما اُسکو بادشاہ عادل عالم نے اور قصد اُسکا تقرب الی اللہ تھا اور اُس مجلس مین علما اور صلحا حاضر تھے بے انکار اور ابن دحیہ راضی ہوا
اس پر اور واسطے اُسکے کتاب تصنیف کی پس وہ علما دیندار راضی ہوئے اور ثابت رکھا اسکو اور کسی نے انکار نہین کیا اور تعریف کی
اسکی بہت ائمہ نے کہ اُنمین سے حافظ ابوشامہ شیخ نووی نے اپنی کتاب باعث علی انکار البدع و الحوادث مین کہا ہی کہ مثل اس عمل کا بیشک نیک ہے
اور مستحسن کیا جاتا ہے اور شکر کیا جاتا ہے کرنے والا اُسکا اور تعریف کی جاتی ہے کہا ابن جزری نے اگر نہ ہو اس مین مگر [illegible] شیطانون کی

وإرغام أهل الإيمان وقال العلامة ابن طغربك في الدر المنتظم وقد عمل المحبون للنبي صلى الله
عليه وسلم فرحا بمولده الولائم فمن ذلك ما عمله بالقاهرة المعزية من الولائم الكبار الشيخ
أبو الحسن المعروف بابن قفل قدس الله سره شيخ شيخنا أبي عبد الله محمد بن النعمان وعمل
ذلك قبله جمال الدين العجمي الهمداني وممن عمل ذلك على قدر وسعه يوسف الحجار بمصر وقد
رأى النبي صلى الله عليه وسلم وهو يحرض يوسف المذكور على عمل ذلك قال سمعت ذلك من يوسف
بن علي بن زريق الشامي الأصل المصري المولد الحجار بمصر في منزله بها حيث يعمل مولد رسول الله
صلى الله عليه وسلم يقول رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم في المنام منذ عشرين سنة وكان
لي أخ في الله تعالى يقال له الشيخ أبو بكر الحجار فرأيت كأنني وأبا بكر هذا بين يدي النبي
صلى الله عليه وسلم جالسان فأمسك أبو بكر لحية نفسه وفرقها نصفين وذكر للنبي صلى الله عليه وسلم
كلاما لم أفهمه فقال النبي صلى الله عليه وسلم مجيبا له لولا هذا لكانت هذه في النار ودار إلي
وقال لأضربنك وكان بيده قضيب فقلت لأي شيء يا رسول الله فقال حتى لا تبطل المولد
ولا السنن قال يوسف فعملته منذ عشرين سنة إلى الآن قال وسمعت يوسف المذكور يقول
سمعت أخي أبا بكر الحجار يقول سمعت الشيخ أبا يوسف موسى الزرهوني يقول رأيت النبي صلى الله
عليه وسلم في النوم فذكرت له ما يقوله الفقهاء في عمل الولائم في المولد فقال صلى الله عليه وسلم من فرح بنا

له ترجمہ اور ارغام اہل ایمان کا اور کہا علامہ ابن طغربک نے درمنظم میں تحقیق کہ حضرت کی محبت والوں نے بسبب خوشی پیدائش حضرت کے دعوتیں
کی کہ بعض ان میں سے شیخ ابو الحسن معروف با ابن قفل قدس اللہ سرہ نے کیا اسکو قاہرہ مشہور میں دعوت بڑی کہ وہ ہمارے شیخ کے شیخ ابی عبد اللہ محمد
بن النعمان کے شیخ تھے اور جمال الدین عجمی ہمدانی نے اسکو کیا اس سے پہلے زمانے میں اور یوسف حجار نے بقدر وسعت اپنی کے اسے کیا مصر میں
اور دیکھا یوسف نے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم تحریص کرتے تھے یوسف کو اس کرنے پر کہا سنا میں نے اسکو یوسف ابن علی ابن زریق سے کہ شامی اسکی
اصل تھی اور حجار ولادت اسکی مصر تھی کہ کرتا تھا مولد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنے مکان میں اور کہتا تھا کہ بیس برس ہوئے کہ میں نے
حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ میں اور میرا بھائی شیخ ابو بکر حجار گویا سامنے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بیٹھے ہیں پھر ابو بکر نے اپنی
داڑھی کو پکڑ کے نصف نصف جدا کیا اور کچھ کلام حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسا کیا کہ میں نہ سمجھا اور فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب
میں اگر یہ نہ ہوتا تو ہر آئینہ ہوتا یہ آگ میں اور پھیرے گرد میرے اور فرمایا ہر آئینہ ماروں گا میں تجھکو حالانکہ تھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
کے ہاتھ میں چھڑی کہا میں نے کس واسطے یا رسول اللہ پھر فرمایا کہ نہ چھوڑے تو مولد کو اور نہ سنتوں کو کہا یوسف نے پس کیا ہے میں نے
اسکو بیس برس سے اب تک کہا اور سنا میں نے یوسف مذکور سے کہ کہتے تھے سنا میں نے اپنے بھائی ابی بکر حجار سے کہ کہتے تھے سنا میں نے
شیخ ابی یوسف موسی زرہونی سے کہ کہتے تھے دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں پس ذکر کیا میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے جو کہ کہتے
ہیں فقہا مولد کی دعوتیں کرنے میں پس فرمایا صلے اللہ علیہ وسلم نے جس نے ہماری خوشی کی ۱۲

فرحنا به وسمعت منصور النشار يقول رأيت النبي صلى الله عليه وسلم في المنام يقول لي
قل له لا يبطله يعني المولد ما عليك ممن اكل و ممن لم يأكل قال وسمعت شيخنا
ابا عبد الله بن محمد النعمان يقول سمعت الشيخ ابا موسى الزرهوني يقول رأيت النبي
صلى الله عليه وسلم في النوم فذكرت له ما يقول الفقهاء في عمل الولائم في المولد فقال
النبي صلى الله عليه وسلم من فرح بنا فرحنا به وقال الشيخ العلامة ناصر الدين المبارك
الشهير بابن الطباخ في فتاوى بخطه اذا انفق المنفق تلك الليلة وجمع جمعا اطعمهم
واسمعهم ما يجوز سماعه ودفع للسمع المشوق للآخرة ملبوسا كل ذلك سرورا بمولده
صلى الله عليه وسلم فجميع ذلك جائز ويثاب فاعله اذا احسن القصد قال الشيخ الامام
جمال الدين عبد الرحمن بن عبد الملك المعروف بالمخلص الكيلاني رحمه الله تعالى
مولد رسول الله صلى الله عليه وسلم مبجل مكرم قدس يوم ولادته وشرف وعظم
وكان وجوده مبدء سبب النجاة لمن اتبعه وتقليل حظ جهنم ممن اعد لها لفرحه
بولادته صلى الله عليه وسلم وتمت بركاته على من اهتدى به فشابه هذا اليوم يوم
الجمعة من حيث ان يوم الجمعة لا تسعر فيه جهنم هكذا ورد عنه صلى الله عليه وسلم
فمن المناسب اظهار السرور وانفاق الميسور واجابة من دعاه رب الوليمة للحضور

لہ ترجمہ ہم اس سے خوش ہوں اور سنا میں نے منصور نشار سے کہ کہتے تھے دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں کہ فرماتے ہیں مجھکو کہ تو کہہ دے اس سے کہ نہ چھوڑے یہ مولد کو تجھ کو کام نہیں ہے کہ جو اس شخص سے کہ کھاوے اور اس شخص سے کہ نہ کھاوے کہا اور سنا میں نے ابو عبد اللہ ابن ابی محمد نعمان سے کہ کہتے تھے سنا میں نے شیخ ابی موسی زرہونی سے کہ کہتے تھے دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں پس ذکر کیا میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے جو کہ کہتے ہیں فقہا مولد کی دعوت کرنے میں پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جس نے خوشی کی ہمارے ہم خوش ہوتے اس سے اور کہا علامہ شیخ ناصر الدین مبارک معروف با بن طباخ نے اپنے ہاتھ کے لکھے ہوئے فتوے میں جب خرچ کرے خرچ کرنے والا اس شب میں اور لوگوں کو جمع کر کے کھانا کھلاوے اور سناوے انکو ایسی چیز کہ سننا اسکا درست ہے اور لباس دیوے آخرت کے شوق والے کی چیز [illegible] کو یہ سب کرے واسطے ولادت شریف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پس یہ سب درست ہے اور ثواب پاتا ہے کرنیوالا جبکہ اچھی نیت سے کرے کہا شیخ امام جمال الدین عبد الرحمن ابن عبد الملک معروف بمخلص کیلانی رحمۃ اللہ علیہ نے مولد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بزرگ با اکرام مقدس ہے روز ولادت آنحضرت کا باشرف و عظمت اور ہو پیدائش آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نشا سبب نجات آپکے تابعداروں کے حق میں اور کمی کا دوزخ [illegible] اس شخص سے کہ مقرر کیا اس نے اس شب کو واسطے خوشی ولادت باسعادت صلی اللہ علیہ وسلم کے اور پھیلی ہیں برکتیں اوپر ان لوگوں کے [illegible] اور مجلس شریف کی [illegible] یوم جمعہ سے اس راہ سے کہ تحقیق یوم جمعہ کو نہیں جوش مارتی ہے دوزخ [illegible]
[illegible]

وقال الامام العلامۃ ظہیر الدین بن جعفر التزمنتی رحمہ اللہ تعالیٰ ہذا الفعل لم یقع فی الصدر الاول من السلف الصالح مع تعظیمہم وحبہم لہ اعظاما ومحبۃ لا تبلغ جمعنا الواحد منہم ولا ذرۃ منہ وہی بدعۃ حسنۃ ان قصد فاعلہا جمع الصالحین والصلوٰۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم واطعام الطعام للفقراء والمساکین وہذا القدر یثاب علیہ بہذا الشرط فی کل وقت وقال الشیخ ناصر الدین ایضا فہذا الاجتماع حسن یثاب قاصد ذلک وفاعلہ علیہ اجتماع الصلحاء فقط لیاکلوا ذلک الطعام ویذکر اللہ تعالیٰ ویصلوا علی رسولہ صلی اللہ علیہ وسلم یضاعف القربات والمثوبات وقال الشیخ الامام صدر الدین موہوب بن عمر بن الجزری الشافعی ہذہ بدعۃ لا باس بہا ولا تکرہ بالبدع الا اذا راغمت السنۃ واما اذا لم تراغمہا فلا تکرہ ویثاب الانسان بحسب قصدہ فی اظہار السرور والفرح بمولد النبی صلی اللہ علیہ وسلم وقال فی موضع اٰخر ہذہ بدعۃ ولکنہا بدعۃ لا باس بہا وقال الحافظ و لکنہا مع ذلک قد اشتملت علی محاسن وضدہا فمن تحری فی عملہا المحاسن وتجنب ضدہا کان بدعۃ حسنۃ ومن لا فلا قال وقد ظہر لی تخریجہا علی اصل ثابت وہو ما ثبت فی الصحیحین من ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قدم المدینۃ فوجد الیہود یصومون

ترجمہ: اور کہا امام علامہ ظہیر الدین بن جعفر تزمنتی رحمہ اللہ تعالیٰ نے یہ کام نہیں ہوا صدر اول میں سلف صالح سے باوجود تعظیم اور محبت انکی کے نسبت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے نہیں پہنچتا ہرگز وہ ہمارا کسی ایک کے رتبہ کو اور اس سے کم کو اور یہ بدعت حسنہ ہے اگر قصد کرے کرنیوالا اسکا جمع کرنا نیکوں کا اور درود شریف نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا اور کھانا کھلانا فقیروں مسکینوں کا اور اتنی بات پر ثواب ملتا ہے ہر وقت میں اور کہا شیخ ناصر الدین نے بھی یہ اجتماع بہتر ہے ثواب پاتا ہے کرنیوالا اسکا نیک نیت سے اور جمع ہونا صالحین کا واسطے کھانا کھانے اس کے اور ذکر اللہ کے اور درود پڑھنے اوپر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بڑھاتا ہے نیکیوں اور ثواب کو اور کہا شیخ امام صدر الدین موہوب بن عمر جزری شافعی نے یہ بدعت ہے کہ برائی نہیں اسمیں اور نہیں کراہت ہوتی بدعت میں جب تک نہ مخالفت کرے سنت اور جس جگہ مخالفت سنت کی پس نہیں مکروہ ہے اور ثواب پاتا ہے انسان موافق اپنے قصد کے اظہار سرور و خوشی میں ولادت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اور کہا شیخ موہوب نے دوسری جگہ یہ بدعت ہے لیکن ایسی بدعت ہے کہ نہیں قباحت اس میں اور کہا حافظ نے اور لیکن وہ ساتھ بدعت ہونے کے شامل ہے بھلائیوں پر اور اسکے خلاف پر جو شخص اختیار کرے اسکے کرنے میں بھلائیوں کو اور پرہیز کرے خلاف سے ہوگا بدعت حسنہ اور اگر نہیں پس نہیں کہا حافظ نے اور تحقیق ظاہر ہوا واسطے میرے کالنا اسکا اوپر اصل ثابت کے اور وہ چیز ہے کہ ثابت ہوئی ہے صحیحین بخاری مسلم میں یہ کہ تحقیق حضرت صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے مدینہ میں پس پایا یہود کو کہ روزہ رکھتے تھے

یوم عاشوراء فسألهم فقالوا هذا یوم اغرق الله فیه فرعون ونجا موسی فنحن
نصومه شکراً لله تعالی فقال انا احق بموسی منکم فصامه وامر بصیامه فیستفاد
منه فعل ذلك شکراً لله تعالی علی ما من به فی یوم معین من اسداء نعمة
او دفع نقمة ویعاد ذلك فی نظیر ذلك الیوم من کل سنة والشکر
لله تعالی یحصل بانواع العبادات والسجود والصیام والصدقة و
التلاوة وای نعمة اعظم من النعمة ببروز هذا النبی الکریم نبی الرحمة
فی ذلك الیوم وقال شیخنا رحمه الله تعالی فی فتاواه عندی ان اصل عمل
المولد الذی هو اجتماع الناس وقراءة ما تیسر من القران وروایة الاخبار
الواردة فی مبدء امر النبی صلی الله علیه وسلم وما وقع فی مولده من
الآیات ثم یمد لهم سماط یاکلونه وینصرفون من غیر زیادة علی ذلك
من البدع الحسنة التی یثاب علیها صاحبها لما فیه من تعظیم قدر النبی
صلی الله علیه وسلم واظهار الفرح والاستبشار بمولده الشریف قال وقد ظهر لی
تخریجه علی اصل آخر غیر الذی ذکره الحافظ وهو ما رواه البیهقی عن انس

له ترجمہ دن عاشورا کے پس پوچھا اُن سے پس کہا یہود نے اس دن میں غرق کیا اللہ نے فرعون کو اور نجات دی موسیٰ عم
کو پس ہم روزہ رکھتے ہیں اُسکا واسطے شکر اللہ تعالیٰ کے پس فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے میں احق ہوں ساتھ موسیٰ
کی تم سے پھر روزہ رکھا اس دن اور حکم کیا اس دن کے روزہ کا پس حاصل ہوا اُس سے کرنا اُسکا واسطے شکر اللہ کے
واسطے احسان کے روز معین میں ایجاد کرنے نعمت و دفع کرنے رنج کے اور عود کرتا ہے یہ ویسے دن میں ہر سال اور شکر
اللہ تعالیٰ کا حاصل ہوتا ہے ساتھ انواع عبادتوں اور سجدوں اور روزوں اور صدقوں اور تلاوت کے اور کونسی نعمت بڑی
نعمت ہے ظاہر ہونے سے اُس نبی کریم نبی رحمت سے بیچ اُس دن کے اور کہا شیخ ہمارے یعنی جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے
اپنے فتاوے میں کہ میرے پاس موجود یہی تحقیق اصل عمل مولد کی کہ وہ عبارت ہے جمع ہونے لوگوں سے اور پڑھنے اُس چیز سے
کہ ہوسکے قرآن سے اور بیان کرنے اخبار واردہ سے بیچ ابتداے امر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اور جو کہ واقع ہوا ہے وقت پیدایش
آنحضرت کے آیات خصائص سے پھر بچھایا جاوے دسترخوان کہ کھانا کھاویں لوگ بے زیادتی کئے اُسپر بدعتوں حسنہ سے ہے کہ ثواب پاتا ہے اُسپر
کرنیوالا اُسکا اسواسطے کہ اُسمیں تعظیم ہے قدر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اور اظہار فرح اور خوشی کا ساتھ ولادت شریف کے ہے کہا شیخ نے اور تحقیق ظاہر ہوا
واسطے میرے نکالنا اُسکا اوپر اصل دوسری کے سوا اُسکے کہ ذکر کیا اُسکو حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے وہی وہ چیز ہے کہ روایت کیا اُس کو
بیہقی نے انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ۱۲

[1]ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم عق عن نفسہ بعد النبوۃ مع انہ ورد ان جدہ عبد المطلب عق عنہ فی سابع ولادتہ والعقیقۃ لا تعاد مرۃ ثانیۃ فیحمل ذلک علی ان ھذا فعلہ صلی اللہ علیہ وسلم اظہارا للشکر علی ایجاد اللہ تعالی ایاہ رحمۃ للعالمین وتشریفا لامتہ صلی اللہ علیہ وسلم کما کان یصلی علی نفسہ کذلک فیستحب لنا ایضا اظہار الشکر بمولدہ واطعام الطعام ونحو ذلک من وجوہ القربات والمسرات ؕ وقال فی شرح سنن ابن ماجۃ الصواب انہ من البدع الحسنۃ المندوبۃ اذا خلا عن المنکرات شرعا انتھی ہاں شیخ تاج الدین فاکہانی مالکی نے مطابقت شیخ ابو عمرو بن العلاء رحمہما اللہ تعالی کے عمل لطیف محفل شریف کو بدعت مذمومہ قرار دیا اور اپنے رسالہ میں کہا فقد تکرر سوال جماعۃ من المبارکین عن الاجتماع الذی یعملہ بعض الناس فی شہر ربیع الاول ویسمونہ المولد ھل لہ اصل فی الشرع او ھو بدعۃ حدث فی الدین فقلت لا اعلم لھذا المولد اصلا فی کتاب ولا سنۃ ولا ینقل عملہ عن احد من علماء ائمۃ الدین بل ھو بدعۃ احدثھا البطالون بدلیل انا اذا ادرنا علیھا الاحکام الخمسۃ قلنا اما ان یکون واجبا او مندوبا او مباحا او مکروھا او محرما ولیس بواجب اجماعا ولا مندوبا لان حقیقۃ المندوب ما طلبہ الشرع من غیر ذم علی ترکہ

[1] ترجمہ کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عقیقہ کیا اپنا بعد نبوت کے باوجودیکہ تحقیق وارد ہو چکا ہے کہ آپکے دادا عبد المطلب نے عقیقہ کیا تھا آپکا ساتویں دن پیدائش کے حالانکہ عقیقہ دوبارہ نہیں کیا جاتا ہے پس محمول ہوگا یہ اس بات پر کہ کرنا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا واسطے شکر ایجاد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے رحمت تمام عالم کے ہے اور واسطے مشرف کرنے امت اپنی کے ہے جیسا کہ تھے صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اوپر درود پڑھتے اسیواسطے پس مستحب ہے ہمکو بھی ظاہر کرنا شکر کا واسطے پیدائش آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اور کھانا کھلانا اور ایسی باتیں اچھے طریقوں اور خوشیوں سے اور کہا شرح سنن ابن ماجہ میں صواب یہ ہے کہ تحقیق وہی مولد شریف بدعت حسنہ مستحب ہے جبکہ خالی ہو برائیوں شرعی سے انتہی ۱۲ اسکا ترجمہ پس تحقیق ار بار ہوا سوال ایک جماعت برکت والوں کا اُس اجتماع سے کہ کرتے ہیں اُسکو بعضے لوگ مہینے ربیع الاول میں اور نام رکھتے ہیں اُسکا مولد کیا اسکی کچھ اصل ہے شرع میں یا وہ بدعت ہے کہ حادث ہوئی ہے دین میں پس کہا میں نے کہ نہیں جانتا ہوں میں واسطے اس مولد کے کوئی اصل کتاب میں اور نہ سنت میں اور نقل نہیں ہوا کرنا اسکا کسی ایک علماء ائمہ دین سے بلکہ وہ بدعت ہے کہ نکالا اسکو نکموں نے بدلیل اس بات کے تحقیق کہ ہم تولتے ہیں اسپر احکام پانچ کو تو کہا ہمنے یا یہ کہ ہووے واجب یا مندوب یا مکروہ یا مباح یا حرام اور نہیں واجب ہے اجماعا اور نہ مندوب ہے اسواسطے کہ تحقیق حقیقت مستحب کی وہ ہے کہ چاہا ہے اسکو شرع نے بسلسلہ مذمت کے اُس کے ترک پر ۱۲

وهذا لم يأذن فيه الشرع ولا فعله الصحابة والتابعون المتدينون فيما
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فی النوم فذکرت لہ ما یقولہ الفقہاء فی عمل الولائم فی
المولد فقال صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم من فرح بنا فرحنا بہ سمعت منصور نشار
یقول رأیت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فی المنام یقول لی قل لہ لا یبطلہ یعنی
المولد ما علیک ممن اکل وممن لم یاکل قال وسمعت شیخنا ابی عبد اللہ بن ابی محمد النعمان
یقول سمعت الشیخ ابو موسی الذاھونی یقول رأیت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
فی النوم فذکرت لہ ما یقولہ الفقہاء فی عمل الولائم فی المولد فقال النبی صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم من فرح بنا فرحنا بہ وقال الشیخ العلامۃ ناصر الدین المبارک الشہیر
بابن الطباخ فی فتوی بخطہ اذا انفق المنفق تلک اللیلۃ وجمع جمعا اطعمہم واسمعہم
ما یجوز سماعہ ودفع للسمع المشوق للآخرۃ ملبوسا کل ذلک سرورا بمولدہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
فجمیع ذلک جائز ویثاب فاعلہ اذا احسن القصد ولا یختص ذلک بالفقراء دون الاغنیاء الا
ان یقصد مواساۃ الاحوج فالفقراء اکثر ثوابا نعم ان کان الاجتماع کما بلغنا عن فقراء ھذا
الزمان من اکل الحشیش واجتماع المردان وانشاد القوال ان کان ملیحۃ وانشاد المشوقات للشہوات
الدنیویۃ وغیر ذلک من المحرمات والعیاذ باللہ فہذا المجمع آثام اور کہا علامہ بن ظفر بن نے

دنظم مین کہ تحقیق کرتے ہین محبین نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ازراہ خوشی ولادت کے دعوتین اُنھی سے ہی جوکہ کیا شہر قاہرہ مین دعوتون بزرگ سے شیخ ابوالحسن بن قفل قدس اللہ سرہ نے کہ اُستاد ابوعبداللہ محمد بن نعمان ہمارے اُستاد کے تھے علم حدیث مین اور قبل اُنکے کیا جمال الدین عجمی ہمدانی نے اور کیا اُسکو جب وسعت اپنی کے یوسف حجار نے مصر مین اور خواب مین دیکھا یوسف حجار نے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کہ تحریص کرتے ہین یوسف مذکور کو اُسکے کرنے پر کہا ابن طغربل نے کہ سنا مین نے یوسف بن علی بن رزیق شامی الاصل مصری الولادت حجار سے جس نے مقرر کیا اپنے گھر مین محفل مولد شریف کو جب کیا کرتا مولد شریف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا کہتا ہے وہی کہ دیکھا مین نے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب مین بیس برس کا زمانہ ہوا اور ایک بھائی میرا تھا اللہ کی راہ مین کہ کہلاتا تھا ابوبکر حجار پس دیکھا مین نے کہ مین اور وہ دونون رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے بیٹھے ہین پس جھاڑا ابوبکر نے اپنی داڑھی کو اور بیچ سے چیر ڈالا اور عرض کیا خدمت شریف نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مین ایک ایسا کلام کہ مین نہین بوجھا پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُس کے جواب مین اگر نہ ہوتا یہ تو ہوتا یہ دوزخ مین اور فرمایا کہ مارونگا مین تجھکو درحالیکہ دست مبارک مین چھڑی تھی پس عرض کیا مین نے کسواسطے یارسول اللہ فرمایا تاکہ موقوف نکرے تو مولد کو اور نہ سنتون کو کہا یوسف نے پس کرتا رہا مین اُسکو بیس برس سے اب تک کہا ابن طغربل نے اور سنا مین نے یوسف مذکور سے کہ کہتے تھے سنا مین نے اپنے بھائی ابی بکر حجار سے کہ کہتے تھے سنا مین نے شیخ ابو یوسف موسی زرہونی سے کہ کہتے تھے دیکھا مین نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب مین پس ذکر کیا مین نے خدمت شریف مین جوکہ فقہا کہتے ہین حق مین دعوتون مولد شریف کے پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے من فرح بنا فرحنا بہ جس نے خوشی کی ہمارے پیدا ہونیکی خوش ہوے ہم اُس سے سنا مین نے منصور نشار سے کہ کہتے تھے دیکھا مین نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب مین کہ فرماتے ہین مجھکو کہدے اُسکو یعنے یوسف کو کہ نہ موقوف کرے مولود کو کچھ غرض نہین تجھکو کہ کھاوے کوئی یا نہ کھاوے کہا ابن طغربل نے اور سنا مین نے شیخ اپنے ابی عبداللہ ابن ابی محمد نعمان سے کہ کہتے تھے سنا مین نے ابی موسی زرہونی

سے کہ کہتے تھے کہ دیکھا مین نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب مین پس ذکر کیا مین نے جیسا کہ روایت ہی ابی بکر حجار سے اور کہا علامہ شیخ ناصر الدین مبارک بن طباخ نے اپنے ہاتھ کے لکھے ہوے فتوے مین جب خرچ کرے خرچ کرنے والا اس شب ولادت مین اور جمع کرے جماعت کو کھانا کھلاوے اُنکے تئین اور سناوے اُنکو ایسی چیز کہ سننا اُسکا درست ہی احوال اور مدائح آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اور واقع ہو واسطے سننے والے کے شوق آخرت کا اسکے لگاؤ مین بجہت سرور بیدایش آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پس یہ سب جائز ہی ثواب پاوے گا کرنے والا اسکا جب کہ قصد اچھا ہو گا اور خاص نکرے اسکے ساتھ فقیرون کو سوا غنیون کے یعنی فقیر اور غنی سب کی دعوت کرے مگر یہ کہ قصد کرے رعایت اور سلوک ساتھ فقیرون کے اسلیے کہ فقرا کے دینے مین ثواب زیادہ ہی ہان اگر ہو اجتماع جیسا کہ سنا جاتا ہی اس زمانے کے فقرا کا حال بھنگ خواری اور جمع کرنا امردون کا اور بٹھلانا قوالون کا اگر ہے راگ اور گانا شہوات دنیا کی جوش دلانے والی چیزونکا اور جو سوا اسکے برائیان ہون اللہ کی پناہ اُس سے پس ایسا اجتماع البتہ گناہ ہی قال الشیخ الامام جمال الدین عبد الرحمن بن عبد الملک المعروف و المتخلص بالکستلانی رحمۃ اللہ علیہ مولد رسول اللہ صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم معجل مکرم قدس یوم ولادتہ وشرف وعظم وکان وجودہ مبدء سببا لنجاۃ من الغم وتقلیل حط جھنم ممن اعدلھا تفرحہ بولادۃ صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم وتمت برکاتہ علی من اھتدی بہ فشابہ ھذا الیوم یوم الجمعۃ من حیث ان یوم الجمعۃ لاتسعر فیہ جھنم ھکذا ورد عنہ صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم فمن المناسب اظہار السرور وانفاق المیسور واجابۃ من دعاہ رب الولیمۃ للحضور کہا جمال الدین عبد الرحمن بن عبد الملک معروف و متخلص بکستلانی رحمۃ اللہ علیہ نے مولد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مبارک اور بزرگ ہی مقدس ہی روز ولادت آنحضرت کا اور بزرگ عظیم الشان ہی وجود آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا منشا سبب نجات بنی آدم کا اور کمی عذاب جہنم کا اُس شخص سے کہ مقرر کیا اور مستعد ہوا بجہت خوشی ولادت شریف کے اور پوری پہونچتی ہین برکتین اُسکو جس نے کہ راہ پائی اور اختیار کیا اُسکو پس متشابہ ہوا یہ روز دن جمعہ کو اس جہت سے کہ روز

جمعہ کو جوش نہین مارتی ہی جہنم ایسا ہی مروی ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پس مناسب ہی ظاہر کرنا سرور کا اور خرچ کرنا حسب مقدور اور جسکی دعوت ہو مجلس مولد شریف مین بدل قبول کرنا اور حاضر ہونا مناسب بلکہ لازم ہی وقال الامام العلامۃ ظهیر الدین جعفر الترسینی رحمہ اللہ تعالی هذا الفعل لم یقع فی الصدر الاول من السلف الصالح مع تعظیمهم وحبهم له اعظاما ومحبۃ لاتبلغ جمعنا الواحد منهم ولا ذرۃ منه وهی بدعۃ حسنۃ ان قصد فاعلها جمع الصالحین والصلوۃ علی النبی صلی اللہ علیه وآله وسلم واطعام الطعام للفقراء والمساکین وهذا القدر یثاب علیه بهذا الشرط فی کل وقت واما جمع الرعاع وعمل السماع والرقص وخلع الثیاب علی القوال بامردیته وحسن صورته فلا یندب بل یقارب ان یذم ولا خیر فیما لم یعمله السلف الصالح فقد قال علیه الصلوۃ والسلام لا یصلح آخر هذه الامۃ الا ما اصلح اولها اور کہا امام علامہ ظہیر الدین جعفر ترسینی رحمہ اللہ نے یہ کام نہین ہوا صدر اول مین سلف صالح سے باوجود تعظیم اور محبت اُنکی کو نہین پہونچتی جماعت ہماری اُنکے ایک ذرہ کو وہ بدعت حسنہ ہی اگر قصد کرے کرنے والا اُسکا جمع کرنا صالحین کا اور درود پڑھنا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور کھانا کھلانا فقرا و مساکین کا اس قدر مین ثواب ہی اس شرط پر ہر وقت مین لیکن جمع کرنا لچون کا اور مجلس کرنا راگ اور ناچ کی اور خلعت دینا قوالون کا امردینے اور خوبصورتی کے واسطے پس اچھا نہین بلکہ قریب مذمت کے ہی اور اچھی نہین وہ چیز کہ نکیا ہو اُسکو اگلے نیک لوگون نے اسواسطے کہ فرمایا آنحضرت علیہ الصلوۃ والسلام نے اچھا نہین کر سکتی پچھلے اس امت کی سوا اُس چیز کے کہ اچھا کیا ہو اُسکو اگلون نے وقال الشیخ ناصر الدین الطیالسی هذا اوتخذ السماع الخالی عن اجتماع المردان وانشاد ما نیرّ نار الشهوۃ من العشقیات والمشوقات للشهوات الدنیویۃ کالقد والخد والعین والحاجب وانشاد ما یشوق الی الآخرۃ ویزهد فی الدنیا فهذا الاجتماع حسن یثاب قاصد ذلك وفاعله علیه الا ان سوال الناس ما فی ایدیهم بذلك فقط بدون ضرورۃ وحاجۃ سوال مکروہ واجتماع الصلحاء فقط لیاکلوا ذلك الطعام ویذکرون اللہ تعالی ویصلون علی رسوله صلی اللہ علیه وآله وسلم یضاعف بالقربات والمثوبات اور کہا شیخ ناصر الدین طیالسی نے

نے ایسا ہی ہے اور مقرر کرنا ایسے سماع کا کہ خالی ہووے جمع ہونے امردون سے اور خالی ہووے
پڑھنے ایسی چیز سے کہ جوش ہووے آتش شہوت کو عشقیات شہوتون دنیاوی سے اور پڑھنا
اُس چیز کا کہ شوق دلاوے آخرت کا اور نفرت پیدا کرے دنیا سے پس یہ اجتماع بہتر ہے ثواب پاتا ہے
قصد کرنے والا اسکا اور کرنے والا اسکا مگر یہ مانگنا لوگون سے اُنکے ملک اسواسطے کہ بے ضرورت
اور حاجت کے سوال مکروہ ہے اور جمع ہونا اچھے لوگون کا واسطے کھانا کھانے کے اور ذکر خدا
و رسول کے اور درود بھیجنے کے اوپر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بڑھاتا ہے نیکیون اور
اجرون کو وقال الامام الحافظ ابو محمد عبد الرحمن بن اسماعیل المعروف بابی شامة فی
کتابه الباعث على انكار البدع والحوادث قال الربيع قال الشافعى رحمة الله تعالى عليه المحدثات
من الامور ضربان احدهما ما احدث مما يخالف كتابا او سنة او اثرا او اجماعا فهذه البدعة
الضلالة والثانى ما احدث من الخير لا خلاف فيه لواحد من هذا فهى محدثة لم يكن و
اذا كانت فليس لها رد لما مضى قلت وانما كان كذلك لان النبى صلى الله عليه وآله وسلم
حث على قيام شهر رمضان وفعله هو صلى الله عليه وآله وسلم واقتدى به فيه بعض
الصحابة ليلة اخرى ثم ترك النبى صلى الله عليه وآله وسلم فعلها بالمسجد جماعة
لما فيه من احياء هذا الشعار الذى امر به الشارع وفعله والحث عليه والترغيب فيه
والله تعالى اعلم فالبدعة الحسنة متفق على جواز فعلها والاستحباب لها ورجاء
الثواب لمن حسنت نيته منها وهى كل مبتدع موافق بقواعد الشرعية غير مخالف لشئ
منها ولا يلزم من فعله محذور شرعى وذلك نحو بناء المنابر والربط والمدارس و
خانات السبيل وغير ذلك من انواع البر التى لم يعهد فى الصدر الاول فانه موافق
لما جاءت به السنة من اصطناع المعروف والمعاونة على البر والصدقة والتقوى
ومن احسن ما ابتدع فى زماننا هذا من هذا الفعل ما كان يفعل بمدينة اربل جبرها
الله تعالى كل عام فى اليوم مولد النبى صلى الله عليه وآله وسلم من الصدقات
والمعروف واظهار الزينة والسرور فان ذلك مع ما فيه من الاحسان الى الفقراء
مشعر بمحبة النبى صلى الله عليه وآله وسلم وتعظيمه وجلالته فى قلب فاعله وشكر الله تعالى على

ما من به من ایجاد رسوله صلی الله علیه وآله وسلم الذی ارسل رحمة للعالمین
صلی الله علیه وآله وسلم وعلی جمیع الانبیاء والمرسلین وکان اول من فعل ذلك بالموصل
الشیخ عمر بن محمد الملا احد الصالحین المشهورین وبه اقتدی فی ذلك صاحب اربل
وغیرهم رحمهم الله تعالی اور کہا امام حافظ ابو محمد عبد الرحمن بن اسمعیل عرف ابی شامہ رح نے
کتاب باعث علی انکار البدع والحوادث مین کہا ربیع نے کہا شافعی رحمہ اللہ نے المحدثات من
الامور ضربان الی آخرہ نئے نکالے امور دو قسم ہین ایک وہ چیز ہی کہ نکالے ایسی چیز سے کہ
مخالفت کرے کتاب اللہ یا سنت رسول اللہ یا اثر صحابہ یا اجماع سے پس یہی بدعت ضلالت ہی
اور دوسری ہی کہ نئی نکلی ہو نیکی سے کہ نہ مخالف ہو کسی ایک کو انہین سے پس محدث ہی کہ نہ تھی اور جب
ہوئی تو اسمین برا نہین ہی اسواسطے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تحریص کی اوپر قیام مہینے رمضان
کے یعنی تراویح کے اور کیا اسکو اور اقتدا کی بعضے صحابہ نے پھر ترک کیا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نے یعنی جماعت تراویح کو مسجد مین آکر پڑھنا اسواسطے کہ پڑھنا خاص تراویح کا آنحضرت صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم سے بروایات احادیث ثابت ہی اور زمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مین
صحابہ کا پڑھنا بھی ثابت ہی چنانچہ منہج الرضوان مین تحقیق اسکی بیان کر چکا ہون کیا اسکو صحاب
آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسجد مین بجماعت یعنی اول وقت عشا کے بعد باوجود یکہ
آنحضرت نے آخر وقت مین پڑھا تھا اسواسطے کہ اس اول وقت پڑھنے مین زیادہ قائم کرنا ہی
اس ایسے شعار کا کہ امر فرمایا اسکا شارع نے اور کیا اسکو اور تحریص اسکی ہی اور ترغیب اسکی اور
اللہ دانا تر ہی کہ کوئی اور بھی حکمت ہو پس بدعات حسنہ ایسی چیز سے ہین کہ اتفاق کیا گیا ہی اوپر جواز فعل
اسکے کے اور مستحب ہونے اسکے کے اور امید ثواب کی واسطے اس شخص کے کہ نیت نیک رکھتا
ہو اسکے کرنے مین اور وہی بدعت حسنہ وہ نئی چیز ہی کہ موافق ہو قواعد شرعیہ سے مخالفت نرکھی
کسی ایک ان قواعد شرعیہ سے اور لازم نہ آوے کرنے اسکے سے کوئی قباحت شرعی اور مثال
اسکی بنانا منبر وسکا اور قلعون کا سرحدون ممالک اسلام پر اور مدرسون کا اور مسافر خانون کا اور سوا
اسکے انواع نیکی سے کہ جاری نہ تھی صدر اول مین اسواسطے کہ یہ موافق اس چیز کے ہی کہ وارد ہوئی
اسکے واسطے سنت ایجاد کرنے اچھائی سے اور معاونت اوپر نیکی کے اور تقوے اور تقوے کے

اور اُس نیکی سے کہ نئی نکلی ہمارے اس زمانے مین اُس قبیل کی وہ چیز ہی کہ کیجاتی ہی شہر اربل
مین کہ برگزیدہ کیا اُسکو اللہ تعالی نے ہر سال روز موافق دن پیدائش آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم مین خیرات کرنے اور معروف شرع سے یعنی ذکر شریف اور اظہار خوشی اور زینت کا اسواسطے
کہ تحقیق یہ باوجود ہونے احسان کے ساتھ فقیرون کے اسمین آگاہی دیتا ہی ہونے محبت نبی صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم کے اور تعظیم اور بزرگی آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیچ قلب کرنے والے کے
اور شکر اللہ تعالی کا بنا بر احسان اللہ کے پیدا کرنے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ بھیجا اُن کو
اللہ نے رحمت واسطے عالم کے اور اوپر سب انبیا اور رسولون سے اور پہلے کیا اس مجلس مولد
شریف کو شہر موصل مین شیخ عمر بن محمد ملا نے کہ ایک صالحین مشہورین سے تھا اور اُسی کی اقتدا کی اس
امر مین شاہ اربل نے اور غیر اُسکے نے رحم کرے اُن سب پر اللہ و قال الشیخ الامام العالم العلامة
صدر الدين موهوب بن عمر الجزري الشافعي هذه بدعة لا باس به ولا تكره بالبدع
الا اذا راغمت السنة واما اذا لم تراغمها فلا تكره وثياب الانسان بحيثية قصده في اظهار
السرور والفرح بمولد النبي صلى الله عليه وآله وسلم وقال في موضع آخر هذا بدعة ولكنها
بدعة لا باس بها ولكن لا يجوز له ان يسئل الناس بل ان كان يعلم ويغلب على ظنه ان
نفس السؤال لطالب مما يعطيه فالسؤال لذلك مباح ارجوان لا ينتهي الى الكراهة اور
کہا پیشواے علماے محدثین عالم علامہ صدر الدین موہوب بن عمر خدری شافعی نے کہ یہ بدعت ایسی ہی
کہ نہین ہی اسمین باک اور قباحت اور نہین برائی ہی بدعتون مین مگر جب کہ مخالف ہون سنت کے اور
جو بدعت خلاف سنت کے نہو اسمین کچھ قباحت نہین اور وہ مکروہ نہین اور ثواب پاتا ہی انسان موافق
قصد اپنے کے بیچ ظاہر کرنے سرور اور خوشی کے ساتھ پیدائش نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اور کہا
اُسی علامہ صدر الدین موہوب نے دوسرے موضع مین کہ یہ بدعت ہی لیکن ایسی بدعت ہی کہ نہین ہی کچھ باک اسمین ولیکن
نہین درست ہی مولد شریف کرنے والے کو کہ بھیک مانگ کر مولد شریف کرے بلکہ اگر جانتا ہی
یا ظن غالب ہی اس بات کا کہ فقط مانگنا اچھا معلوم ہوگا دینے والے کو بہ لحاظ عظمت مولد شریف
کے پس سوال مباح ہی امید رکھتا ہون اس بات کی کہ نہ پہونچے سوال حد کراہت کو و قال الحافظ
اصل عمل المولد بدعة لم ينقل عن احد من السلف الصالح من القرون الثلاثة ولكنها

مع ذلك قد اشتملت على محاسن وضدها فمن تحری فی عملہ المحاسن ویجتنب ضدها
كان بدعة حسنة ومن لا فلا قال وقد ظهر لی تخریجها على اصل ثابت وهو ما ثبت
فی الصحیحین من ان رسول الله صلى الله علیه وآله وسلم قدم المدینة فوجد الیهود
یصومون یوم عاشوراء فسألهم فقالوا هذا یوم اغرق الله فیه فرعون ونجا موسى
فنحن نصومه شكرًا لله تعالى فقال انا احق بموسى منكم فصامه وامر بصیامه فیستفاد
منه فعل ذلك شكرًا لله تعالى على ما من به فی یوم معین من اسداء نعمته ودفع
نقمة ویعاد ذلك فی نظیر ذلك الیوم فی سنة والشكر لله تعالى یحصل بانواع
العبادات السجود والصیام والصدقة والتلاوة وای نعمة اعظم من النعمة ببروز
هذا النبی الكریم نبی الرحمة فی ذلك الیوم وعلى هذا فینبغی ان تتحری الیوم بعینه
حتى یطابق قصة موسى صلى الله علیه وسلم فی یوم عاشوراء ومن لم یلاحظ ذلك
لا یبالی بعمل المولد فی ای یوم من الشهر بل توسع فی یوم فنقلوه الی یوم من السنة
وفیه ما فیه فهذا ما یتعلق باصل عمل المولد واما ما یعمل فیه فینبغی ان یقتصر علیه لیفید الشكر
لله تعالى من نحو ما تقدم ذكره من التلاوة والاطعام والصدقة وانشاد شیء من
المدائح النبویة والزهدیة المحركة للقلوب الى فعل الخیرات والعمل للآخرة اما ما یتبع
ذلك من السماع واللهو وغیر ذلك فینبغی ان یقال ما كان من ذلك مباحا بحیث
یتعلق السرور بذلك الیوم لا باس بالحاقه به ومهما كان حرامًا او مكروهًا فیمنع وكذا ما كان خلاف الاولى

اور کہا حافظ یعنے ابو الفضل بن علی بن حجر نے اصل مولد شریف کی بدعت ہے کہ منقول نہیں ہوئی کسی ایک
سلف صالح قرون ثلثہ سے ولیکن وہ باوجود بدعت ہونے کے شامل ہے نیکیوں اور غیر نیکیوں پر
جو شخص اختیار کرے اسکے کرنے میں اچھائیوں کو اور بچے ضد اسکی سے تو ہے بدعت حسنہ اور جو
نکرے ایسا تو نہیں اور کہا کہ تحقیق ظاہر ہوا مجھکو نکالنا اسی مولد شریف کا بنا بر اصل ثابت کی حدیث
سے وہی وہ چیز ہے کہ ثابت ہوئی صحیحین میں ان رسول الله صلى الله علیه وآله وسلم قدم
المدینة فوجد الیهود یصومون یوم عاشوراء فسألهم فقالوا هذا یوم اغرق الله
فیه فرعون ونجا موسى فنحن نصومه شكرا لله تعالى فقال انا احق بموسى منكم فصامه

وامر بصیامہ تحقیق رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے مدینہ مین پھر پایا آنحضرت
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہود کو کہ روزہ رکھتے تھے روز عاشورا کو پس پوچھا اُن سے کہ اس روز
روزہ کیون رکھتے ہو پس کہا یہود نے کہ یہ ایسا روز ہی کہ غرق کیا اللہ نے اُسمین فرعون کو اور چھٹکارا
دیا موسی علیہ السلام کو پس ہم روزہ رکھتے ہین اس روز مین واسطے شکر اللہ تعالی کے بنا بر احسان
کرنے اللہ کے روز معین مین پہونچانے نعمت اور دفع کرنے رنج سے اور یہ لوٹ آتا نہین ویسے
روز مین ہر سال اور شکر اللہ تعالی کا حاصل ہوتا ہی انواع عبادات سے سجدہ ہو یا روزہ یا کہانا کہلانا
یا تلاوت قرآن اور کونسی نعمت بڑی ہی نعمت ظہور نبی کریم نبی الرحمۃ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے
اس روز بارھوین ربیع الاول مین پس بنا بر اسکے سزاوار ہی کہ تلاش کیا جاوے روز معین تا کہ
مطابقت کرے قصہ موسی علیہ السلام کو روزہ عاشورہ اور جو کہ لحاظ نہین کرتا اس خصوص یوم کو باک
نہین رکھتا کرنے مولد شریف کو جس دن مین مہینے معلوم سے کہ چاہے بلکہ وسعت دی کہ کسی دن مین
مہینے ربیع الاول سے کر لے بلکہ نقل کیا اسکو لوگون نے کسی ایک دن مین سال بہر کے وفیہ مافیہ یہ
اشارہ اس طرف ہی کہ گو مولد شریف کرنا جب چاہے ایام سال مین درست ہے لیکن تاریخ معین
مہینے ربیع الاول کی فضیلت حاصل نہین ہی یہ وہ چیز ہی کہ متعلق اصل مولد شریف سے ہی اور لیکن وہ چیز
کی جاتی ہی اُسی میلاد شریف مین پس سزاوار ہی یہ کہ اقتصار کیا جاوے اُسپر کہ مفید ہو شکر خدا کو جیسے
پڑھنا کچھ آیتین قرآن کی اور کہانا کہلانا اور خیرات کرنا اور پڑھنا مدائح نبویہ اور احوال آنحضرت کا اور
بیان کرنا ایسے امور کا کہ محرک ہون قلوب کو طرف کرنے خیرات اور کامون آخرت کے اور رہا یا جاتا ہی
اس سے از قسم سماع اور لہو اور سوا اسکے پس سزاوار ہی کہ کہا جاوے کہ جو اُسمین سے مباح ایسا کہ
اعانت کرے سرور کو اس دن مین اُسکو ملانے مین ساتھ مولد شریف کے کچھ مضائقہ نہین ہی اور
جو کہ حرام یا مکروہ یا خلاف اولی ہو منع کیا جاویگا وقال الشیخ القراء الحافظ ابو الخیر بن الجزری
قد رُئی ابو لہب بعد موتہ فی النوم فقیل لہ ما حالک فقال فی النار الا انہ یخفف عنی
کل لیلة اثنین وامص من بین اصبعی ماء بقدر ھذا واشار براس اصبعہ
وان ذلک باعتاقی لثویبة عندما بشرتنی بولادة محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم
فما حال المسلم الموحد من امة النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم [illegible]

ما يصل اليه قدرته في محبته لعمري انما يكون جزاءه من الله الكريم ان يدخله بفضله
جنات النعيم وذكر نحوه الحافظ شمس الدين محمد بن ناصر الدين الدمشقي
اور کہا شیخ القراء حافظ ابو الخیر بن جزری نے کہ بعض صحابہ نے ابو لہب کو بعد مرنے کے خواب مین دیکھا
پوچھا تیرا کیا حال ہے جواب دیا اُس نے کہ آگ مین پڑا ہون مگر یہ کہ ہر شب دوشنبہ کو تخفیف عذاب
پاتا ہون ان دونون اُنگلیون کے مابین سے کچھ نکلتا ہے کہ اُسکو چوس کر تسکین لیتا ہون اور یہ بات
بسبب اسکے ہے کہ آزاد کیا مین نے ثویبہ کو جسوقت بشارت دی اُس نے مجھکو پیدائش محمد صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم کی جب ایسا کافر بسبب خوشی ولادت شریف کے ہر شب دوشنبہ کو تخفیف عذاب اور
سیرابی پیاس سے پاوے تو سمجھا چاہیے کہ کیا کچھ احوال اہل اسلام موحد کا امت محمدی سے ہوگا جو خوشی
کرے گا ولادت شریف کی اور خرچ کرے گا حسب مقدور اپنی کے بسبب محبت آنحضرت صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم کے قسم ہے عمر میرے کی کہ خواہ نخواہ ہے جزا اُسکی یہ کہ داخل کرے گا اُسکو اللہ کریم بفضل
اپنے کے جنات نعیم مین اور ایسا ہی ذکر کیا حافظ شمس الدین محمد بن ناصر الدین دمشقی نے وقال
شيخنا رحمه الله تعالى في فتاوته عندي ان اصل عمل المولد الذي هو اجتماع الناس
وقراءة ما تيسر من القرآن ورواية الاخبار الواردة في مبدء امر النبي صلى الله عليه
وآله وسلم وما وقع في مولده من الآيات ثم يمد لهم سماط ياكلونه و
ينصرفون من غير زيادة على ذلك من البدع الحسنة التي يثاب عليها صاحبها
لما فيه من تعظيم قدر النبي صلى الله عليه وآله وسلم واظهار الفرح والاستبشار بمولده
الشريف قال وقد ظهر لي تخريجه على اصل آخر غير الذي ذكره الحافظ وهو ما رواه
البيهقي عن انس ان النبي صلى الله عليه وآله وسلم عق عن نفسه بعد النبوة مع انه
ورد جده عبد المطلب عق عنه في سابع ولادته والعقيقة لا تعاد مرة ثانية فيحمل
ذلك على ان هذا فعله صلى الله عليه وآله وسلم اظهارا للشكر على ايجاد الله
تعالى اياه رحمة للعالمين وتشريف الامة صلى الله عليه وآله وسلم كما كان
يصلي على نفسه كذلك فيستحب لنا ايضا اظهار الشكر بمولده بالاجتماع
واطعام الطعام ونحو ذلك من وجوه القربات والمسرات وقال في شرح سنن

ابن ماجۃ الصواب انہ من البدع الحسنۃ المندوبۃ اذا خلا عن المنکرات شرعا انتہیٰ
اور کہا شیخ ہمارے رحمہ اللہ یعنی جلال الدین سیوطی نے اپنے فتاوے مین کہ میرے پاس ہی تحقیق
اصل مولد شریف یہ جمع ہونا لوگون کا اور پڑھنا جس قدر ہو قرآن سے اور روایت اخبار وارد دربارۂ ابتدا
امر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یعنی بیان ولادت شریف کی اور واقعات آیات خارقہ عادات کا وقت
ولادت شریف کے پس پہیلایا جاوے دسترخوان کہ کہانا کہاوین لوگ اور چلے جاوین بے زیادتی
دوسرے امرون کے بدعت حسنہ ہی ایسی کہ ثواب پاوے گا اسپر کرنیوالا اُسکا اسواسطے کہ اسمین
ہی تعظیم قدر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اظہار خوشی اور بشارت کا بسبب پیدائش شریف آنحضرت
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بہادر حالیکہ تحقیق ظاہر ہوا مجھکو نکالنا اُسکو عمل دوسری سے اُس اصل کے
کہ ذکر کیا اُسکو حافظ نے یعنی ابن حجر نے احوال صوم عاشورا سے وہی اصل روایت ہی بیہقی کی انس رضہ
سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عقیقہ کیا اپنا بعد حصول نبوت کے باوجودیکہ وارد ہوا ہی کہ تحقیق
دادا آپکے عبد المطلب عقیقہ کر چکے تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ساتوین دن ولادت شریفہ
کے اور اعادہ عقیقہ کا بعد کسی کے کر چکنے کے وارد نہین ہوا پس حمل کیا جاوے گا یہ دوبارہ
عقیقہ کرنا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اس بات پر کہ کیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے
واسطے اظہار شکر کے بنا بر پیدا ہونے اپنے کے رحمۃ للعالمین اور مشروعیت کرنے امت کے جیسا کہ
تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہ درود پڑھتے اپنے اوپر اسی راہ سے پس مستحب ہی ہمکو بھی
اظہار شکر کا بنا بر ولادت شریف کے ساتھ جمع ہونے لوگون کے اور کہانا کہلانے کے اور مثل
اسکے انواع قراتون اور خوشیون سے اور کہا شرح سنن ابن ماجہ مین کہ صواب اور صحیح یہ ہی کہ مجلس مولد
شریف بدعت حسنہ مستحب ہی بشرطیکہ خالی ہو منکرات شرعی سے خلاصہ ان سب تقاریر کا یہ ہی کہ ایجاد
تعیین مجلس مولود شریف کی بدعت حسنہ ہی کہ نظیر اُسکا تین حدیث سے ثابت ہوتا ہی اول روزہ رکہنا
آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا روز دوشنبہ کو اور بیان فرمانا علت صوم کی روز ولادت ہونا
اُس دن کا دوسرے صوم عاشورا کا اختیار کرنا بعد بیان یہود کے وجہ شکر نجات موسی
علیہ السلام کے اور فرمانا انا احق بموسی کا تیسرے عقیقہ اپنا کرنا باوجود ہو چکنے عقیقہ جانب
عبد المطلب کے اور جو روایت مسلم مین ابی ہریرہ سے آئی قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

لا تختصوا لیلۃ الجمعۃ بقیام من بین اللیالی ولا تختصوا یوم الجمعۃ بصیام من بین الایام الا ان یکون فی صوم یصومہ احدکم خاص نکرو شب جمعہ کو ساتھ قیام کے شبون مین سے اور خاص نکرو روز جمعہ کو ساتھ روزہ کے دنون مین سے مگر یہ کہ ہووے روز جمعہ کا ایسے روز مین روزہ رکھتا ہی اسکو کوئی تمہارا مراد اُس سے یہ ہی کہ چھانٹ نہ لو شب جمعہ کو واسطے قیام کے اور روز جمعہ کو واسطے روزہ کے کہ اور روز دن روزہ نفل رکھنا لغو جانکر اکیلے جمعہ کو روزہ رکھنا اختیار کرو بدلیل نظم من بین الایام کے جیسا کہ اشارہ کیا اُس طرف اسی کی شرح مین ترجمہ مشکوۃ مین ساتھ قول اپنے کے گفت بندۂ ضعیف عفا اللہ عنہ کہ سبب نہی آنست کہ بندہ را باید کہ در ہمہ اوقات بعبادت وطاعت مشغول باشد و دائم متعرض بنفحات الٰہی عز اسمہ باشد و وقت را مخصوص ساختن و در اوقات دیگر معطل بودن چیزی نیست و این معنی بہ نہی از تخصیص شب جمعہ بقیام مناسب تر است کما لا یخفی علی المتفطن فافہم واللہ اعلم یعنے اپنی طرف سے خاص کرنے سے بے خصوص شرعی کے نہی فرمائی بدلیل کلمہ لا تختصوا کے باب افتعال سے کہ خواص مین اُسکے بکوشش حاصل کرنا ماخذ کا ہی پس تخصیص مہینے ربیع الاول اور تاریخ اور دوشنبہ کی بلا شک اس نہی سے خارج ہوگی کہ وجہ خصوص وقت کی بنظر شکر ولادت شریف کے شرع سے ثابت ہی بدلیل فرمانے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فیہ ولدت وجہ صوم روز دوشنبہ مین اور اگر اس سے مطلق خصوص روز کا مراد ہو تو یہ حدیث اقسام نافی خصوص سے ہوگی اور احادیث سابقہ اقسام مثبت خصوص سے ہین اور مثبت مقدم نافی سے عمل مین ہی جیسا کہ اصول سے ثابت ہی چنانچہ منار الاصول مین لکھا ہی والمثبت اولی من النافی پس ہوتے ہوئے مثبت کے عمل نافی پر نہ چاہیے بہ وقت تعارض اور جہان مثبت قوی ہو بطریق روایت کے بلا شبہہ نافی پر عمل درست نہوا اور تخصیص روزہ دوشنبہ کی حق مین مذکور ہو چکی اور مشکوۃ مین بسند ترمذی اور نسائی کے ام المومنین عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا سے روایت ہی کہ کہا کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یصوم الاثنین والخمیس تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہ روزہ رکھتے دوشنبہ اور پنجشنبہ کو اور بھی مشکوۃ مین بروایت ترمذی کے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہی کہ کہا قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تعرض الاعمال یوم الاثنین والخمیس فاحب ان یعرض عملی وانا صائم

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پیش کیے جاتے ہین اعمال روز دوشنبہ اور پنجشنبہ کے
پس دوست رکھتا ہون مین کہ پیش کیے جاوین عمل میرے درحالیکہ مین روزہ دار ہون
بیان علت پیشی عمل کا دلیل ہی اس بات پر کہ تخصیص روز دوشنبہ کی خصائص آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم سے نہین بلکہ تحریص ہی اور پر تخصیص کے تمامی اہل اعمال کو پس ثابت ہوئی تخصیص ایام
کی بسبب فضل شرعی کے اور فضل ولادت شریف سے کونسا فضل زیادہ ہی کہ حق تعالی جل شانہ
بیان منت کا بہ ارسال آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتا ہی چنانچہ پارہ لن تنالوا البر مین نصف پارہ
کے بعد ارشاد فرماتا ہی لقد من اللہ علی المومنین اذ بعث فیھم رسولا من انفسھم یتلو علیھم
آیاتہ ویزکیھم ویعلمھم الکتاب والحکمۃ وان کانوا من قبل لفی ضلال مبین ادر ترجمہ تحقیق احسان
کیا اللہ نے اوپر ایمان والے لوگونکے وقتیکہ اُٹھایا اُنمین رسول فرمانا بعث کا اور نہ کہنا کلمہ خلق کا اشارہ ہی اس
طرف کہ پیدائش آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سابق ہی تمام مخلوق سے پس پیدا کرنا خلائق کا اُس نور سے احسان
عام تمام مخلوق پر ہی خصوص مومنین کے ساتھ نہین ہی پس ظہور نبوت آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم احسان خاص
مومنین پر ہی پس شکر اسکا کہ عبارت اطاعت اور ذکر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہی ہر مومن پر واجب اور فرض ہی
خصوص ذکر ولادت کا مستحب ہی خاص مہینے ربیع الاول مین بسبب مناسبت وقت کے مستحب اسواسطے
ہی کہ بعد ایجاد بانی کے اختیار کیا اُسکو علماے صالحین نے اور اچھا جانا اُسکو اور جس چیز کو علماے
مسلمین اچھا جانین وہ مستحب ہی اسواسطے کہ امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ نے اپنے مسند مین عبد اللہ
ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہی ما راٰہ المسلمون حسنا فھو عند اللہ حسن وما راٰہ
المسلمون قبیحا فھو عند اللہ قبیح جس چیز کو دیکھے مسلمان بہتر پس وہ نزدیک اللہ کے بہتر ہے
اور جس چیز کو دیکھے مسلمان برا پس وہ نزدیک اللہ کے بدتر ہی اور فرمانا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم کا ما راٰہ المسلمون اور نفرمانا ما راٰہ المومنون دلالت کرتا ہی کہ اچھا جاننا صالحون کا
مفید حسن شرعی کو ہوتا ہی اسواسطے کہ مسلم اسم فاعل سلام کا ہی اور اسلام شرع مین عبارت ایمان مع العمل
سے ہی پس مراد مومنین باعمل ہین اور عمل سواے علما کے دوسرون کا درست نہین ہوسکتا بدلیل قول
اللہ تعالے کے انما یخشی اللہ من عبادہ العلماء اللہ سے علما ہی ڈرتے ہین پس اچھا قرار دیا ہوا
علما کا اچھا ہی اور ظاہر ہی کہ ایجاد رسم مولد شریف کی شیخ عمر بن محمد ملا نے کی کہ علماے کبار محدثین سے ہی اور جاری کیا

اسکو سلطان مظفر شاہ اربل نے اور وقت کے علمائے تحسین کی اسکو چنانچہ نقل مضامین سبل الہدیٰ سے معلوم ہو چکا پس دیکھنا اکثر مسلمین کا مولد شریف کو مہینے ربیع الاول مین ثابت ہوا اور لہ مضمون ماراٰہ المسلمون حسنا کا یہی ہے کہ اکثر صالحین مومنین اسکو نیک سمجھین اسواسطے کہ معرفہ ہونا جمع کا بالف ولام تعریف جمعیت کو باطل کر دیتا ہے اور معنے جنسیت کے مراد ہوتے ہین جیسا کہ منار مین لکھا ہے وکذا اذا دخلت لام المعرفۃ فیما لا یحتمل العہد اوجبت العموم حتی یسقط اعتبار الجمعیۃ اذا دخلت علی الجموع عملا بالدلیلین اور اسیطرح سے جب داخل ہو لام معرفہ اس چیز مین کہ احتمال نرکھے عہد کو واجب کر دیتا ہے عموم کو یہانتک کہ ساقط ہو جاتا ہے اعتبار جمعیت کا جب داخل ہووے لام تعریف اوپر صیغون جمع کے واسطے عمل کرنے کے ساتھ دونون دلیلون کے اور اس عبارت کی شرح مین صاحب نور الانوار نے لکھا ہے واما اذا کان علی الجمع فثمرۃ عمومہ انہ یسقط معنی الجمع فلا یکون اقلہ الثلث اذ لو بقی جمعا لم یظہر للام فائدۃ اذ لا عہد ولا استغراق ولا جنس فیجب ان یحمل علی الجنس فیکون ما دون الثلثۃ معمولا للجنس وما فوقہ للجمع اور جان جب ہووے دخول لام کا اوپر جمع کے پس ثمرہ عموم اسکے کا یہ ہے کہ تحقیق شان یون ہی ہے کہ دور ہو جاتے ہین معنی جمع کے پس نہ ہوگا اقل دس سے جمع مین اسواسطے کہ اگر باقی رہے وہ جمع اپنی جمعیت پر ظاہر نہ ہوگا لام تعریف کا کچھ فائدہ اسلیے کہ نہین ہو سکتا ہے عہد کیونکہ عہد نام ہے ہونے فرد معین کا پس صیغہ جمع کا بیکار ہوا جاتا ہے اور نہین ہو سکتا ہے استغراق اسواسطے کہ وہ عبارت ہے ہونے کل افراد سے مجموعہا اس صورت مین بھی جمعیت مین فساد پایا جاوے گا کیونکہ کل مجموعی بھی فرد حکمی ہے اور بھی اس صورت مین تکلیف مالا یطاق لازم ہوتی ہے پس اگر جنس بھی نہ لیوین تو معنی لام کے بالکلیہ مٹ جاوین گے پس واجب ہوگا یہ کہ حمل کیا جاوے وہ صیغہ جمع معرف باللام اوپر جنس کے پس ہو جائیگا کم تین سے معمول جنس الفرد نا اور اس کم پر معمول جمع پس عام ہو جائیگی جمع ایک سے لے انتہا تک کو پس ایک مسلم کا نیک سمجھنا اور بہتون کا نیک ہونے مین برابر ہے اور اسکو بہتون نے نیک سمجھا ہے سوا ایک ملا علی قاری کے کہ انھون نے بسبب غصہ کے بد کہا اور اعتبار اسی کا ہے جسکی طرف اکثر ہون اسواسطے کہ مشکوۃ مین ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اور بروایت ابن ماجہ انس رضی اللہ عنہ سے یون لکھا قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اتبعوا السواد الاعظم فانہ من

شذّ شذّ فی النار پیروی کرو گروہ بڑے کی یعنے اکثر لوگون کی اسواسطے کہ جو علیحدہ ہوا اُنکی پیروی سے
ڈالا جائیگا دوزخ مین پس اتباع اکثر علماے مسلمین کی واجب ہی اور بھی مشکوۃ مین بروایت
امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کے معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے مروی ہے قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم ان الشیطان ذئب الانسان کذئب الغنم یاخذ الشاۃ الشاذۃ والقاصیۃ والناحیۃ وایاکم و
الشعاب وعلیکم بالجماعۃ والعامۃ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یقینی شیطان بھیڑیا ہے
انسان کا مثل بھیڑیے بکری کے پکڑ لیتا ہی بھاگنے والے کو گروہ مین سے اور ہٹ جانے والے کو
جماعت مین سے اور چھوٹ جانیوالے کو گروہ مین سے اور بچاؤ تم اپنے کو پگڈنڈیون سے یعنی ایک
دو کی راہ نکالی ہوئی اختیار نکرو اور لازم لو اور اختیار کرو جماعت اور اکثر کو یعنی وہ راہ کہ اکثر علماے
صالحین نے اختیار کی ہی اُسی کو اختیار کرو اور شیخ عبدالحق دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کی شرح
مین لکھا ہی و بر تو باد کہ لازم گیری جماعت را و اکثر را و اکثر اشارہ است بآنکہ معتبر اتباع اکثر و جمہور ست
چہ اتفاق کل در ہمہ واقع بلکہ ممکن نیست اس سے معلوم ہوا کہ جو بدعت حسنہ ہی کہ مقیس ہو مستنبطات
شرعی پر جب اختیار کرلین اُسکو اکثر علما تو اتباع اُسکی لازم ہے اور انکار اُسکا بیکار ہی پھر جب رواج
اُسکا ایک قرن سے دوسرے قرن تک قائم رہے تو من قبیل قواعد کے ہوجاتا ہی اسواسطے کہ اشباہ و
نظائر مین مرقوم ہی العادۃ محکمۃ واصلہا قولہ علیہ الصلوۃ والسلام ما رآہ المسلمون حسنا
فہو عند اللہ حسن عادت حکم کر دیتی ہی یعنی عادت اور رسم غیر منصوصات مین موجب ثبوت حکم کو ہوتی
ہی اور حاشیہ حموی مین لکھا ہی قولہ العادۃ محکمۃ اعلم ان مادۃ العادۃ یقتضی تکرار الشیء وعودہ
تکرارا کثیرا یخرج عن کونہ واقعا بطریق الاتفاق جان تو تحقیق مادہ عادت کا کہ مشتق ہووے
ہی مقتضی ہی بار بار ہونے شے کو و عود کرنے کو تکرار بہت کرکے کہ نکل جاوے واقع ہونے اپنے سے بطریق
اتفاق اور ندرت کے پس اکثر کرتے آنا علما کا ایک فعل غیر منصوص النہی کو مفید ہوتا ہی اباحت کو اور
اچھا جاننا علما کا فائدہ مستحب ہونیکا دیتا ہی جیسا کہ لکھا ہی نور الانوار مین سنن زوائد مین فہذا کلہا من
سنن الزوائد یثاب المرء علی فعلہا ولا یعاقب علی ترکہا وہو فی معنی المستحب الا ان المستحب
ما احبہ العلماء وہذا ما اعتادہ النبی پس یہ سب یعنی عادات آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے
سبیل قصد عبادت کے سنن زوائد سے ہی ثواب دیا جاتا ہی شخص اوپر کرنے اُسکے کے اور نہین عذاب کیا جاتا

ہی اور ترک اُسکے مکے اور وہ بیچ معنی مستحب کے ہی مگر یہ کہ تحقیق مستحب وہ چیز ہی کہ اچھا جانا اور دوست
رکھا اُسکو علما نے اور یہ یعنی نفل وہ چیز ہی کہ عادت رکھی ساتھ اُسکے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے
اور درمختار مین بیان وضو مین لکھا ہی ومستحبہ ویسمی مندوبا وادبا وفضیلۃ وھو مافعلہ
علیہ الصلوۃ والسلام مرۃ وترکہ اخری وما احبہ السلف اور مستحب اُسکا اور نام رکھا جاتا ہی
مندوب اور ادب اور فضیلت کرکے اور وہی مستحب وہ چیز ہی کہ کیا ہو اُسکو پیغمبر علیہ الصلوۃ والسلام نے ایک
مرتبہ اور چھوڑا ہو دوسری مرتبہ یعنی کبھی کیا اور کبھی نہ کیا اور وہ چیز کہ اچھا جانا اُسکو اگلے لوگون نے پس
اچھا سمجھا ہوا علماے سلف کا اور فعل عادی آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حکم مین برابر ہے اور بھی
نور الانوار مین بیان حصر اصول فقہ مین درمیان چار کے لکھا ہی وتعامل الناس ملحق بالاجماع اور کرتے
چلے آنا علما کا ملحق ہی ساتھ اجماع کے یعنی تعامل الناس مثل اجماع کے حجت ہی اور درمختار مین بیچ ذکر
تکبیرات تشریق کے لکھا ہی ولا باس بہ عقیب العید لان المسلمین توارثوہ فوجب اتباعھم و
علیہ البلخیون اور نہین قباحت ہی ساتھ اسی تکبیر تشریق کے پیچھے عید کے اسواسطے کہ تحقیق مسلمان لوگ
کرتے چلے آئے ہین اُسکو پس واجب ہی اتباع اُنکی اور طحطاوی مین لکھا ہی قولہ لان المسلمین
توارثوہ ای ولم یکن فی عصر الصحابۃ والا کانت سنۃ لانہم لا یبتدعون من انفسہم شیئا
قولہ فوجب الظاہر ان المراد بالوجوب الثبوت لا الوجوب المصطلح علیہ فی البحر عن المجتبی
والبلخیون یکبرون عقب صلوۃ العید لانہا تودی بجماعۃ فاشبھت الجمعۃ اھ وھو
یفید الوجوب المصطلح علیہ قول اُسکا یعنی درمختار کا اسواسطے کہ تحقیق مسلمان لوگ کرتے چلے آئے ہین
اُسکو یعنی درحالیکہ نہ تھا تکبیر کہنا بعد نماز عید کے زمانہ صحابہ رضی اللہ عنہم مین والا ہوتا سنت اسواسطے کہ
تحقیق وہ صحابہ رضی اللہ عنہم نئی نہین نکالتے اپنی طرف سے کوئی چیز قول اُسکا فوجب ظاہر لفظ لا باس
کی سبب سے یہ ہی کہ تحقیق مراد وجوب سے ثبوت ہی نہ وجوب مصطلح علیہ شرع اور بحر الرائق مین مجتبی سے
نقل کیا ہی کہ بلخ کے علما تکبیر تشریق کہتے ہین بعد نماز عید کے اسواسطے کہ وہ ادا کی جاتی ہی ساتھ جماعت
کے پس مشابہ ہوئی ساتھ جمعہ کے اور وہ نقل فائدہ دیتی ہی وجوب اصطلاحی شرع کو اس سے معلوم
ہوا کہ جو کرتے چلے آنا اگلے لوگون کا بطریق اجتہاد اور قیاس شرعی کے ہو تو اتباع اُنکی واجب و درجہ
[illegible] اجتہاد اُسکے ہو تو اتباع اُنکی ثابت اور مناسب ہی ہر صورت مخالفت اُنکی نچاہیے اور استحباب

تعیین مولد شریف کا مہینے ربیع الاول مین اوپر ثابت ہو چکا ہی کہ بطریق اجتہاد اور قیاس شرعی کے ہی اور
کرتے چلے آنا وقت ایجاد سے ابتک اظہر ہی حتی کہ حرمین مکہ اور مدینہ مین التزام ہی چنانچہ حجاج ثقات
سے مانند مرزا حسن علی اور مولوی حسین احمد محدثون سے اور مولوی تراب علی اور دوسرے حاجیون
سے بالاتفاق مسموع ہوا اور حد تواتر کو پہونچا ہی اور التزام علماے اہل حجاز کا بدعت شنیعہ کو غیر متصور
ہی اسواسطے کہ مشکوۃ مین بسند ترمذی کے عمرو بن عوف سے کہ صحابی جلیل القدر حاضرین بدر سے
ہین رضی اللہ عنہ اور ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے بسند صحاح ستہ کے روایت ہی کہ کہا قال رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ان الدین لیارز الی الحجاز کما تارز الحیۃ الی جحرہا ولیعقلن
الدین من الحجاز معقل الاودیۃ من راس الجبال ان الدین بدأ غریبا وسیعود غریبا فطوبی
للغرباء وھم الذین یصلحون ما افسد الناس من بعدی من سنتی فرمایا رسول اللہ صلے اللہ
علیہ وآلہ وسلم نے تحقیق دین نے جگہ پکڑی طرف حجاز کے کہ عبارت مکہ اور مدینہ سے ہی جیسا جگہ پکڑتا ہی دانہ
اپنے کشت گاہ مین کہ اُسی مین رہتا ہی اور اُسی سے اُگتا ہی اور ہر آئینہ پناہ لیگا دین حجاز سے یعنی حجاز پناہ گاہ دین
کی ہی جیسا کہ پناہ لیتی ہین پہاڑی بکریان چوٹی پہاڑ سے تحقیق دین شروع ہوا مسافر اور قریب ہے کہ
ہو جاویگا جیسا کہ شروع ہوا تھا پس خوشی اور اچھائی غریبون کو ہی اور وہی غربا وہ لوگ ہین کہ درست
کرتے ہین اُس چیز کو کہ خراب کیا لوگون نے بعد میرے سنت میری سے اس سے صاف معلوم ہوا کہ
اہل حجاز زنہار اتفاق اور التزام بدعت شنیعہ کہ مخالف دین کے ہی کرتے نہین جو کہ علماے سابقین نے
قرارداد کیا اور علماے حجاز نے التزام کیا اتباع اُسکی واجب ہی جسکو وہ فرض سمجھے اُسکو فرض جاننا چاہیے
اور جسکو وہ واجب سمجھے واجب ہی اور جسکو مستحب قرار دیا مستحب ہی اور جو مکروہ یا حرام قرار دیا وہ مکروہ
اور حرام ہی اور انحراف اُس سے بدعت ضالہ ہی کیونکہ ثابت ہو چکا کہ تعامل حج دینیہ سے ہی اور انحراف اُس
سے بدعت ضالہ ہی جسکا مرتکب مبتدع اور مورد مواعید شدیدہ کا ہوتا ہی اسواسطے تعریف بدعت ضالہ کی
یہ ہی کہ ایجاد یاوے بعد قرون ثلثہ کے اور مخالف ہو حجج شرعیہ کے جیسا کہ سابق مین مذکور ہو چکا ہی اور بدعت
حسنہ خود موجب ثواب ہی اسیواسطے فقہا نے تعریف بدعت کی بیان مبتدع مین اس طور پر کی کہ سواے بدعت
سیئہ ضالہ کے اور کسی پر صادق نہ آوے چنانچہ درمختار مین لکھا ہی ومبتدع ای صاحب بدعۃ وھی
اعتقاد خلاف المعروف عن الرسول لا بمعاندۃ بل بشبہۃ یعنی مکروہ ہی اقتدا مبتدع کی یعنی

صاحب بدعت کی اور وہی بدعت کیا ہی کہ اعتقاد کرنا خلاف اُس چیز کے جو پہچانا گیا اور معلوم ہوا رسول سے
نہ بسبب معاندۂ محض کے بلکہ بسبب کسی طرح کے شبہ کے اور جسکا نظیر قرون ثلثہ سے یا سنت رسول سے
مستنبط ہو داخل ہی معروف عن الرسول میں اسیطرح تعامل الناس معروف ہی بدلیل ما راٰہ المسلمون حسنا
فہو عند اللہ حسن کے کہ بیان اُسکا ہو چکا اور لکھا ہی طحطاوی میں قولہ وہی اعتقاد خلاف المعروف
ظاہرہ اقتصارہا علی الاعتقاد ولیس کذلک وعرفہا الشمنی بقولہ ہی ما احدث علی خلاف الحق
الملتقی عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم من علم او عمل او حال وجعل دینا قویما وصراطا مستقیما قول
اُسکا وہی اعتقاد خلاف المعروف ظاہر رکہ رہنا اور منحصر ہونا ہی بدعت کا اوپر اعتقاد کے یعنی عمل بدعت کے
بدون اعتقاد بدعت نہ ٹھہری حالانکہ نہیں ہی ایسا بلکہ بدعت اعتقاد اور عمل دونوں میں ہوتی ہی اور تعریف کی
اُسکی یعنی بدعت کی شمنی نے ساتھ قول اپنے کے وہی بدعت وہ چیز ہی کہ نئی نکالی جاوے بنا بر خلاف حق کے
کہ حاصل ہوا ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اقسام علم سے یعنی اعتقاد سے ہو یا عمل سے ہو اور ٹھہرایا جاوے
دین درست اور راہ راست پس جو چیزین عوام الناس قبائح شرعیہ سے رسم مسلمانوں کی جانکر کرتے ہین وہ
بدعت سیئہ ضالہ ہین خارج ہین تعامل الناس ہی اسواسطے کہ الف لام الناس واسطے عہد کے ہی اور مراد اُس سے لوگ
تقوے کے ہین بدلیل من سن سنۃ سیئۃ فلہ وزرہا ووزر من عمل بہا کے کہ ایجاد کرنا بدعت شرعی
کا موجب وبال کا ہی اور کرتے آنا اُسکا بھی موجب وبال کا ہی پس مجرد اُسکے کرنیکے فاسق ہو جاتا ہی پس حقیقت در
وہ ناس سے خارج ہی حیوان مطلق کے زمرے میں داخل حاصل یہ کہ مولود شریف کرنا مستحب ہی اور مہینے
ربیع الاول میں بالخصوص بارھوین تاریخ افضل ہی ہان اسکو واجب سمجھنا یعنی نکرنے والے کو باوجود مذہب
پیغمبر ہونے کے گنہگار جاننا یا اور دوسرے دنون میں اسکا نادرست سمجھنا بے شبہہ مکروہ کیونکہ ایجاب
مستحب یا مباح کا مکروہ ہی جیسا کہ کتب فقہ سے مشرح ثابت ہوتا ہی بعض نادانی سے شبہہ کرتے ہین کہ تعین
مجلس شریف میں ساتھ مہینے ربیع الاول کے مشابہت کفار کی ہوتی ہی کہ ہنود جنم کنھیا کا کرتے ہین اور
نصاری تہوار حضرت عیسی علیہ السلام کا کرتے ہین سخت نادان ہین اسواسطے کہ نہین سمجھتے ہین اس بات
کو کہ حرمت مشابہت ثابت ہوتی ہی آیت یا ایہا الذین امنوا لا تکونوا کالذین تفرقوا واختلفوا
من بعد ما جاءہم البینات واولئک لہم عذاب عظیم سے یعنی اے ایمان والو اور نہو تم مثل اُن لوگوں کے کہ
جدا ہو گئے اور اختلاف کیا بعد اُس چیز کے کہ آئے انکو دلائل ظاہرہ یعنی احکام الٰہی اور وہی لوگ ہین کہ انکے لیے عذاب بڑا

اور آیت یا ایها الذین آمنوا لا تکونوا کالذین کفروا و قالوا لاخوانهم اذا ضربوا فی الارض او
کانوا غزی لو کانوا عندنا ما ماتوا و ما قتلوا لیجعل الله ذلک حسرة فی قلوبهم والله یحیی و یمیت والله
بما تعملون بصیر ای ایمان دارو نه هو تم مثل ان لوگون کے که کفر کیا اور کها اپنے بھائیون کے واسطے
جس وقت چلے زمین مین یا هوے مجاهد یعنی جهاد کیا اگر هوتے همارے پاس تو نه مرتے اور نه قتل هوتے یه کهنا
انکا اسواسطے هی که کرے الله انکے دلون مین اس قول کو حسرت یعنی روز قیامت کے اس قول کی
سبب سے حسرت اور ندامت اٹھاوینگے اور الله هی جلاتا هی اور مارتا هی اور الله اس چیز کو که کرتے هین
دیکھتا هی عبارت نص دونون آیتون کی نهی کرتی هی تفرق سے یعنی بعد قرار پاجانے ایک بات کے اصول
شرع سے اور جاری هونے تعامل الناس کے نئی بات نکال کر پھوٹ نکلنے سے اور کفر کرنے سے اور جهاد
مین سستی کرنے سے اور مجاهدین پر طعن کرنے سے اور اشارة النص ان آیتون کی انکی مشابهت کرنے
سے بالقصد که کاف تشبیه اشاره هی طرف مشابهت کے جیسا که بیضاوی مین تحت تفسیر آیت لا تکونوا کالذین
تفرقوا کے لکھا وعید الذین تفرقوا و تهدید علی التشبه بهم یه آیت وعید هی واسطے انکے که پھوٹ نکلے اور دھمکی
اور ڈراتا هی اوپر تشبیه انکے که کافر هین یا جماعت سنت سے علیحده هون معاذ الله اور کلمه لا تکونوا که اسناد
فعل کی طرف مخاطب کی هی مقتضی هی قصد کو باب تشبیه مین اور مشتق هونا لا تکونوا مصدر کون سے مقتضی هے
وضع اور عادت مختصه اس قوم کو پس حرام هوے بھی ایسے افعال کفار سے که جو مختص انھین کفار کے هون یا
اطوار عبادات کفار کے که شریعت اسلامیه سے ثبوت انکا نه هو سکتا هو یهی ممنوع هین یا عبادات ثابته اپنی شرع
کے جنس انکی سے کفار کے یهان بھی معمول هو بقصد انکے که قوم کفار اپنے رسوم مین لهویات کرتے هین اور هم اس
مجلس شریف مین ذکر رسول اور انواع حسنات شرعیه کے اور اس سے بون بعید اور فرق کثیر هی اور تفرقه حرمت
مشابهت کو دور کر دیتا هی جیسا که ثابت هوتا هی روایت مشکوة سے که بسند مسلم ابن عباس رضی الله عنهما سے روایت
کیا هی قال حین صام رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم یوم عاشورة و امر بصیامه قالوا یا
رسول الله انه یوم یعظمه الیهود والنصاری فقال رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم لئن بقیت الی
قابل لاصومن التاسع کها ابن عباس رضی الله عنهما نے که جب روزه رکھا رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم نے دن عاشوره
کے اور حکم کیا روزه عاشوره کا عرض کیا صحابه نے تحقیق عاشوره دن هی که تعظیم کرتے هین اسکی یهود اور
نصاری پس فرمایا رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم نے هر آئنه اگر باقی رهونگا مین سال آینده تک

پھر آئندہ رکھونگا مین روزہ نوین تاریخ یعنی ایک روزہ نوین کا اور ملاؤنگا اور نہین ہو سکتا کہ مراد
یہ ہووے کہ روزہ عاشورہ کا نوین کو ہٹا لانا فرمایا ہو اسواسطے کہ اس روایت سے روزہ رکھنا روز عاشورا
کا اُسوقت ثابت ہوتا ہی اور توڑنا اُسکا نہین اور نہ اور ونکو اُس روزہ سے منع بلکہ فقط عزم روزہ یوم
تاسع کا ارشاد فرمایا غرض اس سے یہی ہی کہ دو روز روزہ رکھنے کا عزم فرمایا اسواسطے کہ ترمذی نے اپنے جامع
مین لکھا ہی عن الحکم بن الاعرج قال انتهیت الی ابن عباس وهو متوسد رداءه فی زمزم فقلت
اخبرنی عن یوم عاشوراء ای یوم اصومه فقال اذا رأیت هلال المحرم فاعدد ثم اصبح من یوم التاسع
صائما قال قلت اهکذا کان یصوم محمد صلی الله علیه وآله وسلم قال نعم روایت ہی حکم بن الاعرج
سے کہ کہا پہونچا مین ابن عباس کے پاس درحالیکہ وہ اپنی چادر کو تکیہ لگائے ہوے تھے زمزم پر پس کہا
مین نے کہ خبر دو مجھکو روز عاشورا سے کہ کس روز روزہ رکھون مین اُسکا پس کہا ابن عباس نے جب
دیکھے تو چاند محرم کا تو شمار کرنے پھر صبح کر روز نوین سے روزہ دار یعنی ابتدا روزہ کی نوین تاریخ سے
کر کہا حکم نے کہ کہا مین نے کیا ایسا ہی روزہ اُسکا رکھتے تھے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہا ابن عباس
نے ہان لانا ابن عباس کا لفظ من کا کہ موضوع واسطے ابتدا کے ہی اور تاسع کے مفہم ہی اس بات کو کہ بعد
نوین کے بھی روزہ ہی پس عزم ترک روزہ دسوین کا منتفی ہوا اور بعد دو سطر کے لکھا ہی وعن ابن عباس
رضی اللہ عنہ قال صوموا التاسع والعاشر وخالفوا الیهود اور روایت کیا گیا ابن عباس رضی اللہ
عنہا سے کہ تحقیق ابن عباس نے کہا روزہ رکھو نوین اور دسوین کو اور مخالفت کرو یہود کی یہ امر ابن عباس
رضی اللہ عنہا سے مفید وجوب کو نہین ہی کیونکہ یہ اُن احادیث موقوفہ سے نہین کہ حکم مرفوع مین ہو اسلیے
کہ حدیث موقوف صحابی کی یعنی قول صحابی بدون قال رسول اللہ کے ایسے امر مین کہ عقل کو مفہوم نہو سکتا
ہو حکم مرفوع یعنی قال رسول اللہ مین ہی یہ مفہوم باجتہاد ہی حدیث سابق سے جس مین مذکور ہی کہ صحابہ نے
وجہ تشابہ یہود کی روز عاشورہ مین عرض کی اُسکے جواب مین کلمہ لاصومن التاسع کا ارشاد ہوا اُس
سے مخالفت یہود کی مستنبط ہوئی پس یہ قول مفہوم ہو گیا اور حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سال آئندہ مین
اس جہان سے تشریف لے گئے سمجھا چاہیے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے چونکہ اُس سال
نوین تاریخ محرم کو روزہ نہین رکھا احتمال تشابہ واقع ہوا باینہمہ روزہ گیارھوین کا واسطے دفع تشابہ
کے رکھ نہ لیا بلکہ عزم مصمم ارشاد فرمایا سال آئندہ مین نوین کے روزہ ملا لینے کا اس سے معلوم ہوا

الا هو رابعهم هو على العرش وعلمه في كل مكان اما فاشهم في ذلك من يحتج بقوله انتهى اى كونه
تعالى رابعهم بالعلم لا بالذات وقال الامام الذهبي في كتاب العرش قال الامام الحافظ
ابو نصر السجزي في كتاب الابانة له ائمتنا كسفيان الثوري ومالك وحماد بن سلمة وحماد بن زيد
وعبد الله بن المبارك والفضيل بن عياض واحمد بن حنبل واسحق بن راهويه متفقون
على ان الله سبحانه وتعالى بذاته فوق عرشه وان علمه بكل مكان انتهى كذا في الانتباه وقال
الامام الغزالي في كتاب العقائد من احياء العلوم واضطر اهل الظاهر الى تاويل قوله تعالى
وهو معكم اينما كنتم اذ حمل ذلك بالاتفاق على الاحاطة والعلم انتهى والاحاطة في قوله
بمعنى العلم والادراك كما في تعريفات الجرجاني الاحاطة ادراك الشيء بكماله ظاهرا وباطنا
انتهى وقال الامام فخر الدين الرازي في التفسير الكبير في قوله تعالى وهو معكم اينما كنتم
قال المتكلمون هذه المعية اما بالعلم واما بالحفظ والحراسة وعلى التقديرين فقد انعقد
الاجماع على انه سبحانه ليس معنا بالمكان والجهة والتحيز فاذن قوله تعالى وهو معكم
لا بد فيه من التاويل انتهى وقال العلامة سعد الدين التفتازاني في رسالته فاضحة الملحدين في رد
قول الوجودية ان المعية ذاتية واما استدلالهم بالسمع فبقوله تعالى وهو معكم اينما كنتم وقوله تعالى
ولا ادنى من ذلك ولا اكثر الا هو معهم والجواب ان المراد بالمعية ههنا على ما اجمع عليه المفسرون بالعلم ونحوه لا بنفس
الذات انتهى وقال الامام مجدد الالف الثاني في المكتوب الحادي والثلثين من الجلد الاول — علوم سابق
که مبنی بر اتحاد و وحدت وجود بودند رو بزوال آوردند احاطه و سریان از قرب و معیت ذاتیه که در ان مقام
منکشف شده بود منتفی گشتند و بیقین معلوم گشت که صانع را جل شانه با عالم ازین نسبتهای مذکوره
هیچ ثابت نیست احاطه و قرب او تعالی علمی است چنانچه مقرر اهل حق است شکر الله سعیهم الی ان قال عجب
است که شیخ محی الدین بن عربی و تابعان او ذات واجب تعالی را مجهول مطلق گویند و محکوم هیچ حکمی
ندانند مع ذلک احاطه ذاتی و قرب و معیت ذاتیه اثبات نمایند وما هو الا حکم على الذات
تعالى وتقدس فالصواب ما قاله العلماء من اهل السنة من القرب العلمي والاحاطة العلمية انتهى
ان اقوال مذکوره سے معلوم ہوا کہ اہل سنت کے سلف و خلف کا اجماع ہے خدای تعالی کے قرب
اور اسکی معیت ذاتی نہونے پر الا فرقہ ملحدہ وجودیہ کا انکے خلاف کا کچھ اعتبار نہیں کیونکہ انکا

پاکیزہ پوشیدہ خود را مطیب ومتلف ساختی ووسادہ نہادی وبالای وسادہ با ہیبت ووقار بنشستے
احکام دستوری داوے تا آن شخص درآمدے واحادیث شنوانیدے ظاہر ہو کہ فتوی خود اصول اربعہ
سے مستنبط ہی پس اگر تعظیم احکام حدیث کی مقصود ہوتی تو فتوے کے واسطے بھی ایسا ہی کرتے حالانکہ کیا
معلوم ہوا کہ یہ فعل امام مالک رحمہ اللہ کا محض واسطے تعظیم ذکر آنحضرت کے تھا اور بھی اس فعل امام مالک
رحمۃ اللہ علیہ سے معلوم ہوا کہ تعظیما لذکر النبی پڑھنے والے کو چاہیے کہ باوضو ہووے بلکہ مستحب ہی باوضو
ہونا پڑھنے والے کا جیسا کہ لکھا ہی طحطاوی مین ویندب الوضوء بعد غسل المیت وحملہ ولوقت
کل صلوۃ وقبل غسل الجنابۃ وللجنب عند اکل وشرب ونوم ووطی والغضب وقراءۃ قرآن وحدیث
وروایتہ ودراسۃ علم واذان واقامۃ وخطبۃ وزیارۃ النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ووقوف
وسعی ونظر الی محاسن امرأۃ ولاجل غسل میت اھ ابو السعود علی الشرنبلالیہ اور مستحب ہی وضو بعد
نہلانے مردہ کے اور اٹھانے اسکے کے اور واسطے وقت ہر نماز کے اور قبل غسل جنابت کے اور جنابت والے
کو وقت کھانے اور پینے اور سونے اور صحبت کرنیکے اور واسطے دفع غصہ کے اور واسطے پڑھنے قرآن اور
حدیث کے اور روایت حدیث کے اور واسطے بیان کرنے علم کے اور واسطے اذان اور اقامت کے اور واسطے
خطبہ اور زیارت نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اور واسطے وقوف عرفات اور سعی صفا اور مروہ کے اور دیکھنے
حسن جورو کے اور واسطے غسل میت کے لکھا ہی اسکو ابو السعود نے شرنبلالیہ سے اور چاہیے کہ پڑھے
احوال ولادت اور فضائل اور آیات خوارق شریف اور جو کچھ ذکر شریف سے چاہیے بعد اسکے کچھ آیات قرآن
شریف کی پڑھے جاوین بعد اسکے شیرینی یا کھانا تقسیم کیا جاوے جیسا کہ سبل الہدی مین حافظ الحدیث النبوی
جلال الدین سیوطی سے نقل کیا ہی ان اصل المولد الذی ہو اجتماع الناس وقراءۃ ما تیسر من القرآن
وروایۃ الاخبار الواردۃ فی مبدء امر النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وما وقع فی مولدہ من الآیات ثم
یمد لہم سماط یاکلونہ وینصرفون من غیر زیادۃ علی ذلک من البدع الحسنۃ التی یثاب علیہا
صاحبہا لما فیہ من تعظیم قدر النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم واظہار الفرح والاستبشار بمولدہ
الشریف تا آخر تحقیق عمل مولد کی کہ وہ جمع ہونا لوگون کا ہی اور پڑھنا جتنا ہو سکے قرآن سے اور بیان اخبار
جو کہ وارد ہین بیچ مبدا امر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے یعنی احوال ولادت شریف کا اور جو کہ واقع ہوا
وقت میلاد شریف آنحضرت کے اثبات عظمت کے پھر بچھایا جاوے واسطے لوگون کے سماط کہ عبارت ہی دسترخوان

کھانے کی چیز سے طعام ہو یا شیرینی ہو کہ کھاویں اُسکو اور تصرف کریں بے زیادتی کے اوپر اُسکے یعنی ایسے
ہی امور کرنا چاہیے اور حد سے تجاوز نکرے اور مراد زیادتی سے یہ ہے کہ سوائے امور تعظیم نبی صلی اللہ علیہ و
آلہ وسلم کے نامشروع کو دخل دینا نہ مطلق زیادتی اسواسطے کہ اظہار سرور کو باعث ثواب کہا ہے بدعتوں حسنہ
سے ہے کہ ثواب پاتا ہے اُسپر صاحب اُسکا اسواسطے کہ اُسمین ہے جنس تعظیم قدر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اظہار
سرور اور خوشی پیدایش شریف کی اس سے معلوم ہوا کہ جو چیزین مشعر ہوویں تعظیم آنحضرت اور سرور
پیدایش پر اسی قبیل سے ہے انواع زیادتی نہیں جیسا کہ اُسی کتاب مین قبل اسکے حافظ ابن حجر سے منقول
ہے وعلی ھذا فینبغی ان یتحری الیوم بعینہ حتی یطابق قصۃ موسٰی صلی اللہ علی نبینا وعلیہ وسلم
فی یوم عاشوراء ومن لم یلاحظ ذلک لا یبالی بعمل المولد فی ای یوم من الشہر بل توسع قوم
فنقلوہ الی یوم من السنۃ وفیہ ما فیہ فھذا ما یتعلق باصل المولد واما ما یعمل فیہ فینبغی ان
یقتصر فیہ ما یفھم الشکر للہ تعالیٰ من نحو ما تقدم ذکرہ من التلاوۃ والاطعام والصدقۃ
وانشاد شیء من المدایح النبویۃ والزھدیۃ المحرکۃ للقلوب الی فعل الخیرات والعمل للاخرۃ اما
ما یتبع ذلک من السماع واللھو وغیر ذلک فینبغی ان یقال ما کان من ذلک مباحا بحیث یقتضی
السرور بذلک الیوم لا باس بالحاقہ بہ ومھما کان حراما او مکروھا فیمنع وکذا ما کان خلاف
الاولی اور بنابر اسکے سزاوار ہے کہ ڈھونڈھا جاوے روز معین یعنی ولادت شریف کا تاکہ مطابق ہووے قصہ
موسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کو روز عاشورہ مین اور جو شخص لحاظ نکرے اسکا کچھ باک نہیں رکھتا ہے یعنی
اُسکو کچھ قباحت نہیں ساتھ کرنے مولد شریف کے جس دن مین اُس مہینے سے ہو بلکہ وسعت رکھتا ہے گروہ
پھر نقل کیا اُسکو لوگون نے طرف جس دن سے کہ سال سے ہو اور اُس نقل مین جو ہے سو ہے یعنی یہ لطف مولد
شریف کا جو کہ خاص روز ولادت مین ہے اور دنون مین نہیں ہے اور ماہ ولادت بھی ایک نوع کی مناسبت رکھتا ہے
بخلاف اور دنون کے اگرچہ جب چاہے تب کرنا مولد شریف کا درست ہے بجہت ہونے خیرات کے پس یہ وہ چیز ہے
کہ متعلق ساتھ اصل سرور ولادت کے اور ہر وہ چیز کہ کرنا چاہیے اُسمین پس سزاوار ہے کہ اختیار کرے اُس مین
اُس چیز کو کہ جس سے بوجھا جاوے شکر اللہ کا ایسی چیزون مین سے کہ پہلے ہو چکا ذکر اُسکا قرآن پڑھنے اور
کھانا کھلانے اور پڑھنے کسی چیز کے مدائح نبی اور نصائح جوش دینے والے سے قلبون کو طرف کرنے نیکیون او
عمل آخرت کے لیکن جو کہ ساتھ لگا جانا سماع اور لہو اور سوا اُسکے مراد سماع سے بالحان پڑھنا قصائد مدحیہ آنحضرت صلعم کا

اور لہو سے وہ چیز ہی کہ بالذات اُسمین کچھ منفعت نہو بقرینہ قول آئندہ کے پس سزاوار ہی کہ کہا جاوے کہ جو چیز کہ
مباح اسطور کی اعانت سرور کو ہو اُس روز مین جیسے روشن کرنا اور سلگانا لوبان یا اگر کا یا وقت قیام کے
حاضران محفل پر گلاب چھڑکنا یا عطر لگانا قباحت نہین ہی اُسکے ملا لینے مین ساتھ مولد شریف کے یہ سب امور بالذات
مباحات سے ہین کہ بعضے زمان آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مین مستعمل تھے جیسا کہ عود وغیرہ سلگانا چنانچہ مشکوۃ
مین بسند مسلم نافع سے منقول ہی قال ابن عمر رضی اللہ عنہما اذا استجمر استجمر بالوۃ غیر مطراۃ و
بکافور یطرحہ مع الالوۃ ثم قال ھکذا کان یستجمر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہا ابن عمر رضی اللہ عنہما نے
جب بخور کرتے یعنی خوشبو سلگاتے تو بخور کرتے عود ہندی کے ساتھ یعنی اگر یا لوبان کہ نہین مخلوط ہی کسی چیز سے
اور ساتھ کافور کے کہ ڈالتے تھے اُسکو عود مین ملا کر اس سے معلوم ہوا کہ مراد بیان الوۃ سے لوبان ہی سوا سکے کہ
کافور مخلوط کرنا اُسمین زیادہ خوشبو دیتا ہی اور بعضے بلاد ہند مین اُسکو عود کہتے ہین اس سے معلوم ہوا کہ سلگانا
لوبان کا پسند تھا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پس مناسب ہوا کہ وقت ذکر شریف کے عمل مین آوے لیکن
چونکہ وقت تلاوت اور اذکار کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ثابت نہین ہوا لہذا فی نفسہ استعمال اُسکا وقت
ذکر وغیرہ کے اقسام مباحات سے ہی اور بعد رواج پانے کے فعل علما سے بحجت تعامل الناس کے مستحبات سے
ہو گیا جیسا کہ فصل اول مین گذرا اور گلاب چھڑکنا عادات اہل عرب سے ہی وقت ملاقات سرور کے دوستون
پر گلاب چھڑکتے ہین پس یہ بھی مباح ہی بجہت نہ پائے جانے کسی قباحت شرعی کے اور ہرگاہ علماء سابق
نے اُسکا استعمال کیا کہ معین سرور خاص کو ہی مستحسن ہوا واللہ اعلم اور معمول ہی پڑھنے والون مولد شریف کا
تمامی بلاد اسلام مین کہ وقت پیدایش شریف کے کھڑے ہو کر درود مشتمل بر صفات فخریہ آنحضرت صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم کا یا قصیدہ مدح کا پڑھتے ہین اُسکی بھی اصل حدیث سے ثابت ہوتی ہی کیونکہ بہ سبب ذکر شریف
کے ایک نوع کی تنہائی شیطان پر واسطے اہل مجلس کے پائی جاتی ہی اور ایک نہج کا حصول اطمینان
ہوتا ہی جیسا کہ مشکوۃ مین بسند بخاری کے ابن عباس سے مروی ہی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم الشیطان جاثم علی قلب ابن آدم فاذا ذکر اللہ خنس واذا غفل وسوس کہا ابن عباس
رضی اللہ عنہما نے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے شیطان بیٹھا ہوا ہی آدمی کے دل پر پس جب ذکر
کرتا ہی انسان اللہ کا بھاگتا اور شرمندہ ہوتا ہی شیطان اور جب غافل ہوتا ہی انسان وسوسہ ڈالتا ہی شیطان
اور اسی کتاب مین ابو سعید خدری اور ابی ہریرہ رضی اللہ عنہما سے بسند مسلم مروی وقال رسول اللہ صلعم

لا یقعد قوم یذکرون الله الا حفتهم الملائکة وغشیتهم الرحمة ونزلت علیهم السکینة
وذکرهم الله فیمن عنده فرمایا رسول الله صلی الله علیہ وآلہ وسلم نے کہ نہیں بیٹھتے کہ ذکر کرین الله کا مگر گھیر لیتے
ہین انکو ملائکہ اور چھپا لیتے ہین اُنپر رحمت اور نازل ہوتی ہے اُنپر سکینہ یعنی اطمینان اس سے معلوم ہوا کہ ذکر خدا
باعث فتحیابی کا شیطان سے اور حصول اطمینان کا ہوتا ہے اور فصل پہلی مین معلوم ہو چکا ہے کہ اشارۃ النص
آیۂ کریمہ سے ثابت ہوتا ہے کہ ذکر جناب رسالت پناہی عین ذکر الٰہی ہے اور بھی واقعات میلاد شریف مین روایات
صحیحہ سے ثابت ہوتا ہے کہ ابتدائے زمان علوق شریف مین شیطان کو چالیس دن عذاب رہا اور بعد اُسکے
وہ خوف ملائکہ سے بھاگ نکلا پس تمامی ذکر ولادت شریف کا مناسب اور مظہر فتحیابی کو ہوتا ہے اور پڑھنا
مدح نبی کا وقت فتحیابی اور اطمینان کے آنحضرت کے روبرو احادیث سے ثابت ہوا ہے چنانچہ ترمذی شمائل
مین انس رضی الله عنہ سے مروی ہے ان النبی صلی الله علیه وآله وسلم دخل مكة فی عمرة القضاء
وابن رواحة یمشی بین یدیه وهو یقول شعر خلوا بنی الکفار عن سبیله ✢ الیوم
نضربکم علی تنزیله ✢ ضربا یزیل الهام عن مقیله ✢ ویذهل الخلیل عن خلیله فقال له عمر
یا ابن رواحة بین یدی رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم وفی حرم الله تقول شعرا فقال
النبی صلی الله علیه وآله وسلم خل عنه یا عمر فلهی اسرع فیهم من نضح النبل تحقیق نبی صلی الله علیہ
وآلہ وسلم داخل ہوئے مکہ کو عمرۃ القضا مین کہ عبارت اُس عمرے سے ہے کہ بمقام حدیبیہ آپنے سنہ چھ مین ہجرت سے
قصد عمرہ کا کیا تھا کفار مانع آئے اور آپنے صلح کر لی اس وعدہ پر کہ سال آیندہ مین عمرہ کرینگے رجوع فرمائی
دوسرے سال اُسکے یعنی سنہ سات مین آپنے عمرہ قضا عمرہ اول سے ادا فرمایا اسکو عمرۃ القضا کہتے ہین اور بعضے
محدثین وجہ تسمیہ عمرۃ القضا کی یون لکھتے ہین کہ معنی قضا کے فتح کے بھی ہین اور یہ عمرہ بعد جاری ہونے اور
شروع فتحون اور نزول سورۂ فتح کے وقوع مین آیا اسکو عمرۃ الفتح بھی کہتے ہین اصطلاح اور نام بھی ہین اُسکے
ایسے ہی معنی کے مثل عمرۃ القصاص اور عمرۃ الصلح اور عمرۃ القضیہ بعد فتح خیبر کے شروع ذوالقعدہ مین
تہیا اسباب عمرہ کا فرمایا اور حکم کیا کہ جتنے لوگون نے اگلے سال عمرہ موقوف کیا اس سال چلین اور کوئی رہ
نجاوے چنانچہ جتنے زندہ تھے سب ساتھ ہوئے دو ہزار مرد ہمراہ لیکر اور ہم کو مدینہ مین والی کیا اور ساٹھ بدنہ
سوق کیے اور ساتھ لیا سلاح اور اسباب جنگ کا اور سو سوار آگے رکھ لیے جب ذوالحلیفہ ایک مقام ہے وہان آئے
روانہ کیا سواران کو سردار اُنکا محمد بن مسلمہ کو کیا اور ذی الحلیفہ مین بشر بن سعد کو عامل کیا اور احرام عمرہ کا

کیا آنحضرتؐ اور ہمراہیون نے اور لبیک کہتے ہوے روانہ ہوے اور پہونچے محمد بن مسلمہ مر الظہران کے مقام مین
کہ مکہ وہان سے کچھ کم ایک منزل رہتا ہی وہان کچھ لوگ قریش کے تھے پوچھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ
وسلم کہان ہین محمد بن مسلمہ نے کہا کہ تشریف لاتے ہین کل کی صبح یہین کرینگے انشاء اللہ پس اُن لوگون نے
جاکر مکہ مین اپنی قوم کو خبر کی کفار قریش گھبرائے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مر الظہر امین اُترے اور
اسباب جنگ کو بطن یاجج مین کہ وہان سے نشانہائے مکہ نظر آتے ہین بنگرانی انس بن خولی انصاری کے
چھوڑا پس کفار نے رعب کھاکر مکہ کو خالی کردیا اور پہاڑونکی چوٹیون پر جا ٹھہرے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم ذی طوی مین ہدی کو پیش کر کے اپنی سواری پر سوار مکہ مین داخل ہوے درحالیکہ مسلمان تلوارین
حمائل کیے ہوے گرد رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کہتے ہوے لبیک تھے اور ابن رواحہ باگ حضرت صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم کی مرکب کی پکڑے ہوے تھے ایسا ہی لکھا ہی مواہب مین اور سامنے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چلتے
تھے اور پڑھتے تھے خلوا بنی الکفار عن سبیلہ آخر تک طبرانی و بیہقی نے بعد اس مصرع کے اور چند مصرع روایت
کیے ہین اور ابن عقبہ نے بعد قد انزل الرحمن کے ایک اور روایت کیا ہی اور ابن اسحق نے آخر مین ایک اور
روایت کیا ہی مجموع اُسکا یہ ہی خلوا بنی الکفار عن سبیلہ الگ کر دو اولاد کفار کو راہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم سے یا الگ ہو جاؤ ای گروہ کفار کے راہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے قد انزل الرحمن فی تنزیلہ تحقیق
نازل کیا اور فرمایا رحمن نے بیچ تنزیل اپنی کے یعنی قرآن مین فی صحف یتلی علی رسولہ ایسے صحیفون مین کہ پڑھے جاتے ہین
اُسکے رسول پر بات خیا القتل فی سبیلہ باین طور کہ بہتر ہی کشت و خون کرنا اُسکی راہ مین یعنی جہاد مین نحن قتلناکم
علی تاویلہ ہم قتل کرینگے تمکو بنا بر تاویل اُسکی کے یعنی اجتہاد او استنباط سے کما قتلناکم علی تنزیلہ جیسا کہ قتل کیا ہمنے تمکو
نازل کرنے اُسکے کے الیوم نضربکم علی تنزیلہ ضربا یزیل الہام عن مقیلہ آج مارینگے ہم تمکو بنا بر تنزیل اُسکی کے
ایسا مارنا کہ جدا کر دیگا سر کو جوڑ اُسکے سے یعنی گردن سے و یذہل الخلیل عن خلیلہ اور بھلا دیگا دوست کو دوست
اپنے سے یارب انی مومن بقیلہ ای پروردگار مین ایمان رکھتا ہون موافق فرمان اُس حضرت کے
رأیت الحق فی قبولہ مینے دیکھا حق کو اُسکے قبول کرنے اور بدل و جان مان لینے مین پس اُسنے کہا عمر رضی اللہ
عنہ نے ای ابن رواحہ سامنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اور حرم خدا مین کہتا ہی تو شعر پس فرمایا نبی
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے الگ ہو اُس سے اسواسطے کہ ہر آئینہ یہ تیز تر ہے اُنکے حق مین کانٹون سے اس
سے معلوم ہوا پڑھنا مدائح نبوی کا وقت ظہور آثار فتح کے دشمن کو زیادہ صدمہ دیتا ہی اور پسندیدہ ہے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو اسواسطے کہ یہ عمرہ بعد فتح خیبر اور چند جنگون کے واقع ہوا اور کفار کو رعب حاصل
ہوا اُسکی خوشی مین ابن رواحہ یون چھپانے لگے اور پیغمبر صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے اُسکو پسند فرمایا اور
بعد حصول فتح کامل کے کہ فتح مکہ ہے ایسا مروی نہین ہوا ہے اسیطرح ہم بھی بعد ذکر ولادت کے کہ ظہور آثار فتح
پائین گے شیطان پر اور نوع اطمینان کی بامید مغفرت حاصل ہوتی ہے درود مدحی اور قصائد فخر آنحضرت صلی اللہ
علیہ و آلہ وسلم کے پڑھتے ہین کھڑے ہوکر تاکہ شیطان کو صدمہ ہو اسواسطے کہ یہ پڑھنا ابن رواحہ کا اسلیے تھا
اور بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے مدائح فخری اپنے کھڑے ہوکر پڑھوائے ہین جیساکہ بخاری نے اپنے
جامع مین اور ترمذی نے مفصلاً شمائل مین ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا ہے قالت کان رسول اللہ
صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم یضع لحسان بن ثابت منبرا فی المسجد یقوم علیہ قائما یفاخر عن رسول اللہ
صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم او قالت ینافح عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم و یقول رسول اللہ
صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ان اللہ یؤید حسان بروح القدس ما ینافح او یفاخر عن رسول اللہ
صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کہا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کہ درست
فرماتے واسطے حسان بن ثابت کے ایک منبر مسجد مین کہ کھڑے ہوتے حسان اُسپر کھڑے کھڑے بیان مفاخر
آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا کرتے یا کہا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ جواب دہی کرتے جناب رسول اللہ
صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے یعنی جو کہ کفار بد شعار کلمات بے ادبی کے زبان پر لاتے رد اُسکا حسان کرتے
ساتھ اشعار مدحیہ کے اور فرماتے رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم یقینی اللہ تائید کرتا ہے حسان کی بواسطہ
روح القدس یعنی جبریل کے جبتک مدح اور فخر کرتے ہین حسان رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی
ان دونون حدیث کے جمع کرنے سے معلوم ہوا کہ محل حصول طمانیت اور آثار فتح کے بیان مدح
آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا کھڑے ہوکر پڑھنا پسندیدۂ نبوی ہے پس وقت ذکر میلاد شریف کے واسطے
تعظیم آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے کھڑے ہوکر درود مشتمل اوصاف فخری اور اشعار مدحی آنحضرت صلی اللہ
علیہ و آلہ وسلم کے پڑھنا مستحب ہے اسواسطے کہ نظیر اُسکا فعل آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے بواسطہ ان روایات
کے ثابت ہوتا ہے اور توارث علماے صالحین کا اُسپر جاری بلکہ بسبب انکار اہل دین جدید کے بکمال متانت
ساتھ پڑھنے حسان بن ثابت کے اشعار مدحیہ کو موجود ہے اور بعضے نادان کہتے ہین کہ قیام تعظیمی واسطے
آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے ممنوع ہے بروایت مشکوۃ کے بسند ترمذی کے بروایت انس رضی اللہ عنہ

کے قال لم یکن شخص احب الیہم من رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کانوا اذا رأوہ لم یقوموا لما یعلمون من کراھیتہ لذلک کہا انس رضی اللہ عنہ نے کہ نہ تھا کوئی شخص محبوب تر انکے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم سے یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم سے محبت بہت رکھا کرتے اور کسی سے ویسی محبت نکرتے اور تھے صحابہ کہ جب دیکھتے آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کو نہ اُٹھتے اور نہ کھڑے ہو جاتے اس سبب سے کہ جانتے تھے مکروہ جاننا آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کا اُسکو وہ یعنی قیام تعظیمی کے واسطے آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم اتنا نہیں سمجھتے ہیں کہ اس حدیث سے نہی قیام تعظیمی کی مذکور نہیں ہے بلکہ علت ترک قیام صحابہ کی کراہت آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کے مذکور ہے اور ظاہر ہے کہ یہ ناگوار کرنا آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کا اپنے قیام تعظیمی کو بجہت غلبہ شفقت آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کے نسبت طرف صحابہ رضی اللہ عنہم کے تھا بقرینہ روایت لم یکن شخص احب الیہم کے کہ سابق متصل ہے ساتھ ذکر ترک قیام کے جیسا کہ شیخ عبد الحق دہلوی رحمہ اللہ نے اس حدیث کی شرح میں لکھا ہے و طیبی گفتہ کہ این کراہت از جہت کمال محبت و رسوخ مودت و صفای باطن و تالیف قلوب بود کہ موجب رفع تکلف و وجود اتحاد و یگانگی است پس حاصل آن آمد کہ قیام و ترک قیام بحسب زمان و احوال و اشخاص متفاوت گردد و ازینجاست کہ گاہی کردہ اند و گاہی نہ و باین وجہ حاصل می گردد تطبیق و توفیق میان احادیث و قول او لم یکن شخص احب مشعر ست بآنکہ محبت مستلزم تعظیم و ہیبت و اجلال ست با وجود آن چون آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم مکروہ میداشت آنرا ایشان نخواستند بجہت طلب رضا و اطاعت و ازینجا معلوم گردد کہ لا طاعۃ فوق الادب و بروشنی کہ طیبی رفت ہمین محبت و کمال آن باعث بر عدم قیام آمد گویا کانوا اذا رأوہ لم یقوموا بیان ثمرہ و نتیجہ کلام سابق ست فافہم انتہی اور ناگوار رکھنا اپنے قیام تعظیمی کا واسطے تحریم کے نہ تھا اسواسطے کہ قیام تعظیمی آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کا صحابہ سے ثابت ہے جیسا کہ مشکوۃ میں بسند بیہقی کے ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم یجلس معنا فی المسجد و یحدثنا فاذا قام قمنا قیاما حتی نراہ قد دخل بعض بیوت ازواجہ کہا ابو ہریرہ نے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کہ بیٹھتے ہمارے ساتھ مسجد میں اور باتین کرتے ہمسے پس جب کھڑے ہوتے اور اُٹھتے کھڑے ہو جاتے ہم کھڑے رہتے کر یہانتک کہ دیکھتے ہم آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کو کہ داخل ہو چکے بعضے گھرون بیبیون اپنے کے تئین پس اس سے معلوم ہوا کہ صحابہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم

کے لیے قیام کرتے تھے پس اس روایت اور روایت انس رضی اللہ عنہ مین تعارض درباب قیام تعظیم
نفیاً و اثباتاً پیدا ہوا اور مثبت مقدم ہی عمل مین نافی سے جیسا کہ فصل اول مین مشرح ہو چکا ہی اور
نہی قیام تعظیمی کی کہ مشکوۃ مین بسند ابو داؤد ابی امامہ سے مروی ہی قال خرج رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم متکئاً علی عصا فقمنا لہ فقال لا تقوموا کما یقوم الاعاجم یعظم بعضہا بعضاً کہا
ابوامامہ رضی اللہ عنہ نے کہ نکلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ٹیک دیے ہوے اوپر عصا کے پس کھڑے
ہوے ہم واسطے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پس فرمایا آنحضرت نے نہ کھڑے ہو جیسا کہ کھڑے
ہوتے ہین اعاجم کہ تعظیم کرتے ہین بعضے بعضون کی یہ نہی محمول اوپر ہیئت مخصوص قیام تعظیمی کے نہ نفس
قیام تعظیمی کے اور قرینہ عبارت مقتضی ہے خصوص ہیئت کو جیسا کہ لکھا ہی شیخ عبدالحق دہلوی رحمۃ اللہ
علیہ نے اس حدیث کی شرح مین برنخیزید و نہ ایستید چنانکہ برمی خیزند و می ایستند اہل عجم تشبیہ در اصل
ایستادن باشد یا کیفیت خاص کہ چون عظیمے از عظماے ایشان برایشان درآید بمجرد دیدن وی برخیزند
اضطراب کنند و پیش آیند و براے تعظیم وے برپا ایستادہ باشند چنانکہ تلمیح بآن کردہ بقول خود یعظم
بعضہا بعضاً تعظیم می کنند بعضے از ایشان کہ اصاغرند بعضے دیگر را کہ عظما و اکابرند و برین توجیہ اصل
قیام ممنوع نباشد چنانکہ در احادیث آمدہ بلکہ آنچہ بطریق تعظیم و تجبیر باشد انتہی اور درصورت محمول ہونے
مطلق قیام تعظیمی کے یہ نہی منسوخ ہی بفعل آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جیسا کہ مشکوۃ مین بسند ابوداؤد ام المومنین
عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہی قالت ما رأیت احداً کان اشبہ سمتاً وہدیاً ودلاً وفی روایۃ
حدیثاً وکلاماً برسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم من فاطمۃ کانت اذا دخلت علیہ قام
الیہا فاخذ بیدہا فقبلہا واجلسہا فی مجلسہ وکان اذا دخل علیہا قامت الیہ فاخذت بیدہ
فقبلتہ واجلستہ فی مجلسہا کہا ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ نہین دیکھا مین نے کسی ایک کو
کہ ہووے مشابہ زیادہ روش باطنی و وقار ظاہری اور حسن اخلاق مین اور ایک روایت مین حدیثاً وکلاماً
بھی مذکور ہی یعنے بولی اور بات مین ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فاطمہ رضی اللہ عنہا سے تھین
فاطمہ رضی اللہ عنہا کہ جب داخل ہوتین آنحضرت پر یعنی حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت
مین حاضر ہوتین کھڑے ہو جاتے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم طرف انہین فاطمہ رضی اللہ عنہا کے پھر
پکڑتے ہاتھ انکا پس بوسہ دیتے انکو اور بٹھلاتے انکو اپنی نشست گاہ مین یعنی پاس اپنے اور جب

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہ جب تشریف لاتے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے گھر مین کھڑی
ہوجاتین طرف آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پھر پکڑتین ہاتھ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کا پس بوسہ دیتین اُنکو اور بٹھلاتین اپنی نشست گاہ مین ظاہر ہی کہ کلمہ کان کا بعد داخل ہونے
کے فعل پر دلالت کرتا ہی اوپر دوام کے پس بلاشبہ وقوع اس فعل کا بعد نہی کے ہوگا کیونکہ حضرت
عائشہ رضی اللہ عنہا نے اس روایت مین ترک قیام کو ذکر نہین کیا اور بھی محمول کرنا اس قیام کا
اوپر قیام محبت غیر تعظیم کے بعید ہی اس لیے کہ وقوع ایسے امور کا ازراہ محبت کے درصورت تمادی
مفارقت کے ہوا کرتا ہی نہ دائما اس وجہ سے علما نے استحباب قیام تعظیمی واسطے بزرگون کے اس
حدیث سے ثابت کیا جیسا کہ شیخ عبدالحق دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے شرح مشکوۃ مین تحت حدیث
ابی سعید خدری رضی اللہ عنہ کے قوموا الی سیدکم کہ درحق سعد بن معاذ اوسی رضی اللہ عنہ کے لکھا
ہی پوشیدہ نماند کہ قیام آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مر فاطمہ رضی اللہ عنہا را و قیام وی رضی اللہ
عنہا مر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم را سابقا معلوم شدہ و تاویل بآنکہ آن قیام محبت و اقبال بود
نہ تعظیم و اجلال خالی از بعدے نیست وہم طیبی رحمہ اللہ از محی السنۃ نقل کردہ کہ اجماع کردہ اند
جماہیر علما باین حدیث بر اکرام اہل فضل از علم یا صلاح یا شرف بقیام و امام محی السنۃ محی الدین
نووی رحمۃ اللہ علیہ گفتہ کہ این قیام مر اہل فضل را وقت قدوم آوردن ایشان مستحب ست
و احادیث درین باب ورود یافتہ و در نہی ازان صریحا خبری صحیح نشدہ و در مطالب المومنین از قنیہ
نقل کردہ کہ مکروہ نیست قیام جالس از برای کسیکہ درآمدہ است بروی بجہت تعظیم و قیام مکروہ نیست
بلکہ مکروہ محبت قیام ست از کسے کہ قیام کردہ شدہ است برای وی و اگر وی محبت قیام ندارد قیام برای
وی مکروہ نبود قاضی عیاض مالکی رحمۃ اللہ علیہ گفتہ کہ قیام منہی عنہ درحق کسی ست کہ نشستہ باشد و ایستادہ
باشند پیش وی مردم تا نشستن وی چنانکہ در حدیث بیاید در قیام و تعظیم برای اہل دنیا بجہت دنیاے
ایشان وعید شدید وارد شد مکروہ ست در غایت کراہت انتہی اور بعضے سفہا قیام وقت کو تشبیہ دیتے
ہین ساتھ جنم وغیرہ کے معاذ اللہ حالانکہ فصل اول مین مشرح ہوچکا ہی کہ جوکہ اصول اربعہ سے ثبوت
پاوے اُسمین حرمت تشابہ بدون نیت تشابہ کے اور اتحاد وضع کی لاحق نہین ہوسکتی اور ظاہر ہی کہ اس
قیام مین مدائح نبویہ اور درود پڑھا جاتا ہی اور اُسمین شمول لہویات کا ہی مصرع چہ نسبت خاک را با عالم پاک

سوال ۲۴۴ مولوی صاحب دام اقبالہ السلام علیکم ولی اللہ کے مزار پر چادر مٹھائی پھول وغیرہ لیجاکر فاتحہ دینا اور مجلس میلاد شریف مین جو تعظیما قیام کے واسطے اٹھتے ہین جائز ہی یا ناجائز ہی اسکا فتوی تحریر فرماکر روانہ فرمایے مولوی اسد اللہ اس بات کا فتوے دیتے ہین کہ شیرینی وغیرہ لیجاکر جو فاتحہ مزار پر دیتے ہین وہ شرک ہی قرآن سے ثابت ہی ھو المصوب

امور مذکورہ بعض علما کے مستحبات سے ہین واللہ اعلم حررہ الفقیر محمد قیام الدین عبد الباری عفا اللہ عنہ

سوال ۲۴۵ کیا فرماتے ہین علماے دین اس مسئلہ مین کہ یہ اشعار ے

دل از عشق محمد ریش دارم رقابت با خدای خویش دارم

عشق حضرت کا نہ لی نام دلا تو ہرگز کہین خالق سے نہ مضمون رقابت نکلے

کیسے اور حکم انکا کیا ہی اور بعد تنبیہ صحت پر اصرار جائز اور تاویلات مفید ہین یا نہین بینوا توجروا **الجواب** قبل از بیان حکم تحقیق معنے اشعار حسب محاورہ شعراے فرس و اردو معنی رقابت باصطلاح شاعران فارس وارد و مخالفت وعناد ورشک وحسد کو متضمن یا مستلزم اور دوسرے کا محبوب سے مجرد محبت رکھنا صحت اطلاق رقیب کے لیے غیر کافی ولہذا کہین انکے کلام مین ذکر اس صفت اور اسکے موصوف کا خیر وخوبی کے ساتھ نہین پایا جاتا جہان کہین لکھتے ہین سب وشتم وطعن وتشنیع وکلمات حسد ودعاہای بد واشباہ اسکے کلمات کریہہ واقوال قطیعہ سے یاد کرتے ہین اور اولاد ووالدین کو نہ رقیب کہین نہ انکے نسبت الفاظ مذکورہ لکھین پس جناب باری جل شانہ وعظم برہانہ کو اپنے سے یہ نسبت قرار دینا گویا یہ کہنا ہی کہ العیاذ باللہ اللہ تعالی اس شخص کا مخالف اور اس سے رشک وحسد رکھتا ہی شعر اول مین صراحۃ ادعاے رقابت ہی پس باعتبار معنی متبادر ومحاورات شعرا اسکے کلام بیہودہ ومخالف شریعت مطہرہ ہونے مین کیا شبہہ شعر ثانی مین اگرچہ اس صریح دعوے سے احتراز اور جناب باری کو اپنا رقیب قرار دینے سے انکار ہو مگر طریقہ احتراز یہ ہی کہ عشق حضور مین خوف رقابت خدا تسلیم کرکے راسا عشق ومحبت کے نام لینے سے منع کرتا اور باز رکھتا ہی اور یہ امر بھی بوجہ مخالفت شریعت غرا ہی اولا اگر علی سبیل التنزل معنی شعر یہی قرار دیے جاوین کہ عشق حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم مین رقابت باری کا ایک وہم واحتمال ہی تاہم اس نسبت کے ایہام مین ایہام رشک وحسد پیدا اثش محصل ظاہر کلام یہ ہی کہ عشق ومحبت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام نہ لینا چاہیے مبادا خداے تعالی مخالف ہوجاے اور عیاذا باللہ یہ رشک وحسد پیش آوے

پر بظاہر حضرت قدوس مجاز میں عیوب و نقائص کا وہم و احتمال بھی گستاخی و سوء ادب سے خالی
نہیں ثانیاً محبت حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ گمان فاسد کرنا اور اسکے نام لینے سے باز رکھنا
سفاہت بر سفاہت اور شرعاً از قبیل یاوہ گوئی و ہذیانات حب و ولا ہمارے سید و مولی صلی اللہ
علیہ وسلم کی اصل ایمان و موجب رضائے رحمن ہے بندہ کو جسقدر اس جناب سے عشق و محبت زیادہ
ہو اسی قدر ایمان کامل اور حضرت معبود سے نزدیکی و قرب زیادہ حضور خود ارشاد فرماتے ہیں صلی اللہ
علیہ وسلم لا یؤمن احدکم حتی اکون احب الیہ من والدہ و ولدہ والناس اجمعین یعنے تم میں
کسی کا ایمان پورا نہیں ہوتا جبتک مجھے اپنے باپ اور اولاد اور سب آدمیوں سے زیادہ دوست
نہ رکھے دوسری روایت سے ثابت ہے کہ جبتک حضور کو اپنی جان سے زیادہ نہ چاہے گا کمال ایمان
نہ پائے گا نہ کہ العیاذ باللہ عشق جناب کے نام لینے سے مخالفت الٰہی اور اس جانب سے رشک و
حسد کا گمان ہو جیسا کہ بظاہر شعر ثانی سے مترشح ہے لیس بلا ریب دونوں شعر خلاف شریعت بیجا ادب
سخت بیہودہ و بیجا ہیں مگر پہلا دوسرے سے قبیح تر کہ اس میں کھلا کھلا ادعاے رقابت ہے اہل اسلام
کو امثال اس کلام سے احتراز لازم اور تاویلات و تصرفات اس حکم سے نجات نہ دینگے کہ ایسا لفظ
کہنا کہ جسکے معنی متبادر میں جناب باری یا حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے ادنی گستاخی و دیگر قبائح
شرعیہ پائے جائیں بلکہ انکا مجرد احتمال ہی ہو طریق ادب کے خلاف اور شرعاً بیجا اور بعد تنبیہ اس
پر اصرار کرنا اور درپے تصحیح ہونا اور زیادہ برا ہے ہذا والعلم عند واہب العلوم عالم کل سر مکتوم کتبہ
عبدہ المذنب احمد رضا عفی عنہ بمحمدن المصطفی [احمد رضا خان ولد مولوی نقی علیخان] سدده و علی اللہ
اجره محمد نقی علی عفی عنہ [مولوی نقی علیخان ولد مولوی رضا علیخان] جواب مذکور درست و صواب ور
حضرت مجیب مستحق اجر و ثواب ہیں اسی واسطے کہ ازدیاد محبت قلبی اور غلبۂ شوق و عشق دلی بنا بر
جناب سید المرسلین صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے اصل مدار ایمان ہے جسقدر اس میں کمی ہے اسی قدر ایمان کا
نقصان ہے اور انکار اس وصف کمال کا اور نام لینا اسکا زبان سے بھی نہایت تغیر مقتضا ہے واما
بہشت بسبب شفاعت کے ضرور ہے لیس شعر اردو میں جو بحرف نکلے مضمون رقابت کے حضرت کے
عشق کے علم لینے سے عمل کو مخالفت ہے باعتبار معنی ظاہر متبادر کے ضلالت و جہالت نا مستحسن ہے اور شعر
فارسی بھی باعتبار معنی متبادر قبیح و مستحسن ہے ایسے بیجا مضامین گو شعرا کے نزدیک نہایت پسند

ہون اور عقلا ہذیان نہون مگر شرعا نہایت بیجا ہین اور مقام نعت شریف مین کہ نہایت جاے
ادب ہی استدلال کلام ائمہ شریعت سے لازم ہی استناد اقوال و اشعار شعراے بے قید سے نازیبا ہے
البتہ جبتک قائل کا اعتقاد معنی متبادر پر بغیر تاویل کے ثابت نہو حکم کفر قطعی کا نسبت شخص معین کے
جائز نہین اور اگر اصرار و التزام اُس شئے فاسد کا قائل کو ہو تو البتہ اس مین خوف نقصان ایمان
کا ہے اور تاویل و توجیہ خلاف ظاہر گو کفر سے مانع ہی مگر پھر بھی ممنوع ہونا تفوہ ایسے مضمون کا
برقرار ہی واللہ تعالی اعلم بالصواب والیہ المرجع والمآب حررہ الفقیر عبد القادر القادری عفی عنہ
فی الواقع ایسے کلمات جناب باری جل جلالہ کے حق مین بڑی بے ادبی کے موجب ہین بلکہ
اصرار اس پر موجب تعزیر ہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن
ذنبہ الجلی والخفی [ابو الحسنات محمد عبد الحی] جامع الفتاوے کہتا ہی کہ ایسے اشعار اگر بوجہ
غلبہ محبت کے ہین تو موجب تعزیر یا لائق سرزنش نہین ہین استعارات و تشبیہات اور مجازات وغیرہ
کا استعمال اشعار مین بہت ہوتا ہی اور جب ایک لفظ مختلف معنی مجازی کی محتمل ہو تو شان اسلام اس
مین سے اُسی معنی کی تخصیص کردے گی جو منافی عقائد قائل نہون بحیث اسکی انبت الربیع البقل
کے تحت مین کتب معانی و بیان مین مشرح ہی تو اب ان اشعار کے معانی ایسے لینا جو شان اسلام
کے خلاف ہون ناروا ہوگا نہ یہ کہ ایسے اشعار کا کہنا ناجائز ہوگا ورنہ انبت الربیع البقل کے
مانند محاورات ترک کرنا پڑین گے۔ مانا کہ رقیب دشمن کی جگہ اور مخالف کے اوپر بولا جاتا ہی
ساتھ ہی اسکے ہم خیال اور ہم مذاق او رایک شخص کے مختلف عشاق پر بھی اطلاق ہوتا ہی اور محبوب
بسا اپنے محبوب کے کثرت عشاق ہونے کو پسند کرتا ہی جو ذوق محبت رکھتے ہین اُن پر بخوبی ظاہر
ہی لیکن کیون نہ شعر فارسی سے مقصود اتباع سنت ہو اور شعراے اردو مین تادب کا پہلو ملحوظ
رکھنے اور اپنی محبت کی تحقیر کے خیال کرنے کا نہو جو شان اہل ایمان کے موافق ہی اور لفظ رقابت
سے بھی سمجھا جاتا ہی واللہ اعلم ۱۳۰۵ھ سوال ۱۴۶ چہ می فرمایند علماے دین و مفتیان شرع متین درینکہ
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم از قدم شریف و ردا و قمیص و موی مبارک کہ کدام کدام چیز بعد وفات
حضرت صلی اللہ علیہ وسلم باقی بود و کجا کجا منتقل شد بینوا بالروایات توجروا الہم الصواب
بودن موی مبارک و قمیص وغیرہ تبرکات نزد مصریان ثابت ست شیخ عبد الحق دہلوی رحمہ اللہ

در مدارج النبوة افاده نموده و در روایتی آمده که چون نحر کرده رسول مقبول صلی الله علیه وسلم بعد از آن حلاق را
طلبیده که معمر بن عبد الله نام داشت واشارت کرد حلاق را که ابتدا بجانب راست کند وقسمت
نمود موهای را بر اصحاب بر یکی را یک تار مو تا دو تار مو نصیب رسید وموهای جانب چپ را با ابوطلحه
انصاری داد و آخر ناخن انگشتان مبارک تقلیم کرد و آن را نیز بر مردمان قسمت نمود ومروی است از
ابو بردة ابن ابو موسی اشعری که گفت بیرون آورد پیش ما ام المؤمنین عائشه رضی الله عنها ازاری درشت
و گلیمی وگفت قبض کرده شده است روح پیغمبر صلی الله علیه وسلم درین دو جامه واین صفت
وگفت اسماء بنت ابی بکر رضی الله عنهما بود جبه آنحضرت صلعم نزد عائشه رضی الله عنها وفوت کرد پس گرفتم آن را من و ما
می شوئیم آن را برای بیماران برای طلب شفا ودر کلاه خالد بن ولید موی چند بود از موهای
شریف صلی الله علیه وسلم تبرکا وافتاد کلاه وی در بعضی جنگ پس مضطرب گشت در
جستجوی آن تا آنکه چند مسلمانان کشته شدند پس انکار کردند صحابه این فعل را بر خالد
گفت نکرده ام این را برای کلاه بلکه بجهت موهای شریف که در آن بسته بود نگاه داشته ام تا ضائع
نشود و در دست مشرکان نه افتد وبرکات آن از من مسلوب نگردد ومروی است که بعضی
از متروکات پیغمبر صلی الله علیه وسلم پیش عمر بن عبد العزیز بوده واو آن را در خانه مضبوط نگاه
میداشت وهر روز یکباری می رفت وآنها را زیارت میکرد وگاه بود که چون بعضی از اشراف
پیش وی می آمدند آن را داخل خانه می برد وآنها را بایشان می نمود ومیگفت میراث من اکرمکم
الله وعززکم به وگویند در آن خانه سریری و بالشی از ادیم که حشو آن از لیف خرما بود ویک جفت
موزه وقطیفه واشیای دستی و کنانه که در آن چند تیر بودند وگویند که در آن قطیفه اثر عرق سر
مبارک وی بود ومردی زحمتی عظیم داشت وشفائی یافت از عمر بن عبد العزیز التماس نمود که
که بعضی از آن عرق بشوئید او با سعوط در بینی بیمار چکانیدند بیمار شفا یافت انتهی وصاحب
مواهب اللدنیه نقل نموده است که در شهر ذیقعده سنه هشت صد ونود وه هجری نزد یک شیخ
ابی حامد موی رسول مقبول صلی الله علیه وسلم دیده ام وایضا من بعد ما ذکره من فضل
تمثال نعله الکریمة علیها افضل الصلوة والتسلیم وجرب من نفعها وبرکتها ما
ذکره ابو جعفر احمد بن عبد المجید وکان شیخا صالحا ورعا قال حذوت هذا المثال

لبعض الطلبة فجاءني يوما فقال لي رأيت البارحة من بركة صاحب هذا النعل عجبا أصاب
زوجتي وجع شديد كاد يهلكها وجعلت النعل على موضع الوجع وقلت اللهم أرني بركة
صاحب هذا النعل اصابها دس من الوجع الشديد فشفاها الله للحين قال ابو اسحٰق قال
ابو القاسم ابن محمد ومما جرب من بركته ان من امسكه التماسا للتبرك كان له امانا
من بغي البغاة وغلبة العدو وحرزا من كل شيطان مارد وعين كل حاسد وان امسكته
المرأة الحامل بيمينها وقد اشتد عليها الطلق يتيسر امرها بحول الله وقوته انتهى والله اعلم
بالصواب واليه المرجع والمآب نمقه احقر العلماء خادم احمد غفر له الصمد۔ سوال ۱۵۳ یا علما رحمہم اللہ تعالیٰ
در آثار قدم شریف که در تمام عالم بهر شهر و قصبه موجود است اعتقاد این چگونه باید و از آنحضرت صلی اللہ علیہ
وسلم چه جا بصحت رسیده که نقش قدم شریفش در حجر اثر کرده و بعد ازان منتقل شده کجا رسید و در عهد
صحابه و تابعین کجا ماند و حالا بگمان اینکه از همان تبرکات است چگونه تعظیم و تکریمش کرده آید بینوا
توجروا هو الموفق بودن اثر قدم شریف در مقام ابراهیم و از حافر نعل شریف در مسجد بنی معاویه
المدرون مدینه بحد تواتر رسیده شیخ عبد الحق دهلوی در مدارج النبوة افاده نموده و از انجمله آنست
که چون بر سنگ میرفت فرو میرفت هر دو پای وے در آن چنانکه در مقام ابراهیم متواتر است
و اثر مرفقین آنحضرت در سنگ دیگر مشهور است و اثر حافر نعل شریف در مسجد بنی معاویه در مدینه
واقع است انتهی و دیگر جاها که اثر قدم شریف مردمان مشهور ساخته اند اگر بپایه تصدیق برسد او را
متبرک شمارد و از وی برکت گیرد باین طور که او را مس ساخته هر دو دست را بر دو چشم مالد شیخ عبد الحق
دهلوی در مدارج النبوة رقم فرموده دیده ابن عمر رض که نهاد دست خود را بجای نشستگاه آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم بعد ازان دست را بروی خود مالید انتهی آری چنین تعظیم و تکریم نماید که بپایه پرستش
نرساند اعاذنا اللہ منه واللہ اعلم بالصواب والیه المرجع والمآب نمقه احقر العلماء خادم احمد غفر له الصمد
۵۵ سوال ۱۳۲ ایسے موئے مبارک کی زیارت کی نسبت اور نیز اس محفل زیارت میں شرکت کی
بابت جو بغیر اسناد صحیح کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب کی جاتی ہو حالانکہ اس محفل زیارت
میں بعض منہیات شرعیہ اور بدعات سیئہ کا ارتکاب بھی کیا جاتا ہو مثلاً شب برات ...
چراغان روشن کیے جاتے ہیں نوبت و شہنائی نوبت بہ نوبت بجائی جاتی ہو ...

راگ بھی مع مزامیر وغیرہ ہوتا ہے غرضکہ جملہ رسومات شادی اُس محفل زیارت مین ادا ہوتے ہین اور اسباب
تعیش وطرب مہیا کیے جاتے ہین صبح روز زیارت کو بالیدہ پر آنحضرتؐ کی روح پر فتوح پر فاتحہ مروجہ کرنا
بھی واجبات سے خیال کیا جاتا ہے اور نیز ارشاد ہو کہ شیفتگان موی مبارک اکثر نقد وجنس بطور نذر
ونیاز کے موے مبارک پر چڑھاتے ہین اُسکا لینا کیسا ہے اور کسکو لینا چاہیے اور کسی قدر اراضی
وغیرہ بطور اعانت عرس موے مبارک کی سلاطین اہل اسلام کے عہد سے معاف چلی آتی ہے اُس پر
خادمان موے مبارک کا متصرف ہونا اور اُس مین سے اپنا اور اپنے اہل وعیال کا نفقہ چلانا شرعاً کیسا
ہے بینوا توجروا **الجواب** جاننا چاہیے ہر مسلمان کو کہ جن چیزون کو ذات بابرکات حضرت رسول الثقلین
سیدنا ومولانا حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کسی قسم کا علاقہ ہے خواہ وہ موی مبارک ہو خواہ جبہ مبارکہ
خواہ نعلین پاک ہون خواہ اور کوئی چیز ہو کہ جسکو آنحضرتؐ نے مس فرمایا ہو اور کسی طرح سے اُسکو شرف
پیدا ہوا ہو ایسی تمام چیزون کی تعظیم کرنا اور اُنسے برکت حاصل کرنا نشان کمال ایمانی اور دلیل غایت
محبت نبوی ہے اور جملہ آثار نبی پر جان نثار کرنا ایک عمدہ علامت علامتہاے اسلام سے ہے اس
باب مین کسی عاشق جناب نبوی کو کلام اور کسی اہل ایمان کو اس سے انکار کی مجال نہین ہے اور اس مین
شبہہ نہین ہو سکتا کہ ایسے آثار ومشاہد کی تعظیم وتکریم اور اُنسے برکت حاصل کرنا دراصل تعظیم و
تکریم جناب احمدی کی ہے جو راس الایمان ہے اور ثبوت اسکا اکثر احادیث صحیحہ اور آثار صحابہ کرام سے ہوتا
ہے چنانچہ موے مبارک کی تعظیم اور برکت حاصل کرنے کی نسبت عثمان بن عبد اللہ بن موہب سے
روایت ہے ارسلنی اهلی الی ام سلمة بقدح من ماء وكان اذا اصاب الانسان عين او شئ بعث
اليها مخضبة فاخرجت من شعر رسول الله صلى الله عليه وسلم وكانت تمسكه في جلجل من فضة
فخضخضته له فشرب منه قال فاطلعت في الجلجل فرايت شعرات حمراء رواه البخاري
ترجمہ عثمان بن عبد اللہ بن موہب فرماتے ہین کہ بھیجا مجکو میرے گھر والون نے حضرت ام سلمہؓ کے
پاس ایک پیالہ پانی کا لیکر اور عادت سب کی یہ تھی کہ جب کسی آدمی کو نظر لگجاتی یا اور کچھ بیماری ہوتی تو وہ حضرت
ام سلمہ کے پاس پانی کا پیالہ بھیجدیا کرتا تھا پس ام سلمہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا موے مبارک نکالتین اور
اُسکو ایک چاندی کی ڈبیہ مین رکھا کرتی تھین پس وہ موے مبارک اُسی پانی مین ڈال کر ہلا دیا
کرتی تھین اور وہ اُسکو پی لیا کرتا تھا پس مین نے جھانک کر ڈبیا مین دیکھا تو اُس مین چند بال تھے

سرخ رنگ کے روایت کیا اسکو بخاری نے اور جبہ مبارک کی تعظیم اور اس سے برکت حاصل کرنے کی نسبت حضرت اسماء بنت ابی بکر ہمشیرہ خاص حضرت عائشہ صدیقہ رض سے روایت ہو انہا اخرجت جبة طيالسة كسروانية لها لبنة ديباج وفرجيها مكفوفين بالديباج وقالت هذه جبة رسول الله صلى الله عليه وسلم كانت عند عائشة فلما قبضت قبضتها وكان النبي صلى الله عليه وسلم يلبسها فنحن نغسلها للمرضى نستشفى بها رواه مسلم ترجمہ حضرت اسماء بنت ابی بکر سے روایت ہو کہ انہوں نے نکالا ایک جبہ طیلسان کا کسروانی کہ اس مین گریبان پر ریشمی سنجاف تھے اور دونون چاکون پر اسکے ریشمی سنجاف تھے اور کہا کہ یہ جبہ ہو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت عائشہ کے پاس رکھا تھا پس جب عائشہ نے انتقال کیا تو یہ جبہ مین نے لے لیا اسکو آنحضرت پہنا کرتے تھے اور اب ہم دھو کر مریضون کو پلاتے ہین کہ اسکی برکت سے شفا حاصل کرین اور اس سے یہ مسئلہ ثابت ہو کہ خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دست مبارک سے اپنے آثار مبارک کو تبرکا اوروں کو عطا فرمایا ہو اور بطریق تبرک اسکا استعمال کرایا ہو چنانچہ باب حجۃ الوداع مین حضرت انس رض سے مروی ہو قال ان النبي صلى الله عليه وسلم اتى منى فاتى الجمرة فرماها ثم اتى منزله بمنى ونحر نسكه ثم دعا بالحلاق وناول الحالق شقه الايمن فحلقه ثم دعا ابا طلحة الانصاري فاعطاه اياه ثم ناول الشق الايسر فقال احلق فحلقه فاعطاه ابا طلحة فقال اقسمه بين الناس رواه الشيخان ترجمہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم آئے منا مین پس جمرہ کی جگہ آکر رمی کی پھر آپ نے اپنے قیام گاہ میں مراجعت فرماکر قربانی کی پھر حجام کو بلا کر جانب یمین سر مبارک اسکے طرف کی اسنے حلق کیا پھر ابو طلحہ انصاری کو بلا کر وہ موے مبارک دیدیے پھر حلاق کو دوسری شق یسار کی دی اور فرمایا کہ حلق کر چنانچہ اسنے حلق کیا تو فرمایا ابو طلحہ کو دیکر کہ یہ سب کو بانٹ دے اور ایسے ہی مروی ہو حضرت ام عطیہ رض سے حضرت زینب بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے غسل اور تکفین کے قصہ مین انہا قالت فالقى حقوه فقال اشعرنها اياه ترجمہ حضرت ام عطیہ فرماتی ہین کہ حضرت نے اپنا تہبند ہماری طرف پھینکا اور فرمایا کہ اس کپڑے کو سب کپڑون سے پہلے پہنا کر کفن دو یعنی اسکو بدن سے متصل رکھو اور یہ حدیث دلیل ہی برکت حاصل کرنے مین صلحا کے آثار سے چنانچہ صاحب لمعات نے اسکے تحت مین افادہ فرمایا ہو وهذا الحديث اصل في التبرك بآثار الصالحين ولباسهم انتہى ترجمہ یہ حدیث اصل ہے

افادہ فرمایا ہے کہ یہ حدیث دال ہے جواز تبرک حاصل کرنے پر ساتھ آثار صلحا اور لباس انکے کے اور اسی طرح جن چیزوں کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مس فرمایا اسکی برکت ثابت ہے چنانچہ حضرت کبشہ روایت فرماتی ہیں قالت دخل علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فشرب من ماء فی قربۃ معلقۃ قائما فقمت الی فیہا فقطعتہا ترجمہ حضرت کبشہؓ روایت فرماتی ہیں کہ آنحضرت ہمارے گھر آئے اور ایک مشکیزہ لٹکتا تھا اسکو منھ سے لگا کر آپ نے پانی پیا پس مین نے اس مشکیزہ کے دہانے کو تراش رکھا اور قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ نے شفا مین افادہ فرمایا ہے ومن اعظامہ اعظام جمیع اسبابہ واکرام مشاہدہ وامکنۃ من مکۃ والمدینۃ ومعاہدہ وما لمسہ علیہ الصلوۃ والسلام وایضا قال کانت فی قلنسوۃ خالد بن الولید شعرات من شعرہ صلی اللہ علیہ وسلم فسقطت قلنسوتہ فی بعض حروبہ فشد علیہا شدۃ انکر علیہ اصحابہ کثرۃ من قتل فیہا فقال لم افعلہا بسبب القلنسوۃ بل لما تضمنت من شعر النبی صلی اللہ علیہ وسلم لئلا اسلب برکتہا وتقع فی ایدی المشرکین الخ ترجمہ اور قاضی عیاض نے کہا کہ منجملہ تعظیم آنحضرت کے تعظیم ہے آپ کے تمام اسباب کی اور بزرگی آپ کے تشریف لانے کے مقامات اور مکانوں کی کہ مکہ میں ہوں یا مدینہ میں اور آپ کے عبادت کرنے کے مقامات اور جن چیزوں کو آپ نے ہاتھ لگایا ہو رحمت ہو خدا کی آپ پر اور سلام اور نیز کہا عیاض نے کہ حضرت خالد کے ٹوپی میں چند موے مبارک آنحضرت کے تھے پس گر گئی ٹوپی انکی ایک لڑائی میں پس دوڑے اس ٹوپی کے واسطے کہ اس موقع پر انکے ساتھیوں نے ناپسند کیا اس جگہ کی قتل و قتال کے اندیشہ سے تو حضرت نے فرمایا کہ میں کچھ اس ٹوپی کے لیے نہیں گھبرایا تھا بلکہ اس لیے کہ اس میں آنحضرت کے موے مبارک تھے مجھکو اندیشہ ہوا کہ مبادا وہ مشرکین کے ہاتھ لگے اور میں اسکی برکت سے محروم ہو جاؤں ۔ ایضا قال القاضی وحکی عن عبد الرحمن السلمی عن احمد بن فضلویہ الزاہد وکان من الغزاۃ الرماۃ انہ قال ما مسست القوس بیدی الا علی طہارۃ منذ بلغنی ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اخذ القوس بیدہ الخ ترجمہ اور نیز کہا قاضی نے کہ مروی ہے عبد الرحمن سلمی سے وہ روایت کرتے ہیں احمد بن فضلویہ زاہد سے اور وہ منجملہ غازیوں تیراندازوں کے تھے انہوں نے کہا کہ جب سے مین نے سنا کہ بری کمان کو آنحضرت نے دست مبارک سے چھوا

اُسوقت سے مینے اُسکو کبھی بے وضو نہین چھوا ایضا قال رأی ابن عمر واضعا یدہ علی مقعد النبی صلی اللہ علیہ وسلم من المنبر ثم وضعہا علی جبہتہ الخ ترجمہ اور کہا قاضی نے کہ دیکھا ابن عمر کو لوگون نے دیکھا کہ جہان آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر بیٹھتے تھے اُس جگہہ ہاتھ لگا کر پیشانی پر مس فرماتے تھے پس ان تمام احادیث و روایات سے اہل ایمان کی نظر مین بخوبی ثابت ہوتا ہے کہ جملہ آثار و مشاہد نبوی سے برکت حاصل کرنا اور اُنکی تعظیم کرنا عمدہ نعماے الٰہی سے ہی اور اس قسم کی برکت اور تعظیم کا ثبوت خود آنحضرت و صحابۂ کرام کے افعال مبارک سے ظاہر ہوتا ہی لیکن مسلمان کو چاہیے کہ وہ اس بات پر نظر کرے کہ جس طرح ان احادیث سے آثار نبوی کی برکت و تعظیم کا ثبوت ہوتا ہی اسیطرح تعظیم و برکت حاصل کرنے کا طریقہ بھی انھین احادیث سے ثابت ہوتا ہی پس جس طرح وہ شخص جو منکر برکت آثار نبوی ہو بد دین گنہگار ہی اسی طرح وہ شخص جو خلاف طرق مرویہ حدیث کے کوئی نیا طریقہ تعظیم کا اپنی طرف سے اختراع کرے وہ مبتدع اور مخالف سنت سمجھا جاویگا اس لیے کہ مخالفت سنت مین دونون برابر ہین اور یہ اُس صورت مین ہی جبکہ اُس طریقہ مخترعہ مین کوئی امر خاص صریح منہیات شرعیہ اور محرمات یقینیہ سے شامل نہو اور اگر اُس طریقہ مخترعہ مین کوئی امر محرمات شرعیہ سے بھی شامل کیا جاوے تو ایسی حالت مین دو نقصان ہونگے ایک تو طریق خاص کا احداث اور دوسرے محرمات شرعیہ کا ارتکاب اور ان دونون باتون کا حکم یہ ہی کہ اسکا مرتکب غیر مستحل فاسق اور مستحل کافر ہی دوسرے اس بات پر نظر رکھنی چاہیے کہ جو تعظیم اور برکت آنحضرت کے آثار کے واسطے ثابت ہی وہ آنحضرت ہی کے آثار کے ساتھ مخصوص اور دوسرے کے آثار کے ساتھ وہ معاملہ کرنا جو آنحضرت کے آثار کے ساتھ مخصوص ہی حرام ہی پس ضرور ہوا کہ جب کسی خاص جبہ اور خاص لباس اور خاص مو کی نسبت یہ دعوی کیا جاوے کہ یہ آنحضرت کے آثار ہین تو اول اس بات کا یقین حاصل کیا جاوے کہ یہ آثار آنحضرت کے آثار ہین یا دوسرے شخص کے ہین جنکو آنحضرت کی طرف طمع سے منسوب کر دیا ہی تاکہ اس یقین کے آثار کے ساتھ آنحضرت کے آثار کا سا برتاؤ لازم نہ آوے اور اس قسم کے یقین کا حصول بغیر اس طریقہ کے متعذر ہی جسکو ہمارے محدثین رحمہم اللہ نے روایت حدیث مین اختیار کیا اثبات آثار نبوی بھی حدیث عن رسول اللہ ہی اور حدیث عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مین وہی طریقہ مسلوک ہی اور یہ بات ظاہر ہی کہ جبان آثار کا ثبوت ایسے طرق روایت پر موقوف ہو تو اُسکو

ولا يقال ان قدرته هو يده لان فيه ابطال الصفة وهو قول اهل القدر والاعتزال ولكن يده صفته بلا كيف انتهى اور سیر النبلاء مین ہے قال حرب الكرماني قلت لاسحاق بن راهويه ما تقول في قوله تعالى ما يكون من نجوى ثلاثة الا هو رابعهم كيف تقول فيه قال حيث ما كنت فهو اقرب اليك من حبل الوريد وهو بائن من خلقه وابين شيء في ذلك قوله الرحمن على العرش استوى انتهى اور بھی اُسی مین ہے قال السراج سمعت اسحق بن راهويه يقول دخلت على طاهر بن عبد الله وعنده منصور بن طلحة فقال لي تقول ان الله ينزل كل ليلة قلت تؤمن به اذا انت لا تؤمن ان لك ربا في السماء لا تحتاج ان تسألني عن هذا قلت هذه الصفات من الاستواء والنزول والاتيان قد صحت به النصوص ونقلها الخلف عن السلف ولم يتعرضوا لها برد ولا تاويل بل انكروا على من اول مع الاتفاق على انها لا تشبه نعوت المخلوقين ان الله ليس كمثله شيء انتهى والله اعلم حرره الراجي عفو ربه القوي ابو الحسنات محمد عبد الحي تجاوز الله عن ذنبه الجلي والخفي ٭ سوال ۴۲

السلام علیکم ۔ از طرف منگہ خان محمد بطرف منبع الفضائل مولانا صاحب محمد یوسف حفظ اللہ عن موجبات التاسف بعد از سلام کے خلاصہ یہ ہو کہ ایک عرب شریف مین گیا تھا اور اُس جگہ حنابلہ نے اُس سے پوچھا کہ تمھارے مذہب مین یہ اعتقاد رکھنا کہ پروردگار عالمیان بذاتہ فوق العرش بلا کیف اور جہت و معیت اُسکی علمی ہے صحیح ہو یا غلط پس اُسنے جواب دیا کہ اللہ پاک کی ذات ہر جگہ ہر مکان مین ہو کوئی جگہ اُسکی ذات سے خالی نہین پس اُنھون نے کہا کہ تمھارا مذہب جہم بن صفوان کا ہو پس معتبر ایک عالم بغداد سے آیا پس اس نے بولا کہ ہمارا مذہب حنفی اور باقی ایمہ کا مذہب اس باب مین ایکسا ہو کسیکا اختلاف نہین پس اُسنے کہا کہ ہمارے مذہب والی بدر الامالی مین کہا ہو ودیا العرش فوق العرش لکن بلا وصف التمکن والاتصال اور کہا امام ذہبی نے اس مسئلہ مین کتاب لکھی ہے اور اُسکا نام کتاب العرش والعلو رکھا ہو پس وہ شخص ابھی ہند مین آیا ہو اور عالمون سے یہ مسئلہ پوچھا پس اُنھون نے کہا کہ مولانا المرحوم مولوی عبد الحی صاحب نے اپنے فتاوے جلد اول صفحہ ۲۹ صفحہ ۳۰ صفحہ ۳۰ و جلد دوم صفحہ مین لکھا ہو پس بعضے عالم کہتے ہین کہ مولوی مرحوم وہابی تھا اور بعضے کہتے ہین کہ مولوی

الکتاب قد یصدق وفیہ اشارۃ الی التوقف فیما استشکل من الامور والعلوم الخ غرض کہ اسی
طرح ایسے مواقع پر بھی توقف کا طریقہ اسلم ہے ترجمہ تصدیق کرو اہل کتاب کی یعنی اس بات مین جسکی سچائی
بخوبی تصدیق نہین ہوئی واسطے احتمال اس بات کے کہ شاید وہ جھوٹ ہو اس لیئے کہ انکا ظاہر حال جھوٹ
کو مقتضی ہے اور نہ تکذیب کرو انکی اُن باتون مین جو توراۃ اور انجیل سے روایت کرتے ہین جبتک
انکی تکذیب ظاہر نہ ہو جاوے اسلیئے کہ شاید سچے ہون گو بوجہ اُن [illegible] کتابی [illegible]
بھی تحریف و تبدیل دیا ہے اور اس مین اشارہ ہے اس بات کا کہ جو امور مشتبہ ہون اعتقادی ہون یا عملی
مین سے تو انمین توقف چاہیئے الخ پس بموجب تمام امور مذکورہ بالا کے [illegible] ان مسائل کو دیکھنا
چاہیئے کہ جو لوگ موی مبارک آنحضرت کی زیارت طریقہ مذکورہ سوال کی بموجب [illegible]
اور بدعات سے پابند ہین دیکھو روایت مذکورہ بالا کے بموجب جب موے مبارک کو پانی مین [illegible]
واسطے حضرت ام سلمہ سے طلب کیا تو آنحضرت نے [illegible] تاشے [illegible] آیت اور قرآن خوانی نہین کرائی
ترتیب مجلس اور تعیین وقت اور تاریخ نہین کی اور غرض کسی قسم کے تعینات خاصہ سے [illegible] تقیید نہین
فرمایا بلکہ اسکی برکت کو ہر حالت مین قابل استفادہ تصور فرمایا [illegible] صورت کے [illegible] مسائل [illegible]
[illegible] تعیین ماہ ویوم وتاریخ کو امر ضروری اور موثر فی ازدیاد الانوار خیال کیا [illegible] جسکی [illegible]
مین کچھ بھی اصل نہین ہے اور تداعی اور انعقاد محافل خاصہ کو لابد خیال کر لیا ہے اور اس مین تو [illegible]
نقارہ وجملہ مزامیر مہیا کیے جاتے ہین جو سراسر افعال شیاطین سے ہین اور بعدہ موے مبارک پر [illegible]
نذر لغیر اللہ کیا جاتا ہے اور بطور تبرک کے تقسیم [illegible] سے انتفاع حرام قطعی ہے غرضکہ [illegible]
حالانکہ ایسے راگ بالاتفاق حرام ہین پس برکت حاصل کرنا جو غایۃ الامر مستحب ثابت ہوگی باعث ہوئی
ہے ایسے محرمات شرعیہ کی ارتکاب کی جن سے اجتناب واجب ہے اور قاعدہ ہے کہ جس امر مستحب کے ارتکاب
سے ترک واجب لازم آوے اُس مستحب کا ترک واجب ہے پس اس صورت مین ہرگز شریعت غرا سے [illegible]
اس بات کی اجازت نہین دیتی کہ ایسے بدعات کے ساتھ اس امر مستحب کا ارتکاب صحیح ہو اور نفس استحباب
اسکا بھی اُس صورت مین مسلم ہے جبکہ یہ بخوبی ثابت ہو جاوے کہ فی الواقع یہ موے مبارک آنحضرت ہی کا
ہے اور اگر یہ امر پایہ ثبوت کو نہ پہونچے تو ایسے جلسہ مین بقصد تبرک حاضر ہونا بھی جائز نہین ہے اور جو لوگ نذر
مانتے ہین موے مبارک کی اور اس پر چڑھاوا چڑھاتے ہین وہ حرام ہے کیونکہ نذر عبادت ہے اور عبادت

لغیر اللہ نذر ہے اور ظاہر ہے کہ یہ نذر لغیر اللہ ہے پس یہ حرام ہے چنانچہ لکھا ہے صاحب بحر الرائق نے والنذر للمخلوق
لا یجوز لانہ عبادۃ والعبادۃ لا یکون للمخلوق یعنی نذر مخلوق کی ناجائز ہے اس لیے کہ وہ عبادت
ہے اور عبادت کسی مخلوق کے لیے نہیں ہوتی الخ اور جس طرح یہ فعل حرام ہے اسی طرح اس قسم کے چڑھاوے کا
لینا اور اسکا کھانا اور اپنے صرف مین لانا بھی حرام ہے اور ایسی نذر منعقد نہیں ہوتی اور ذمہ پر اسکا ادا
واجب نہیں ہوتا چنانچہ اسی بحر الرائق مین ہے الاجماع علی حرمۃ النذر للمخلوق ولا ینعقد ولا تشتغل
الذمۃ بہ وانہ حرام بل سحت ولا یجوز للخادم الشیخ اخذہ ولا اکلہ ولا التصرف فیہ بوجہ من
الوجوہ الخ ترجمہ یعنی اس بات پر اجماع ہے کہ نذر مخلوق کی حرام ہے اور وہ نذر منعقد بھی نہیں ہوتی اور ذمے
پر اسکا وجوب نہیں ہوتا اور مجاورون کو اسکا لینا اور کھانا اور کسی قسم کا تصرف کرنا جائز نہیں ہے اور
جو اوقاف موے مبارک کے خدام کے واسطے مقرر ہین اگر وہ اوقاف اس غرض سے مقرر کیے
گئے ہین کہ وہ تمام بدعات و شرکیات جو سوال مین مذکور ہین اس وقف کے ذریعہ سے رائج
کیے جاوین اور ایسے بدعات مین ان اوقاف سے صرف کیا جاوے تو فی نفسہ یہ وقف ہی باطل ہے
اور انکا واقف گنہگار ہے کیونکہ منجملہ شرائط صحت وقف کے ایک یہ شرط ہے کہ وہ کام جسکے لیے وقف
کیا ہے فی نفسہ قربت اور عبادت معلوم فی الدین ہو اور ظاہر ہے کہ یہ امور نعوذ باللہ منہا عبادت نہین ہین
چنانچہ عالمگیریہ مین ہے ومنہا ای من شرائط صحتہ ان یکون قربۃ فی ذاتہ وعند التصرف الخ
ترجمہ اور منجملہ شرائط کے ایک یہ شرط ہے کہ وہ امر فی نفسہ قربت ہو اور وقت تصرف کے الخ اور اگر
اسنے صرف یہ نیت کی ہے کہ جو فقرا و مساکین یہان حاضر ہون ان پر صرف کیا جاوے اور جو شخص اسکے
متولی ہون وہ بھی بقدر حاجت اسمین سے لیا کرین تو وقف صحیح ہے اور بقدر حاجت خود لینا اور باقی فقرا پر صرف کرنا
حلال ہے واللہ اعلم کتبہ العبد الذلیل محمد اسمٰعیل [محمد اسمٰعیل] اجاد من اجاب محمد لطف اللہ فی الواقع برکت لینا ایسی
چیزون سے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے بانتساب صحیح بطریق صحیح منسوب ہین جائز و مستحسن ہے لیکن ایسے
محافل جن مین جانا جسکو سائل نے ذکر کیا بوجہ اشتمال ان کے بدعات مستقبحہ اور افعال محرمہ پر بشرکت ہونا
جائز نہین ہے اور نہ ایسے آثار سے جنکا انتساب بطریق صحیح ثابت نہین ہے برکت لینا جائز ہے اور جو اشیا
بحالت موجودہ موے مبارک پر چڑھاتے ہین انکا لینا بوجہ اسکے منذور لغیر اللہ ہونے کے نہین جائز ہے
[illegible] الی بتفصیل رائق وہو فیہ مصیب واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات

محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی جامع الفتاوی کتا ہی کہ اس نذر کا بھی موافق اور نذور کے
حکم ہی جس کی تفصیل اپنے محل پر ہوگی یہان اسی قدر سمجھنا چاہیے کہ اگر ناذر کی نیت یہ ہو کہ اشیا چڑھائی
ہوئے مالک آثار اپنے تصرف مین لائے اور اُسکا ثواب اُسکو خدا دے تو کوئی وجہ عدم جواز کی
نہین واللہ اعلم ۔ سوال ۴۶ بنانا صورت وشبیہ روضۂ مقدسۂ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم
کا بطرز عمارت کے اس زمانے مین واسطے حصول ثواب زیارت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے درست
وجائز ہی یا نہین هو المصوب بنانا صورت وشبیہ روضۂ مقدسہ کا واسطے حصول ثواب کے داخل
بدعات ہی اور شرعاً ناجائز ہی اولاً اس وجہ سے کہ زمانۂ صحابہ وتابعین وتبع تابعین وائمہ مجتہدین مین باوجود تحقق
ضرورت کے یہ صورت نہین پائی گئی صدہا علما اُن زمانون مین مشتاق زیارت قبر نبوی صلی اللہ علیہ
وسلم کے رہتے تھے اور بعض صحابہ مثل ابن عمر وغیرہ کے بارہا قبر شریف کے پاس حاضر ہوکے زیارت کا
ثواب حاصل کرتے تھے باین ہمہ کسی شخص سے ان حضرات سے منقول نہین کہ اُنھون نے اپنے شہر یا محلہ
مین نقشہ یا صورت قبر شریف یا حجرہ شریفہ بنا کے حصول ثواب زیارت کا قصد کیا ہو یا ایسی صورت کے
جواز کا فتوی دیا ہو اور جس چیز کی ضرورت قرون ثلثہ متبرکہ مین ہو اور باوجود اسکے پھر اُسکی طرف توجہ قولاً یا
فعلاً نہوئی ہو وہ بدعت سیئہ ہو اور بحکم حدیث کل بدعة ضلالة وکل ضلالة فی النار غیر مشروع ہی ثانیاً
اس وجہ سے کہ کسی شے متبرک کی شبیہ وصورت پر حکم اُس شے کا دینا اور اُس سے طلب حصول ثواب
کا کرنا امر باطل ہی اور یہ گمان کرنا کہ جس طرح اصل کی تعظیم وتکریم سے ہمکو ثواب حاصل ہوتا ہی تعظیم نقل و
شبیہ سے بھی ثواب حاصل ہوتا ہی گمراہی ہی جیسا کہ رسالۂ اسلمی مین ہی من الاوهام تقرر حکم الشئ
لشبیهه وهذا الوهم قد اضل عبدة الاصنام من طوائف الصاب واوقعهم فی بادیة الجهل انتهی
الملخص بنابرعلیہ شبیہ وصورت روضۂ مقدسہ کا بطور عمارت کے بنانا اور اُس سے طلب حصول ثواب زیارت
کرنا امر لغو وباطل ہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی
المجیب ملقب بہ ابو الحیش محمد مهدی عفی عنہ الهادی ۔ سوال ۱ چہ میفرمایند علمای دین اندرین صورت
کہ مردمانیکہ برای گرفتن ... مبارک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نقب زدہ بودند کسان مذکورہ کافر بودند
یا مسلمان ونقب از شہر زدہ بودند یا از بیرون شہر هو المصوب ہر دو کسان نصرانی بودند کہ نصارا
آن را باموال جزیلہ در لباس حجاج منارہ بہ مدینہ فرستادہ بودند تا در حجرۂ شریفہ نقب زدہ با جسد مبارک

حضرت سرور کائنات کرتا حتی نایند و مکانیکه ازانجا نقب داده بودند قریب حجرهٔ شریفه است و آن مکان
الآن در جانب غربی حجره خواب افتاده است و این قصه در سنه سبع و ستین و خمسمائة وقوع یافته پس
در آن زمانیکه سلطان نور الدین شهید محمود بن زنگی بادشاه بود و او در خواب حضرت رسول مقبول صلی الله علیه وسلم
ازین ماجرا اطلاع فرمودند او همان وقت بر راحله سوار شده در شانزده روز از شام بمدینه قدوم آورده بهر
دو آن بیسعادت را گردن زد کذا ذکره المحقق الدهلوی فی جذب القلوب الی دیار المحبوب والله اعلم
بالصواب والیه المرجع والمآب نمقه المعتز الی الله الصمد عفی عنه سوال ۱۵۷ کیا فرماتے ہیں علماے
دین اس مسئلہ میں کہ آیا حضرت رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم باہمہ صفات الٰہی موصوف ہیں کیا آپ کو علم
اولین و آخرین یہاں تک کہ روح کیا چیز ہو اور قیامت کب ہوگی وغیرہ خداے تعالیٰ نے صراحۃً میں
یا اور کسی وقت میں عطا کر دیا ہے بینوا توجروا ہو المصوب حضرت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
متصف بجمیع صفات الوہیت کے ہرگز نہیں ہاں علم ما کان و ما یکون حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو عطا کردیا گیا
تھا اور علم روح و قیامت میں اختلاف ہے واللہ اعلم حررہ الفقیر محمد قیام الدین عبد الباری عفا اللہ عنہ ۱۵۹
سوال ۱۶۰ کیا فرماتے ہیں علماے دین اس مسئلہ میں کہ کیا مصنف تقویۃ الایمان نے توہین رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کی ہے اور شرعاً انکے لیے کیا حکم ہے ہو المصوب تقویۃ الایمان میں بے شبہہ توہین
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہے واللہ اعلم حررہ الفقیر محمد قیام الدین عبد الباری عفا اللہ عنہ ۱۶۱ سوال ۱۶۲
جنگ احد کدام سال و ماه واقع گشته و حضرت امیر حمزه علیه السلام کدام روز و ماه و سال شهادت یافتند
بینوا توجروا الجواب الموفق غزوه احد در سال سوم از هجرت در ماه شوال در یازده شبے یا بهفت شبی که گذشته
بود واقع شد و بعضے در نصف شوال گفته و حضرت حمزه بن عبد المطلب رضی الله عنه در همان سال و ماه روز
یکشنبه تاریخ پانزدهم شهادت یافتند و مدفن شان در موضعی نزدیک احد گردیده و قابره مشهور میزار
... والله اعلم نمقه خادم اولیاء الله الصمد علی محمد غفر له الله الاحد ۲۴ رجب یوم پنجشنبه سنه ۱۲۸۵ هجری
سوال ۱۶۳ شیخ محدث دهلوی در مدارج می فرماید که بیست و ششم ماه صفر روز دوشنبه رسول الله
صلی الله علیه وسلم اسامه را بجنگ رومیان گماشت و بست و هشتم روز چهارشنبه طبع مبارکش دردمند شده
انتهی و از سیر ما یدبه یازدهم ربیع اول مرض بر آنحضرت غلبه کرده و بروز دوازدهم روز دوشنبه بود وفات
یافت انتهی و همچنین در روضة الاحباب وغیره نیز مذکور است حالانکه اگر هر دو تاریخ صفر حساب کنند

تاریخ دوازدهم بروز دوشنبه نمی‌تواند شد بحساب بیست و نه و نه بحساب سی روز بتواتر حسب وا
بالصواب مخفی نماند که وفات آنحضرت صلی الله علیه وسلم بروز دوشنبه ماه ربیع الاول بود بالاتفاق
اما آن روز که کدام تاریخ بوده پس درین باب اختلاف است آنچه که میان الناس مشهور و در اکثر کتب مذکور
است این است که روز دوشنبه دوازدهم ربیع الاول بوده لیکن این امر ممکن نیست بدین وجه که غره
ذی الحجه سنه ۱۰ هجری باتفاق ارباب سیر و تاریخ روز پنجشنبه بود چه حج نبوی که آنرا حجة الوداع نامند روز جمعه
واقع گشته بالاتفاق پس روز جمعه نهم ذی الحجه بود درین امر قطع نظر از تصریح ارباب سیر از روایات
حدیث هم ثابت است و کسی را درین باب اختلافی نیست بنا برین ممکن نیست که دوازدهم ربیع الاول سنه ۱۱
هجری بروز دوشنبه واقع گردد چه اگر هر سه ماه یعنی ذی الحجه و محرم و صفر سی روز قرار داده شود پس غره محرم
بروز شنبه و غره صفر بروز دوشنبه و غره ربیع بروز چهارشنبه واقع خواهد شد برین تقدیر دوشنبه اول ربیع اول ششم و دوشنبه دوم سیزدهم
خواهد شد و اگر هر سه ماه بیست و نه روز قرار یابند غره محرم بروز جمعه و غره صفر بروز شنبه و غره ربیع اول بروز
یکشنبه خواهد شد و برین تقدیر دوشنبه اول ربیع اول تاریخ دوم و دوشنبه دوم نهم خواهد شد و اگر هر سه ماه
مختلف باشند پس از دو حال خالی نیست یا غره محرم بروز جمعه باشد یا بروز شنبه بحساب نقصان ذی الحجه
یا کمال آن چه غره اش اتفاقا بروز پنجشنبه بوده پس اگر غره محرم جمعه باشد از دو حال خالی نیست
محرم کامل گرفته شود و صفر ناقص یا بالعکس بر تقدیر اول غره صفر یکشنبه و غره ربیع دوشنبه می‌شود و
بر تقدیر دوم غره صفر شنبه و غره ربیع دوشنبه میشود و بهر دو تقدیر دوشنبه اول ربیع غره و دوشنبه
دوم هشتم خواهد شد و اگر غره محرم بروز شنبه گرفته شود پس اگر محرم کامل و صفر ناقص گرفته شود غره صفر
بروز دوشنبه و غره ربیع بروز سه شنبه می‌شود و بالعکس آن غره صفر بروز یکشنبه و غره ربیع دوشنبه
میشود و بهر دو تقدیر دوشنبه اول ربیع هفتم و دوشنبه دوم چهاردهم خواهد شد و سوای این احتمالات احتمالی
در عالم وقوع نیست که بیان بودن دوشنبه دوازدهم ربیع اول سنه ۱۱ هجری که سال وفات نبوی است مستقیم
گردد و علمای محققین درین باب مختلف شده اند بعضی بر مجرد اشکال کفایت کرده سکوت ساخته
چنانچه امام یافعی در تاریخ خود مرآة الجنان می‌نویسد قلت فیها اشکال اذ توفی الثانی عشر منه الاشکال
من اجل انه صلی الله علیه وسلم کانت وقفته بالجمعة فی السنة العاشرة اجماعا فاذا کان کذلک
لا یتصور وقوع یوم الاثنین ثانی عشر ربیع الاول من السنة التی بعدها وفاته صلی الله علیه وسلم فی کل تقدیر

يكون الوقفة قبله بالجمعة على كل تقدير من تمام الشهور ونقصانها او تمام بعضها ونقصان بعض
انتهى وبعض تقدير كمال هر سه ماه اختيار كرده تاريخ وفات سيزدهم را مرجح ساخته چنانچه ابن رجب دمشقي در
لطائف المعارف مى نويسد اختلفوا في تعيين ذلك اليوم من الشهر فقيل كان اوله وقيل كان ثانيه
وقيل ثاني عشرة وقيل ثالث عشرة وقيل خامس عشرة والمشهور بين الناس انه كان ثاني عشر
ربيع الاول وقد رد ذلك السهيلي وغيره بان وقفة حجة الوداع في السنة العاشرة
وكانت الجمعة وكان اول ذي الحجة الخميس ومتى كان كذلك لم يصح ان يكون يوم الاثنين
ثاني عشر ربيع الاول سواء حسبت الشهور الثلثة اعني ذا الحجة ومحرما وصفر
كلها كاملة او ناقصة او بعضها كاملة وبعضها ناقصة وانا اجيب عن هذا بجواب حسن وهو ان
ابن اسحق ذكر انه توفي لاثنتي عشرة ليلة من ربيع الاول وهذا يمكن فان العرب تؤرخ بالليالي
دون الايام ولكن لا تؤرخ الا بليلة مضى يومها فيكون اليوم تبعا لليلة وكل ليلة لم يمض يومها لم يعتد بها
فيوم الاثنين الذي توفي فيه رسول الله صلعم كان ثالث عشر الشهر لكن لما لم يكن يعتد قد مضى يؤرخ بليلته انتهى
وبعضى تاريخ دوم وبعضى غره وبعضى چهاردهم را اختيار كرده اند ابو عبد الله محمد الزرندي المدني در كتاب الاعلام بسيرة
النبي عليه السلام مى نويسد اتفق العلماء واهل السير على ان رسول الله توفي يوم الاثنين
في الربيع الاول غير ان اكثرهم قالوا في الثاني عشر منه ولا يصح ان يكون يوم الاثنين ثاني
عشر لاجماع المسلمين على ان وقفة عرفة كانت في حجة الوداع يوم الجمعة وهو تاسع ذي الحجة
وكان اول ذي الحجة يوم الخميس وكان اول المحرم اما الجمعة واما السبت فان كان الجمعة فقد
كان صفر اما السبت واما الاحد فان كان السبت فقد كان الربيع اما الاحد او الاثنين
كيف ما دارت الحال على هذا الحساب فلا يكون يوم الاثنين الثاني عشر من الربيع بوجه
وذكر الطبري عن ابن الكلبي انه توفي في الثاني من الربيع قال السهيلي هذا وان كان خلاف
الجمهور فانه لا يبعد ان كانت الثلثة والاشهر التي قبله من تسعة وعشرين ونقل الخوارزمي انه توفي
في اول يوم من الربيع وهذا اقرب في القياس مما ذكره الطبري ونقل الاستاذ ابو سعيد عبد الملك
الواعظ في كتابه شرف المصطفى انه توفي يوم الاثنين النصف من ربيع الاول وهذا اقرب انتهى
اقول وبالله التوفيق چاره ديگر هست كه در سنه در مدينه طيبه بسبب اختلاف مطالع يا امور آخر غره ذي حجه بروز جمعه شده باشد

وبہ تکمیل ہر سہ ماہ غرہ ربیع در سلہ بروز پنجشنبہ شدہ باشد برین تقدیر البتہ دوازدہم بروز دوشنبہ واقع
خواہد شد لیکن برین تقدیر لازم خواہد شد کہ چار ماہ متوالی بمدینہ کامل حساب کردہ باشند چہ در فتح الباری
وارشاد الساری وغیرہ شروح صحیح بخاری مصرح ست کہ غرہ ذیقعدہ سنہ در مدینہ بروز چہار شنبہ
بودہ وآنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مع صحابہ برای حج بروز شنبہ تاریخ بست وپنجم ذیقعدہ از مدینہ روانہ
شدند ودر اثنای راہ ہلال ذی حجہ بتاریخ ۲۹ ذیقعدہ بروز چہار شنبہ دیدہ شد لیکن اگر بحساب کامل
ذیقعدہ ہلال ذی حجہ بروز پنجشنبہ در مدینہ شدہ باشد غرہ بروز جمعہ قرار دادہ خواہد شد وبہ تکمیل
ذی حجہ غرہ محرم بروز یکشنبہ وبہ تکمیل محرم غرہ صفر بروز سہ شنبہ وبہ تکمیل صفر غرہ ربیع بروز پنجشنبہ
خواہد شد وهذا وان کان نادر الوقوع لكنه ليس بمتعذر عن حيز الامکان لیکن برین تقدیر روز
چہار شنبہ سیم صفر خواہد بود نہ بست وہشتم صفر بالجملہ بودن بست وہشتم صفر روز چہار شنبہ وبودن
دوازدہم ربیع روز دوشنبہ بوجہ من الوجوہ صحیح نمی تواند شد ودر تاریخ سعید محمد گازرونی می نویسد
ابتداء مرضه فی اواخر صفر لليلتين بقيتا من صفر يوم الاربعاء وقيل لليلة وقيل فی مفتتح ربيع
الاول انتهى ودر تاریخ خمیس میگوید فی هذه السنة كانت سرية اسامة الى اهل ابنى كانت يوم
الاثنين لاربع ليال بقين من صفر فلما كان يوم الاربعاء بدأ مرض رسول الله صلعم
وروى انه ابتدأ به صداع فی اواخر صفر لليلتين بقيتا من صفر يوم الاربعاء وقيل
لليلة وقيل بل فی مفتتح الربيع الاول وفى الوفاء مرض بعشر بقين منه وذكر الخطابی ان
ابتداءه يوم الاثنين وقيل السبت وقيل الاربعاء والله اعلم انتهى
از ہمہ اختلافات بر خذ ما صفا ودع ما کدر عمل کردن لازم است واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی
ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی **سوال ۱۳۰** ثبوت ایمان والدین آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کا ہے یا نہیں اور جو کوئی ان دونوں کی طرف تحریرا یا تقریرا نسبت کفر کرے اس کا کیا حکم ہے
ہو المصوب اس مسئلہ میں علما کا اختلاف واقع ہے بعض ایمان بعد الاحیاء کے قائل ہوے ہیں اور
بعض احادیث احیا کو موضوع کہتے ہیں اور عدم ایمان کے قائل ہیں اور بوجہ ہونے اُن کے ارباب فترت سے
نجات کے قائل ہیں علامہ جلال الدین سیوطی نے اس باب میں سات رسالہ تحریر کیے ہیں اور بشد ومد نجات
ثابت کرتے ہیں اور ملا علی قاری اور ابراہیم حلبی اُنکے بعض رسائل کی رد لکھ چکے ہیں چونکہ اس باب

ہین دلائل متعارض ہین اس وجہسے سکوت اسلم ہی اور یہ کہنا کہ والدین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کافر
ہین یا فی النار ہین بڑی بیادبی و موجب اذیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہی حموی شرح اشباہ
مین لکھتے ہین اعلم ان السلف اختلفوا فی ابوی رسول اللہ ھل ماتا علی کفر ام لا فذھب
الی الاول جماعۃ منھم صاحب النسبۃ وذھب الی الثانی جماعۃ ونفر من الجمیع
الاول قالوا بنجاتھما من النار وسئل ابو بکر العربی احد الائمۃ المالکیۃ عن رجل قال
ان ابا النبی فی النار فاجاب بانہ ملعون لانہ تعالی قال ان الذین یؤذون اللہ
ورسولہ لعنھم اللہ فی الدنیا والاخرۃ ولا اذی اعظم من ان یقال عن ابیہ انہ فی النار
وقال السہیلی فی روض الانف لیس لنا نحن ان نقول ذلک فی ابویہ لقولہ صلی اللہ
علیہ وسلم لا تؤذوا الاحیاء بسبب الاموات واللہ یقول ان الذین یؤذون اللہ و
رسولہ الآیۃ وامرنا ان نمسک اللسان اذا ذکر اصحابہ بشیٔ یرجع ذلک الی العیب فیھم فلان
نمسک عن ابویہ احق واحری وجملۃ المرام فی ھذہ المسئلۃ ان ھذہ المسئلۃ لیست من
الاعتقادات فلا حظ للقلب منھا واما اللسان فھذا الامساک عما یتبادر منہ النقصان انتہی
واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی
جامع الفتاوی کہتا ہی کہ ایمان ابوین مین مسلک علامہ جلال الدین سیوطی اختیار کرنا چاہیئے کہ باعث
برکت اور تقویت ایمان ہی دلائل تو کتب مین مذکور ہین بیان دو امر مین ذکر کرتا ہون جو اپنے اساتذہ
اور اکابر سے سُنے ہین - اول میرے والد رحمہ اللہ فرماتے تھے کہ جب مین میر زاہد رسالہ پڑھتا تھا تو اپنے
والد سے مین نے مسئلہ وحدت الوجود مین بہت بحث کی کئی دن سبق نہین ہوا آخر مین اُنھون نے فرمایا کہ
مین ابتدا ایمان ابوین اور وحدۃ الوجود کے مسئلہ مین متوقف تھا اپنے دادا ملک العلما مولانا علاء الدین
قدس سرہ کو دیکھا کہ گردن مین اُنکے زخم ہی مزاج پرسی پر فرمایا کہ یہ زخم تمھاری وجہ سے ہی دونون مسئلون
کے توقف کے باعث کہ تمکو ایمان ابوین اور وحدت وجود مین شک ہی اُسکا اثر مجھپر ہی جب یہ
خواب دیکھا اور تحقیق کی توحق یہی ظاہر ہوا کہ ایمان ابوین ثابت اور وحدت وجود حق ہی - دوسرے
دماء المسلمین واموالهم ویکفرون الصحابة حکمهم عند جمهور الفقهاء اهل الحدیث حکم البغاة
خیال کیجیے کہ خوارج جو سب سے زیادہ بدعتی ہیں چنانچہ درمختار سے مذکور ہوا انکے واسطے بھی حکم کفر کا
نفرمایا قال ابن منذر وهو اخر من کلام المجتهدین ما یقع فی کلام اهل المذهب تکفیر کثیر ولکن
لیس من کلام الفقهاء الذین هم المجتهدون بل من غیرهم ولا عبرة لغیر الفقهاء بہت تفصیل سے
ردالمحتار میں جو شرح درمختار ہے مسلمانی ثابت کی ہے جن صاحب کو زیادہ تحقیق منظور ہو دیکھ لیویں طول کے
سبب سے یہاں نہ لکھا بلکہ چند باتیں ضروری نقل کردیں اور ردالمحتار میں لکھا ہے ولم یعلل احد
لعدم قبول شهادتهم بالکفر کما تری نعم استثنوا الخطابیة لانهم یرون شهادة الزور
لاشیاعهم او للحالف وکذا نص المحدثون علی قبول روایة اهل الاهواء فهذا فیمن یسب
عامة الصحابة ویکفرهم بناء علی تاویل له فاسد فعلم ان ما ذکره فی الخلاصة من انه کافر
قول ضعیف مخالف للمتون والشروح بل هو مخالف لاجماع الفقهاء کما سمعته وقد الف
العلامة ملا علی قاری رسالة فی الرد علی الخلاصة وبهذا تعلم قطعا ان ما عزی
الی الجوهرة من الکفر مع عدم قبول التوبة علی فرض وجوده فی الجوهرة باطل لا اصل له
ولا یجوز العمل به وقدمنا انه اذا کان فی المسئلة خلاف ولو روایة ضعیفة فعلی المفتی ان
یمیل الی عدم التکفیر فکیف یمیل هنا الی التکفیر المخالف للاجماع فضلا
عن میله الی قتله وان تاب وقد مر ایضا ان المذهب قبول توبة ساب
الرسول صلی الله علیه وسلم فکیف ساب الشیخین والعجب من صاحب البحر
حیث تساهل غایة التساهل فی الافتاء بقتل مسلم معتمدا علی ما عزی الی الجوهرة

کا اسنے نہین لکھا گیا۔ باب الحیض مین لکھا ہے لا یفتی بکفر مسلم کان فی کفرہ خلاف ولو روایۃ ضعیفۃ اور دوسری جگہ لکھا ہی اذا کان فی المسئلۃ وجوہ یوجب الکفر وواحد یمنعہ فعلی المفتی المیل الی ما یمنعہ تعجب ہی صاحب بالعلم سے کہ باوجود ان دلائل قویہ قائل باسلام دلیل ضعیف کو ترجیح دیکر کفر ثابت کرے اور یہانتک حکم دیوے کہ توبہ بھی اُسکی قبول نہین بلکہ قتل اُسکی تو یہ ظاہر ہی کہ گویا سب علما کے قول کا انکار ہے در مختار مین لکھا ہی منکر الاجماع کافر اور تمہید ابو الشکور سلمی مین لکھا ہی من قال لمؤمن یا کافر او شہد بالکفر علی مومن فانہ یصیر کافرا وروی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ قال من شہد علی امتی بالکفر فهو اولی بہ اہل اہوا جو تہتر فرقے مین داخل ہین اسواسطے جو حدیث تفرق افتراق امت مین واقع ہوئی ہی اُسمین لفظ امتی ہی امت حضرت موسی اور حضرت عیسی کا شمار اسمین داخل کرکے نہین فرمایا تھا اُسکی واسطے اور حدیث ہی انہ قال صلی اللہ علیہ وسلم ان بنی اسرائیل تفرقت بعد موسی علی احدی وسبعین فرقۃ وبعد عیسی علی اثنین وسبعین فرقۃ وستفرق امتی من بعدی علی ثلاثۃ وسبعون فرقۃ اگر سب فرقہ امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے مع اصناف کفار شمار کرینگے تو تہتر فرقے کیونکر ہونگے پس اگرچہ کفار بھی امت دعوت مین ہین پس معلوم ہوا کہ مراد امت سے امت اجابت ہی جنہون نے اسلام قبول کیا تھا المراد بالامۃ من یجمعہم دائرۃ الدعوۃ من اہل القبلۃ لانما اضافہم الی نفسہ [illegible] ما ورد فی الحدیث علی ہذا الاسلوب فالمراد بہ اہل القبلۃ ولو اراد بہ امۃ الدعوۃ فتناول بہا اصناف الکفر [illegible] یکون تفریق الامۃ الی ثلث وسبعین خداوند تعالی غفور الرحیم اور تواب الرحیم ہی اُسکی رحمت کا منکر ہونا نہ چاہیے توبہ سبکی قبول ہی اگرچہ پیغمبرون کی جناب مین بے ادبی کی ہو اُسکی توبہ بھی قبول ہے چنانچہ رد المختار شرح در المختار سے مذکور ہوا صفۃ الرحمۃ لا یتغیر وان تغیر احوال الامۃ اور نیک کام بھی برائی کو دور کرتے ہین لقولہ تعالی ان الحسنات یذہبن السیئات واللہ اعلم بالصواب المجیب عبد الحی ابن افضل العلما والفضلا مولانا محمد عبد الرب افاض اللہ علینا من برکاتہ ہو المصوب واقعی حدیث ستفرق امتی ثلاث وسبعین فرقۃ مین مراد امت اجابت ہی کہ عبارت اہل اسلام سے ہی نہ امت دعوت علامہ دوانی شرح عقائد عضدیہ مین لکھتے ہین ای امۃ الاجابۃ وہو الذین امنوا بالنبی صلی اللہ علیہ وعلی الہ وسلم وہو الظاہر فان اکثر ما ورد فی الحدیث علی ہذا الاسلوب ارید بہ اہل القبلۃ انتہی اور سب شیخین موجب کفر نہین ہی ابو الشکور سلمی تمہید مین لکھتے ہین کلام الروافض مختلف فبعضہ یکون کفرا وبعضہ

فلو قال ان علیاً کان الٰہا نزل من السماء کفر ولو قال النبی کان علیاً وجبرئیل اخطأ کفر ومنہم من قال ان علیاً افضل من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فہذا کلہ کفر واما الذی یکون بدعۃ ولا یکون کفراً فہو قولہم ان علیاً کان افضل من الشیخین ومنہم من قال یجب اللعن علی من خالف علیاً کالشیخین ومعاویۃ وغیرہا کلہ وما شیہ بدعۃ لیس بکفر لانہ صادر عن تاویل انتہی اور مولانا عبدالعلی شرح مسلم الثبوت مین لکھتے ہین الصحیح عند الحنفیۃ بان الروافض لیسوا بکفار والوجہ فیہ ان مذہبہم وفہمہم فی ما ذکروا زعماً منہم انہم علی الدین المحمدی وان کان زعمہم ہذا باطلاً وما کذبوا محمداً صلی اللہ علیہ وسلم فی زعمہم فہو غیر ملتزمین الکفر والتزام الکفر کفر دون لزومہ انتہی ملخصاً ہرگاہ روافض کا کافر ہونا ثابت ہوا اُنکی توبہ قبول ہونے مین شک نہین ہاں اور اگر بالفرض والتقدیر روافض کافر ہون اُس صورت مین بھی اُنکی توبہ قبول نہونیکی کوئی وجہ نہین ہی مقام غور ہی کہ جو شخص مشرک ہو اور اللہ جل شانہ کا شریک بناتا ہو اگر وہ توبہ کرے قبول ہو جاوے کیا روافض مشرک سے بدتر ہوگئے کہ توبہ اُنکی قبول نہو گی اور صاحب جوہرہ نے جوہرہ سے جو مسئلہ عدم قبول توبہ روافض کا نقل کیا ہی وہ غلط ہی قابل التفات کے نہین کیونکہ مخالف ہی نصوص قرآنیہ کے قال اللہ تعالیٰ ان اللہ یغفر الذنوب جمیعاً انہ ہو الغفور الرحیم واللہ اعلم بالصواب وعندہ ام الکتاب حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبدالحی اللکنوی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی وحفظہ عن موجبات الشین ابن المرحوم مولانا محمد عبدالحلیم ادخلہ اللہ فی دار النعیم ۔ فی الواقع حدیث افتراق امت مین ناری سے مراد مسلمین فاسقین ہین کہ شامت عصیان سے دوزخ مین جاوینگے اور روافض کہ حضرات شیخین کی شان مین بے ادبی کرتے ہین اور اسیطرح سب اہل ہوا کافر نہین ہین اُنکی توبہ مقبول ہی فی المسامرۃ ان قول ابی حنیفۃ انہ لا یکفر احد منہم وفی شرح الکمال ان عدم تکفیرہم ہو المنقول عن جمہور المتکلمین والفقہاء وان الشیخ الاشعری قال ان الاسلام یجمعہم واللہ علیم بالصواب وبیدہ الہدایۃ وحسن الثواب حررہ ابو الاحیاء محمد نعیم غفر لہ الولی الرب الحکیم ؀ سوال ۲۴؎ کیا فرماتے ہین علماے دین اس مسئلہ مین کہ زید کہتا ہی کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے طاعون کیواسطے دعا فرمائی ہی کہ یا اللہ میری اُمت کو طاعون مین اجر دیکھا اور یہ جھوٹ ہی بلکہ حضرت صاحب کی دعا کی برکت سے مدینہ منورہ کی راہون پر فرشتے نگہبان مقرر ہوگئے ہین کہ قیامت تک طاعون اور دجال اسمین نہ آسکے

چنانچہ عن انس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی انقاب المدینة ملئکة لا یدخلها الطاعون
والدجال بخاری و مسلم میں یہ حدیث شریف ہے پس اسی سے معلوم ہوتا ہے کہ طاعون بھی ایک بلا ہے جس سے
بچنے کے واسطے حضرت کی دعا کی برکت سے فرشتے مدینہ منورہ کی راہوں پر مقرر ہو گئے ہیں اگر یہ کوئی چیز
اچھی ہوتی تو ضرور تھا کہ حضرت صاحب واسطے اہل ایمان مدینہ کے اسکو مقرر فرماتے کہ سب مدینہ والے اسی
بیماری میں مرا کرتے اور یہ بیماری مدینہ منورہ سے کہیں نجانے پاتی یہی وجہ ہے کہ حضرت کو مدینہ منورہ بہت
مرغوب تھا اور سکان مدینہ کی بزرگی سکان دیگر بلاد و امصار سے ہے پھر جب مدینے میں فرشتے مقرر ہیں کہ یہ
بلا وہاں نجانے پاوے اور دیگر بلاد و امصار میں یہ بیماری جاوے تو ثابت ہوتا ہے کہ درحقیقت یہ بلا ہے جس سے
حضرت صاحب کی بدولت اہل مدینہ نے نجات پائی اور یہ بلا بھی مثل بلاء دجال کے ہے پس قول زید کا معتبر ہے
یا عمرو کے قول کا اعتبار ہے ہو الملہم للصواب قول زید کا معتبر ہے حدیث شریف میں آیا ہے اللھم اجعل فناء امتی
فی الطاعون اسکو روایت کیا ہے ابن حجر نے بذل الماعون میں چند طرق سے منجملہ اسکے امام احمد حنبل نے
ابو موسی اشعری سے روایت کیا ہے اور بطریق کریب بن الحارث بن منبہ نے ایک جماعت سے روایت کیا اللھم
اجعل فناء امتی قتلا فی سبیلک بالطعن والطاعون اور اسی حدیث ثانی کو امام احمد حنبل نے اپنی مسند میں اور
ابراہیم حربی نے غریب الحدیث میں عفان سے روایت کیا ہے اور ابو نعیم نے بروایت اسمعیل سمویہ و ہدبہ بن خالد
و یحیی الحمانی روایت کیا ہے اور ابن ابی عاصم نے کتاب الجہاد میں بطریق عبدالواحد کے اس حدیث کو اخراج
کیا ہے اور حاکم نے اسکی تصحیح کی ہے اپنی صحیح کی کتاب الجہاد میں مسدد کی روایت سے اور علماء نے اس
حدیث کو مخصوص ایک جماعت صحابہ کے ساتھ کیا ہے اور عمرو کے شک کا دفع یہ ہے کہ حدیث شریف سے ثابت
ہے کہ طاعون طعن کفار میں ہے مومن انس کے لیے اور کفار خواہ انس سے ہوں خواہ جن سے ممنوع ہیں
اور بعض جواب دیتے ہیں کہ طاعون جو عام طور سے ہو جیسے طاعون عمواس اور جارف وہ مدینہ میں
داخل نہیں ہوگا اس جواب کو قرطبی نے ذکر کیا ہے اور جواب دیا گیا ہے کہ یہ ایک معجزہ ہے کیونکہ اطباء اسکے
علاج سے عاجز ہیں اور برکت سے آنحضرت کے ایک شہر میں یہ خاصیت ہے کہ یہ مرض نہیں ہو سکتا ہے
اور بعض کہتے ہیں کہ طاعون کے بدلے میں مدینہ طیبہ میں آنحضرت نے بخار کو اختیار کیا پھر بخار کے لیے
دعا کی کہ جحفہ میں بھیجدیا جائے تو مدینہ پاک ہو گیا ان دونوں سے اور بعض کہتے ہیں کہ مدینہ چھوٹی
بستی ہے اگر طاعون بھیجا جاتا تو ساری بستی غارت ہو جاتی واللہ اعلم حررہ الفقیر محمد قیام الدین

عبد الباری عفا اللہ عنہ سوال ٢٠٣ کیا فرماتے ہین علماے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ
مین کہ حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا فرمائی ہو کہ میری امت طاعون مین مرے دوم ایک شخص نے
راہ خدا مین اپنی جان دی اور شہادت حاصل کی اور دوسرا شخص طاعون مین مرا تو ان دونون کا رتبہ مساوی
ہوگا ہو الموفق للصواب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا فرمائی ہو کہ اللهم اجعل فناء امتی فی الطاعون
چنانچہ بذل الماعون مین حافظ ابن حجر نے لکھا ہو وهو في رواية ابی بلابة عن معاذ
اللهم اجعل فناء امتی فی الطاعون انتهى اور بروایت ابن سعد وغیرہ ابو بردہ نے نبی
صلی اللہ علیہ وسلم کی نقل کی ہو اللهم اجعل فناء امتی قتلا فی سبیلك بالطعن والطاعون اور شہید
طاعون مین ثواب شہادت وبعض صفات اخرویہ کے اندر مساوات ہو جنانچہ بذل الماعون مین اور
بہت سے فضائل مین شارکت نہین پس رتبہ شہید طاعون کا بعد مرتبہ شہید معرکہ کے ہو واللہ اعلم حررہ الفقیر
محمد ضیاء الدین عبد الباری عفا اللہ عنہ سوال ٢٠٤ کیا فرماتے ہین علماے دین ومفتیان شرع متین اس
مسئلہ مین مشہور ہو کہ جس مکان مین کتا رہتا ہو یا اسکے جسم کا ایک بال گرتا ہو وہان فرشتے رحمت کے نہین آتے ہین
معلوم ہوتا ہو کہ کتا مجسم نجس ہو اور نجاست بھی اسکی معروف ہو لہذا اسکے نجس ہونے کی کیا ہو دوسرے یہ کہ سگ
اصحاب کہف کا جسکا ذکر قرآن مجید مین ہو کیون نجس نہین اور وہان فرشتے رحمت کے کیون آتے تھے
یا وہ کتا ان کتون کے نطفہ سے نہین تھا یا اسکے عادات انکے برعکس تھے بینوا توجروا ہو الموفق سے
الواقع جس مکان مین کتا ہوتا ہو اس مین ملائکہ نہین آتے ہین جیسا کہ مشکوۃ شریف مین حدیث موجود ہو
عن ابی طلحة قال قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لا تدخل الملائكة بيتا فيه كلب ولا تصاوير متفق عليه
اور وجہ اسکی شارحین نے یہ لکھی ہو کہ کتا نجاست کھاتا ہو اور بعض اسکا شیطان ہوتا ہو اور ملائکہ دونون
سے متنفر ہین اور یہان ملائکہ سے مراد ملائکہ رحمت کے ہین سواے محافظین کے جیسا کہ ملخص طیبی و مرقاۃ
کا ہو من الدخول فی بیت فيه كلب كونه ياكل النجاسة ولان بعضه يسمى شيطانا والملائكة ضد
الشيطان وهؤلاء الملائكة غير الحفظة لانهم لا يفارقون المكلفين اور کتا نجس العین نہین ہے
شامی وحاشیہ درمختار مین موجود ہو قوله وكلب سوره نجس عند اصحابنا جميعا اما على القول بنجاسة
عينه فظاهر واما على القول الاصح بطهارة عينه فلان لحمه نجس ولعابه متولد من لحمه و
لا يلزم من طهارة عينه طهارة سوره لنجاسة لحمه ولا يلزم من نجاسة سوره نجاسة

حدیث کذا فی البحر اور سگ اصحاب کہف نجاست نہین کھاتا ہے اُنکی رفاقت کی وجہ سے اُسکو خدای تعالی نے
مقبول کرلیا ہے وہ بوجہ مقبولیت کے بالغ آدمی کے مانند ہوگا نہین ہو لیکن اُسپر قیاس اور کتون کا نہین ہوسکتا ہے
واللہ اعلم بالصواب حررہ محمد عبد الباسط الانصاری عفر لہ اللہ الباری ۔ ۲۰۷ سوال کیا فرماتے ہین علماے
دین اس مسئلہ مین کہ کیا مولوی نذیر احمد صاحب کا ترجمہ کلام اللہ بالکل صحیح نہین اور اُسکے پڑھنے سے عقائد مین
فتور آنے کا تو اندیشہ نہین ہے ہو المصوب اگر ٹھیک اور موافق لغت عربیہ کے ترجمہ کیا ہے تو کیا وجہ ہے
کہ اُسکے پڑھنے سے عقائد فاسد ہوجائین واللہ اعلم حررہ الفقیر محمد قیام الدین عبد الباری عفا اللہ عنہ

۲۰۸ سوال شہر یست و مساحت آن از طرف ساحل مطلوب ست
پس بموجب طریقہ صاحب خلاصۃ الحساب باسطرلاب یا تختہ مسطح وغیرہ بمقام ب قائم کردہ
برنقطہ از نقاط عرض نہر خط شعاعی برآوردیم مثل ا ب از ہمان نقطہ ب بحالت سابق خط
شعاعی ب ج اخراج نمودیم درین صورت خط ب ج بر نقطہ ج کہ محاذی ارض مسطح ست منتہی خواہد شد زیرا کہ بسبب
منع ارضی از نفوذ شعاع خط مذکور ازین موقع تجاوز نخواہد کرد تاہم خط وہمی را از مرکز ارض بلکہ الی الی نہایۃ رسیدن
ممکن زید میگوید کہ خط ب ج کہ بر نقطہ ج منتہی شد علتش جز این نیست کہ خط مذکور بوضع معین از نقطہ معین
خارج گردیدہ ست وکثافت ارض از نفوذ آن درعمق مانع ست ومقصود مسئلہ ہم برین قدر تمام ست الا بر ودآن الی
نہایۃ ممکن و در انقطاع وانتہای این خط برین نقطہ معین مثلث ا ب ج را اثری نیست و از ہمین واثبات تعین وتشخص این
نقطہ از مسائل ہندسہ غیر متعلق بلکہ از مسائل علم المناظر کہ از فروع طبیعیہ است و درین استدلال البتہ جہ متمسک ست مجادل آنکہ مابین
ب ج و مثلث ا ب ج نسبت عموم وخصوص من وجہ متمسک ست ومجادل آنکہ مابین خط ب ج و مثلث ا ب ج نسبت عموم وخصوص
من وجہ ثابت ست زیرا کہ ازین مسئلہ خاص مثلث ا ب ج و خط ب ج ہر دو در یک مادہ اجتماع یافتہ اند و در
دیگر مواد مثلا وقتیکہ ازین مسئلہ خاص قطع نظر کردہ شود دران حال ہم اگر خط ب ج بشرطیکہ از ہمان نقطہ معین و وضع معین
خارج کردہ آید لا جرم از نقطہ ج تجاوز نخواہد کرد و دران حالت مثلث ا ب ج موجود نخواہد بود و علی ہذا القیاس در
صورت عدم وقوع ارض درین موقع با وجود تحقق این مثلث خط ب ج درانیجا منتہی نخواہد شد پس درین صورت یک
مادہ اجتماع ودو مادہ افتراق متحقق ست پس اگر وقوع این نقطہ را در مثلث ا ب ج علت تعین وتشخص این
نقطہ قرار دادہ شود در مواد افتراقیہ انفکاک علت از معلول خود لازم آید وجہ دوم آنکہ اگرچہ بسبب وقوع
این خط در ین مثلث خاص تعین این نقطہ بحسب قواعد مثلثات درین موقع ممکن باشد لیکن تحقق این

موضع یا مرورش لا الی نہایۃ بجانب عمق خارج از بحث ست و اگر در آنجا یا نتہی نباشد الی غیر النہایۃ مرورش ممکن بلکہ لو جہ
نافع و تمام مرورش بعد انقطاع الی ما لانہایۃ لہ ممکن ست چنانکہ انتہای خط شعاعی کہ از نظر بطرف نہر رفتہ ضروری
نیست چہ بعد مماس آن بعد از نظر نہر مرورش بجانب عمق ممکن نیست پس اگرچہ انقطاع در انتہای خط خارج را بران نقطہ
معینہ یعنی ح در اثبات مطلب اثری نیست تا بہ مثلث ا ب ح را در انقطاع دخل ست ولیکن در تعیین نقطہ تقاطع و تشخص آن
کہ نہایہ در ما ست مثلث ا ب ح را مع مثلث دیگر بحسب مسائل ہندسہ دخلی ہست واللہ اعلم حررہ الراجی عفو
ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ۲۹ **سوال** ۳۲ جناب مولوی عبد الحی صاحب
بعد واجب آنکہ مکلف ہوں مولوی محمد حسین لاہوری و مولوی عبد العزیز لودہیانہ والے کا میرے روبرو مباحثہ
شروع ہوا اور فریقین نے تصفیہ اس مسئلہ کے واسطے آپکو منصف مقرر کیا ہے تحریرات فریقین بجنسہ ارسال ہیں آپ
روئداد وسل کو موجب حکم کتاب اللہ و سنت نبوی فیصل فرما کر میرے نام کاغذات ارسال فرماویں تاکہ نتیجہ فیصلہ
سے فریقین کو اطلاع دیجاوے کیونکہ اگر احد الفریقین کے پاس کاغذات پہونچیں گے تو جانب ثانی کو رنج ہوگا
کاغذات بولہ کے واپسی محصول بھی ارسال ہے الراقم سردار جیند سنگہ رئیس و آنریری مجسٹریٹ کاٹھگڑھ ضلع
ہوشیارپور تھانہ بلاچور ۱۸ مئی ۱۸۸۷ء

استفتای مکالمہ و تقریرات فریقین

مسئلہ فضیلت سکان حرمین شریفین مابین محمد مولوی عبد الحی صاحب بمصنف قرار پایا ہے الراقم عبد العزیز

جواب میں نے مولوی عبد الحی صاحب کی منصفی مسئلہ فضیلت سکان حرمین میں تسلیم کی محمد حسین عفا اللہ عنہ

سوال آپ فضیلت کلی سکان حرمین کے مدعی ہیں اور ہر صفت میں انکو افضل بتلاتے ہیں یا کسی وصف خاص
میں **محمد حسین** آپ نے حرمین کی فضیلت سے کیا مراد لیا ہے اور آپ وصف خاص کسکو کہتے ہیں اور تمسک اس
مسئلہ میں آپ کس دلیل سے کرتے ہیں **جواب** وصف کلی کی تشریح کیا ہوں کہ ہر وصف میں یعنی علم و فہم
و تقوی و فضل سکونت اور وصف خاص سے مراد ایک صفت ان حضرات سے ہے اور میرا تمسک کرنا ابھی
آپکو کہاں معلوم ہوا ہے تو سائل ہوں تمسک کا مدعی کا ہے مدعی آپ ہیں جس دلیل سے آپ تمسک
کرینگے میں اس کا جواب دونگا **محمد حسین جواب** جب تک آپکو کوئی دلیل ادلہ
شرعیہ سے نہ ملیگی پس جواب متعذر ہے کیونکہ جس دلیل کو تم تسلیم نہیں کرتا اسکا بیان بے فائدہ ہے اسلیے
آپکو لازم ہے کہ اپنا تمسک بیان کریں تاکہ جواب دیا جاوے اور آپنے جو کل قرآن کی آیتیں بفضیلت

آپ ادعاے مذکور سے کوئی وجہ تھا کہ انکار کیا چاہتے ہین پس انکار کو آپکے ہٹنے بچانے توبہ کے قرار دیا کیونکہ الا انکار بین
انتظار توبہ اور فضائل سکان حرمین شریفین کے بالفعل بھی جو احادیث سے ثابت ہین کئی قسم کے ہین لیکن یا بین
اس مناظرہ کے علاوہ مقصود یہ ہو کہ سب علماے اطراف اور دیار مین کسی مسئلہ کا اختلاف ہو گیا مقصود سے
ہین یہ امر فضائل اور بہتر ہے اجرمین شریفین کے علما کو منصف قرار دیا جاوے چنانچہ مجموعہ احادیث مشتملہ استفتا جو
پیش کیا جاتا ہو اس پر دال ہو جو آپنے دعوی عام کیا تھا اور دلیل خاص فضیلت [illegible] تقرر اسلام کی لائے
تھے اسلیے مین نے آپکے عام دعوے کے مقابلہ مین تقسیم کی اور عام کے انہین افراد کو توڑا اور وہ آیت میری تقسیم کا مقابلہ
آپکے عموم دعوے کے ہر گز مقابلہ مخصوص احادیث کے پس آپکا سمجھنا کہ ہماری احادیث کے سامنے آیت پڑھی آپکی
غلطی فہم ہے اور وہ پیدا ہوئی اس غلطی سے کہ آپنے دعوی مین ابہام اور تعمیم کی تھی خیر اب تو آپ اس دعوے کو چھوڑتے
ہین تو مین اس امر کو آپکے بچانے توبہ کے قرار دیتا ہون اسلیے کہ انکار خطا سے توبہ ہی ہو اور جو آپنے دعوی کیا ہو
کہ ہم اس وصف خاص مین فضیلت کے مدعی ہین کہ منصفی مقدمات دینیہ مین وہ افضل ہین اور اس دعوی پر آپنے
احادیث مشتملہ فتوی پیش کیے ہین سو مین کہتا ہون کہ آپکے اس دعوے مین اولا یہ بات تعین طلب ہو کہ کس زمانہ کے
لوگ اس فضیلت کے محل ہین آیا ہر زمانہ کے یا خاص قرون ثلثہ کے یا آج کل کے اسے تعین فرماوین تو آپکا دعوی
دیکھا جاویگا کہ وہ آپکے دعوی کا مثبت ہو یا نہین جواب ہمارا دعوی اول یہ ہو کہ علماے حرمین شریفین کو اس زمانہ
مین منصف قرار دینا بر وقت اختلاف اور تکرار باقی رہنے ہمارے کے چاہیے واسطے اس امر کے شرط تیسری ہماری شرائط
مشتہرہ مین عقد انعقاد شرائط مناظرہ کا [illegible] داخل کیگئی تھی شاہد عدل ہو کیونکہ بسبب نہ ماننے اس شرط کے یہ بحث شروع
ہوئی تھی اور اس شرط کو بعینہ نقل کیا جاتا ہو کہ منشا مجلس و ناظرین کو اغراض [illegible] ظاہر ہو کہ توبہ کسکی طرف عائد ہوتی ہے
شرط سوم بعد گفتگو کے اگر تکرار باقی رہے تو واسطے انفصال کے علماے مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کو منصف مقرر کیا جاوے آپکو
لازم ہو کہ آپ تو منصفی علماے حرمین کی منظور فرماوین یا ایسے فتوی جو واسطے ثبوت مذمت سکان حرمین یعنی جو علما اور اتقیا
اور مومنین وہانکے موجود ہین تحریر فرماوین کیونکہ آپکا اول روز سے یہی دعوی ہو سبکے روبرو ظاہر اور عیان ہو تا کہ فتوے
ہر دو فریقین کے منصف کے پاس ارسال کیے جاوین جواب بیشک جناب نے اپنی شرط مین علما کی منصفی کا ذکر کیا تھا
ولیکن جب آپنے دعوی کیا تو عام ساکنان مکہ کی فضیلت مدعی ہوے اور بہت ظاہر ہو کہ شرط اور شی ہو اور دعوی مشروط یعنی جسکی
لیے شرط مقرر کیگئی ہو اور ہے لازم نہین کہ شرط مین تصریح فضیلت علما کی ہوئی مشروط مین بھی وہی تصریح کیجاوے خصوصا
جبکہ الفاظ دعوی مین تعمیم [illegible] سے کسی ثابت ہو کہ آپ اپنے دعوی عام سے رجوع کرسکتے [illegible] مین [illegible]

پڑھتے ہین اور شرط ثالث مین منصفی علما کی چاہتے تھے ولیکن دعوی آپکا یہ تھا کہ مکہ ایسی جگہ ہے زبان کوئی خبیث رہنے نہین پاتا وہان کے سبھی لوگ اچھے ہوتے ہین جسکے مقابلہ مین مین نے تقسیم کی اور کہا تھا کہ مکہ اور مدینہ پرکئی زمانہ آئے ایک زمانہ قبل نبوت یا ہجرت ہوئیکے کہ اسمین کفر ظاہر رہا پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا زمانہ کہ اسوقت بھی بعض منافق موجود تھے جنپر وہ آیت پڑھی گئی وہ زمانہ جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ہوا اسمین بھی بعض اطراف کے لوگ مرتد ہوگئے تھے جنکو صدیق اکبر رض نے مارا اور بعض نے اکابر صحابہ کو جلیسے حضرت عثمان رض اور حضرت عمر رض کو شہید کیا پھر خلفاء کے مابعد کا زمانہ ہوا جسمین یزید پلید کے لشکر سے حرکتین تیاز زناد قتل مدینہ مین سرزد ہوئین اور مکہ مین عبدالملک نے چڑھائی کی ان دلائل سے مینے آپکے اس عام دعوے کو توڑا جواب فرماتے ہین کہ جو مکہ مین رہتے ہین ایسے ہوتے ہین میرا صریح کلام یہ ہے کہ مکہ ہمارے دین و ایمان کا رکن ہے و لیکن وہان کے سبھی لوگ ہمیشہ یکسان نہین رہے آپ فرمائیے آپکی درخواست منصفی سے یہ کہان لازم آتا ہے سمجھا جاتا ہے کہ آپ نے برخستہ بیان فضائل ساکنان مکہ کے ان ساکنان مین قید علماء و فضلاء کی لگادی ہو اور میرا نہ لکھنا اُن آیات کو جو مین نے منافقون کی مذمت مین بیان کی تھین اسلیے تھا کہ بدون تقسیم مشروط اور تقریر سمت مقصود کے لکھنا لکھانا محال اب جو آپ پہلے اپنے دعوے کا ثبوت لکھ چکین گے اور مجھے آپکے خلاف مین کچھ دعوی ہوگا تو پھر وہی آیتین لکھدونگا جواب وجہ دوم وہ شرط اگر سمجھیے کہ ایک دعوی ہوگیا ہو ولیکن بوقت اول دعوے کے وہ مغایر دعوی کیا تھا جواب وجہ سوم آپکا افتراء محض افتراء ہو اور جو آپ کا غذات مسل مین اسکا نشان چاہتے ہین محل تعجب ہو وہ تو گفتگو زبانی تھی مسل کہان ہو جس سے نشان دون مسل تو وہی ہوئی جسمین آپ مدعی فضیلت ساکنان ہو [illegible] ہو وہ ہے جواب وجہ چہارم آپکی کسی لفظ سے تمام تحریر مین ابتک اس بات کی نہین آتی ہو کہ آپ [illegible] سے ساکنان ہر زمانہ کی بہتری کے باب مین منصف ہین یا قرون ثلثہ [illegible] کہ میرا سوال ہو جس جگہ وہ عبارت ہو جس سے یہ بات سمجھی جاوے وہان سے ایک سطر تحریر فرمائیے جواب وجہ پنجم مین بابت تمام ساکنان حرمین کا مدعی نہین ہوا کہ جو وہان کے بسے ہین تمام لوگ مسلمان و ہنود حاضرین مجلس جانتے ہین کہ مین کہتا ہون کہ وہان بھلے لوگ بھی ہین اور برے بھی ہین اور کہتا ہون کہ اس جگہ کے بسنے سے وہان کے سبھی لوگون کا اچھا ہونا لازم نہین آتا اور یہ بھی میرا کہنا تھا اور دعوے کے نہ تھا بلکہ اولًا [illegible] آپکے دعوے مین تھا اور وہ بھی پہلے زبانی گفتگو مین ہوچکا اور جب سے گفتگو تحریری شروع ہوئی

مین کسی امر کا مدعی نہین رہا آپسے تعین دعوی اور اُسکی دلیل کا سوال کرتا ہون اور اس بات پر مستعد ہون
کہ جب آپ اپنی دعوے پر دلیل قائم کرین تو پھر مین نظر کرون کہ آپکے کلام مین تقریب تام ہی یا نہین اگر
دلیل سے آپکا دعوی ثابت پاؤن تو مان جاؤن ورنہ سائل بن جاؤن اور اُسکی نفی کے درپے ہو جاؤن او اُسکا رد لکھون
اس اعتبار سے مین سائل مصطلح ہو سکتا ہون - ہنا بان جب مین آپکے دعوے کے اُکھاڑنے کے درپے ہو گیا تو سائل ہونگا
یا نہین علاوہ یہ کہ وہ تعریف سائل مصطلح فن مناظرہ کی ہی اور لغتہً ہر بات پوچھنے والیکو سائل کہتے ہین جیسا کہ ہر سوال
اول ہی اطلاق سے سوال ہو سکتا ہی اور ایسے ہی سائل سے بھی مجیب کو دلیل طلب کرنا نہین آتا اور جو آپنے کہا ہی کہ ہم
کرنا دعوے کا بعد قائم ہونے دلیل کی شان سائل ہی نہین ہی معلوم نہین میری کس بات کے جواب مین ہی دیکر سائل ہنا بعد قائم ہونے
دلیل اور تسلیم دعوے کے میرے کس کلام سے مفہوم ہوتا ہی یہ تو جواب ہی آپ کے اعتراض کا اگر آپ کے کلام کو
دیکھتا ہون تو اُسمین بھی مجھے کئی وجہ سے کلام ہی ولیکن مین اس جگہ اس بحث نوعی کو فضول جانتا ہون اسی
واسطے جب آپنے جملۂ السائل من نصب نفسہ مین نصب کو سین سے لکھا تھا اور ترجمہ بھی اُسکا یہ کیا تھا کہ نسبت
کرے تو درگذر کرکے زبانی آپکو اس غلطی پر متنبہ کردیا اور آپ ہی کے قلم سے سین کو صاد بنوا دیا اگر مجھے
لفظی بحث منظور ہوتی تو خاموش رہتا اور آپکے تحریر کے جواب مین تفصیل و تطویل کرتا یہ جواب آپکے وہ بات کے
ہین اب مطلب کی بات کا جواب دیتا ہون آپ نے پھر وہی بات کی اور اپنے دعوے کی دلیل پیش نکی اور
مجھ سائل سے دلیل مانگی اور جواب فرماتے ہین کہ ہم دو تین دن سے دلیل پیش کر رہے ہین یہ تو نرالی دور ہی
کی بات ہی کہ آپ برخلاف واقعہ اظہار کرتے ہین اُسکی کیا مثال دون شرم آتی ہی مین دلیل مانگتا ہون آپ اپنے فتوے
کو اپنے ہاتھ مین رکھکر دور سے دکھا دیتے ہین ہر چند آپ سے سبھی لوگ یہانتک کہ سردار صاحب بھی کہتے
ہین کہ آپ فتوی دین اور اپنے دعوے کا ثبوت پیش کرین آپ فتوی میرے ہاتھ مین دیتے نہین پھر صریح
فرماتے ہین کہ مین دو تین روز سے دلیل پیش کر رہا ہون اور مجھسے دلیل مذمت چاہتے ہین یہ محال ہی اس
گفتگو مین جسمین تحریر ہوا ہی مذمت کا مدعی نہین جو پیچھے زبانی کہا تھا سو دوسری بات ہی
جواب مین اس گفتگو تحریری کو اُس سے کوئی علاقہ نہین اور باوجود اسکے مین اسی
جواب مین اس اپنی دلیل کو لکھ بھی چکا ہون اب تو ضد چھوڑیے اور اپنے دعوے کا ثبوت تحریر فرمائیے
جس کا وعدہ آپنے آخر تحریر مین کیا ہی مین اُسکو دیکھ کر تسلیم کرون یا رد کرون پھر اُسکو منصف کی طرف بھیجا جاوے
اگر اس امر کے سوا اور کوئی بات پیش کرین گے یعنی پھر وہی لاطائل باتین کرینگے اور اپنا ثبوت پیش

کرین گے تو میری طرف سے اس بات مین خطاب سو اعراض ہی مین ایسی باتون کو لائق جواب نہین جانتا اس بات کا
انصاف ناظرین پر ہی اور جو آپ نے اخیر تحریر مین آیت اور حدیث لکھی ہین اُسی پر خود بھی عمل کرتے تو
اتنی فضول باتین بعید از مطلب و مخالف واقع زبان سے نہ نکالتے اتامرون الناس بالبر وتنسون
انفسکم بھی قرآن ہی کی آیت ہی اور اگر اس مسئلہ مین سوا ایسے قیل وقال کے آپ کو کوئی بات نہین آتی تو اب
دوسرے مسئلہ مین بحث کرین جیسے رفع یدین اور آمین بالجہر اور مثل اسکے اگر وہ بھی منظور نہین تو میری طرف
سے سلام ہی جواب اگرچہ جواب دینے کی حاجت نہین لیکن بنظر فائدہ عام کے جواب بطور اختصار لکھا
جاتا ہی لکھنا وجوہ کا واسطے حل لاطائلیت کے نہین ہوا بلکہ واسطے وضاحت لاطائلیت کلام خصم کے لکھی گئی لیکن
مین نے تقریرًا یا تحریرًا یہ دعوی نہین کیا کہ ساکنان حرمین شریفین قبل اسلام بھی بہتر تھے ورنہ کوئی تحریری سند پیش کرو
یا حضار مجلس سے گواہی دلوا دو جیسا کہ مینے گواہ تحریری شرط ثالث کے پیش کیے وہ جو واقعات قتل ابن [illegible] و یزید کی پیش
کیے انکا مقابل احادیث نبویہ مثل ان الدین لیارز الی الحجاز کما تارز الحیۃ الی جحرہا وغیرہ جو صحاح ستہ
اور مشکوۃ مین موجود ہین پیش کرنا شان محمدیہ سے بعید ہی آپ تو فرماتے ہین کہ ہمارے نزدیک بجز قرآن وحدیث
اور اجماع صحابہ کے کوئی دلیل نہین ہی اب واقعات کو کیون بیان کرتے ہو علاوہ برین آنکہ واقعات مذکورہ سے
بجز مظلومیت انکی کے اور کچھ ثبوت نہین ہوتا یعنی عبدالملک وغیرہ نے مکہ اور مدینہ پر چڑھائی کرکے ساکنان حرمین
کو بہت ستایا بلکہ ان شدائد سے فضیلت ساکنان حرمین کی عند اللہ ثابت ہوئی لقولہ علیہ السلام اشد
البلاء الانبیاء ثم الامثل فالامثل اور یہ امر بھی ظاہر ہی کہ ہم انکی عصمت کے مدعی نہین ہوتے تا اُسپر کوئی
اعتراض لازم آوے اور جو آپنے حدیث زنا کرنے ماعز کی بطور اہانت ساکنان حرمین کے بیان کی تھی جو حقیقت
مین طعن صحابہ پر ہی اُسکے جواب مین مین نے یہی کہا تھا کہ ہم انکی معصومیت کا دعوی نہین کرتے اور اب آپ
جو فرماتے ہین کہ بعض لوگ وہان کے اچھے ہین اگر مراد اس سے علماء ہین تو انکی منصفی سے منحرف کیون ہوتے
ہو اگر ذی علم مراد نہین تو اسکی سند قرآن وحدیث سے پیش کرو اگر دعوے سے آپ نے اپنی عبارت مین دعوی
عام فضیلت کا مراد لیا ہی تو اُسکا مشروط ہونا ساتھ شرط ثالث ہمارے کے محالات سے ہی [illegible] شرطیۃ الشیٔ
لنفسہ لغیرہ وان احتیج فی صدقہ بعد ذلک شیٔ فافہم قولہ تعالی ان اللہ علی کل شیٔ قدیر
[illegible] علی ذاتہ تدقیق و بالتامل تحقیق آپ خود فرماتے ہو کہ دعوے سے پہلے دعوی تقریر عام آپکا مراد رکھا
گیا ہو دیکھو یہ افترا سے محض ہی لیکن واسطے ہمارے سند کافی ملگئی لہذا اب آپ دعوی تقریر کی سند پہونچانے مقر

ہوسکے پس اب آپ پر دلیل دعوی مذمت تقریری اپنے کی تحریراً واسطے ملاحظہ منصف کے ضروریات سے ہوئی لان المعرفۃ بیستفاد بالقیاس اور اب آپ یون فرماتے ہو کہ ایک سطر واسطے تعیین دعوی اپنے کے نشان دو سو چٹھی تحریر ہماری مین یہ درج ہی دیکھ لو ہمارا دعوی اول سے یہی ہی کہ علمائے مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کا اس زمانے مین منصف ماننا وقت اختلاف اور تکرار باقی رہنے ہماری کے چاہیے اطلاق کرنا لفظ سائل کا مقابل لفظ مدعی کے لغویت کسکو لغو کرتا ہی اور کہنا آپکا کہ شاید مین تسلیم کروان آپکے سائل ہونے کو باعتبار اول الیہ کے باطل کرتا ہی والا ہر مجادل کو قتیل کہنا اگرچہ وہ مقتول نہو درست ٹھہرتا وہو کما تری اور آپ جو لکھتے ہو کہ مین نے سین کو صاد بنوایا آپ حلفاً بیان کرو کہ جب آپ نے ہماری تحریر سے نقل کی تھی تو اُس مین صاد تھا یا سین اُسمین تو صاف صاد ہی تھا اور آپ جو فرماتے ہو کہ فتوی ہمارے ہاتھ نہین دیتے یہ کس علم مناظرہ کی کتاب مین درج ہی کہ جو شخص دلائل اپنے زبانی بیان کر چکا ہو اُسکو تحریر کر کے بھی دینا خصم کو ضروریات سے ہی جب آپ نے بمقابلہ احادیث فضیلت کے جو مین نے مجمع عام مین پڑھی تھین معارضۂ دلائل مذمت کے موافق زعم اپنے کے بیان کیے پس تحریر دلائل کی واسطے ملاحظہ منصف کے ضروری کا ہی سو ہم کئی دن سے کہہ رہے ہین کہ مذمت کا فتوی مدلل کرکے تم بھی پیش کرو تا دونون شامل مسل ہوکر منصف کے پاس روانہ کیے جاوین آپ جو بار بار زبان پر لاتے ہین کہ گفتگو فضیلت حرمین کی فضول ہی یہ بات آپ کی بالکل بیجا ہی کیونکہ اکثر فساد عوام کالانعام مین اسواسطے زیادہ برپا ہوتے ہین کیونکہ متبعین مذہب سند عمل درآمد علمائے اور اتقیائے سکنائے حرمین شریفین کی پکڑتے ہین اور آپکے فرقہ کے لوگ سکنائے مکہ کی مذمت کرکے لوگون کی طبیعت کو اشتعال دلاتے ہین اگر آپکو دینا فتوی مذمت کا واسطے ملاحظہ منصف کے منظور نہین ہم فتوی اپنا شامل مسل کرکے منصف کے پاس روانہ کر دیتے ہین اور ختم گفتگو کرکے حضار مجلس کو پیام سلام کا دیتے ہین۔

مدعی فضیلت سکنائے حرمین شریفین — سائل مقابل
مولوی عبد العزیز صاحب — مولوی محمد حسین صاحب لاہوری

خلاصۂ تنازع یہ ہی

کہ مدعی نے دعوی فضیلت ساکنان حرمین کا کیا سائل نے اُسکے جواب مین کہا حرمین شریفین کے لوگ منافق و کافر بھی تھے چنانچہ آیت ومن اھل المدینۃ مردوا علی النفاق و آیۃ الاعراب اشد کفرا و نفاقا

اسپر دال ہی بروز مباحثہ سائل نے استفسار کیا کہ آپ فضیلت کلی کے مدعی ہین یا کسی وصف خاص مین اسکے
جواب مین مدعی نے کہا کہ مراد فضیلت کلی سے اور وصف سے کیا ہی اور آپ تمسک اس مسئلہ مین کس دلیل سے
پکڑینگے سائل نے تشریح کی کہ فضیلت کلی عبارت ہی فضیلت سے ہر وصف مین جیسے علم و فہم و تقوی و اول
سکونت وغیرہ اور وصف خاص ایک صفت ان صفتون مین سے ہی اور یہ کہا کہ میرا تمسک آپکو ابھی تک
معلوم نہین ہوا مین تو سائل ہون آپ مدعی ہین آپ جس دلیل سے تمسک کرینگے مین جواب دونگا مدعی
نے کہا کہ جب تک آپ کوئی دلیل دلائل شرعیہ مین سے منظور نکروگے جواب متعذر ہی اس لیے آپکو لازم ہی کہ آپ
اپنا تمسک بیان کرین تا جواب دیا جاوے اور آپ نے جو کل آیہ مذمت اہل مدینہ مین اور مذمت عرب مین
پڑھی تھی اسکو بھی مذمت مین سند جانتے ہو یا اس سے رجوع ہی سائل نے کہا کہ میرے پاس شاید دلیل پیش کرنیکی
اسوقت حاجت ہوگی جب مین آپکے دعوی فضیلت کا منکر ہونگا اور جبکہ ابھی تک محل نزاع مقرر نہین ہوا
اور میرا انکار یا تسلیم مانا نگیا تو ابھی دلیل پیش کرنے کی حاجت نہین شاید مین آپکے دعوے کو مان لون
جسوقت مین آپکے دعوے کا منکر ہونگا اسوقت آپ دریافت کرنا کہ تم کونسی دلیل مانگتے ہو اور آیت سے جو مین نے کل دلیل پکڑی تھی
وہ مذمت مین ان لوگون کے پکڑی تھی جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت مین منافق تھے چنانچہ پیشتر بیان ہو چکی کہ مکرر
مدینہ کے لوگ کئی قسم پر ہین ایک وہ جو پہلے آنحضرت کے کافر تھے دوسرے وہ جو حضرت کے زمانہ مین کافر
تھے اور یہ کہا تھا کہ آنحضرت کے وقت مین بھی مدینہ مین منافق موجود تھے جنپر وہ آیہ پیش کی تھی مدعی نے
کہا کہ آپ نے جو آیت مقابل ہمارے مناظرہ مین بیان کی تھی اگر مراد آپکی وہی تھی جو آپ فرما رہے ہین پس
آپ سے خطا ہوئی کیونکہ جو حدیثین ہمنے فضائل مین بیان کین تھین انکا یہ مضمون تھا کہ قبل ورود اور نصرت
اسلام کے ثبوت فضیلت کا ہو پس یہ اہل علم سے بعید ہی اور اگر مراد آپکی بعد تقرر اسلام کے تھی ہو پس اس
جہت تکذیب احادیث کی لازم آتی ہی اور آپ دو تین روز سے جو انکی فضیلت کا رد کر رہے ہین اسلیے آپ کا
دریافت تمسک ضرور ہی سائل نے کہا کہ چونکہ آپ نے دعوی معین نکیا تھا کہ کس زمانہ کے لوگون کی فضیلت
کے مدعی ہین اسلیے مین نے تفصیل و تقسیم کی تھی اور یہ مین نہین کہتا کہ جو مضمون احادیث سے ثابت ہی مسلم
نہین اور تقرر اسلام کی حد بیان کرنا آپ پر لازم ہی کہ کس وقت سے وہ زمانہ پایا گیا جب آپ حد بیان کرینگے
اسوقت میرا اقرار یا انکار آپکو ثابت ہوگا پہلے سے آپ کیون فرماتے ہین کہ تم بعد تقرر اسلام کے نافی فضیلت کا
وجود مدینہ مین تجویز کرتے ہو مین دو تین روز سے مطلق فضیلت کا منکر نہین ہون آپ اپنا مدعی بیان کرین

کہ کس فضیلت کے مدعی ہین شاید اسکا مین منکر ہون جب آپ منکر ہوا ہین اسوقت مجھسے دلیل لائق تمسک
کا سوال کرین مدعی نے کہا یہ عجب العجائب ہی کہ آپ کے سامنے جب حدیثین فضائل کی بیان ہوئین اور
مضمون احادیث کا صریحا دلالت کرتا ہی کہ مراد زمانہ نفاق وکفر کا نہین پھر بھی ایسی آیت مقابل احادیث کے
بیان کرنا صریح غلطی ہی اور یہ امر ظاہر ہی کہ دعوی فضیلت کل سکان حرمین کا بعد استیلا و تقرر اسلام کے ہی نہ
زمانہ کفر ونفاق مین خیر آپ جو کہ ادعاے مذکور سے انکار کیا چاہتے ہین انکار کو بجاے خود بہ تکرار دیا اور
فضائل حرمین شریفین کے بالفعل بھی جو احادیث سے ثابت ہین کئی قسم کے ہین لیکن مقصود یہ ہی کہ
جب علما سب اطراف ودیار مین کسی مسئلہ کا اختلاف ہو پس اس صورت مین یہ امر افضل و بہتر ہی کہ حرمین کے علما
کو منصف قرار دیا جاوے چنانچہ مجموعہ احادیث مشتمل استفتا پیش کیا جاتا ہی جو اس امر پر دال ہین سائل نے کہا چونکہ
آپ نے دعوی عام کیا تھا اور دلیل خاص فضیلت زمانہ تقرر اسلام کی لائے تھے اسلیے آپکے دعوے کے مقابلہ
مین مین نے تقسیم کی تھی اور وہ آیت بمقابلہ آپکے عموم دعوے کے تھی نہ خصوص دعوے کے خیر آپ اس دعوی
عام کو چھوڑتے ہین تو مین آپکے اس امر کو بجاے خود برقرار دیتا ہون اور جو آپ نے اب دعوی کیا ہی کہ علماء حرمین صفت
مین یعنی منصفیت مین مدعی ہین کہ منصفی مقدمات دین مین وہ افضل ہین اور اس دعوے پر آپ نے احادیث منضمہ دو ورق
پیش کیے ہین سو مین کہتا ہون کہ اس دعوے مین یہ بات تعین طلب ہی کہ کس زمانہ کے لوگ فضیلت کے محل ہین
ہر زمانہ کی یا خاص قرون ثلثہ کے یا آجکل کے آپ تعین فرماوین تو آپکا فتوی دیکھا جاویگا مدعی نے کہا ہمارا دعوی دل
سے یہی ہی کہ علماے حرمین کا اس زمانہ مین منصف قرار دینا بروقت اختلاف اور تکرار باقی رہنے ہمارے کے بجا ہی
واسطے اس امر کے شرط تیسری ہماری شرائط مشمولہ اصل جو قبل انعقاد شرائط سرکار کے داخل کی گئی تھین شاہد
عدل ہی کیونکہ بسبب نہ ماننے اس شرط کے یہ بحث شروع ہوئی تھی اور وہ یہ تھی شرط سوم بعد گفتگو کے اگر تکرار
باقی رہے تو واسطے انفصال کے علماے مکہ اور مدینہ کو منصف قرار دیا جاوے اب آپکو لازم ہی کہ یا تو منصفی علماء
حرمین کی منظور کرین یا ایک فتوی ثبوت مذمت سکان حرمین مین یعنی جو علما اور اتقیا اور مومنین وہان کے موجود
ہین تحریر فرماوین سائل نے کہا بیشک آپ نے شرط مین منصفی کا ذکر کیا تھا لیکن جب آپ نے عام دعوی
کیا تو عام ساکنان مکہ کی فضیلت کے مدعی ہوے اور بہت ظاہر ہی کہ شرط ایک امر ہی اور مشروط یعنی دعوی جسکے
لیے شرط مقرر کی گئی تھی اور ہی اور یہ لازم نہین کہ شرط مین بالتصریح فضیلت علما کی ہونے سے مشروط مین بھی وہ کیا
بالتصریح سمجھی جاوے اس سے سب کو ثابت ہوگا کہ آپ اس دعوے عام سے رجوع کرتے ہین [illegible]

کو انصاف ناظرین پر چھوڑ کے مطلب کی بات کا جواب دیتا ہون کہ آپنے میری بات کا جواب نہین دیا کہ آپ کن لوگونکو اس
فضیلت کا جو احادیث نبوی سے ثابت ہو محل قرار دیتے ہین ہر زمانہ کے لوگونکو یا قرون ثلثہ کے یا آج کل کے جب
آپ تعین کیجیے گا مین نظر کرونگا اگر وہ لوگ واقعی آپکے احادیث نبوی کے مصداق ہین تو مین مان جاؤنگا ورنہ اُس
مین عذر کرونگا آپ ابھی مجھ سائل سے تسلیم اپنے مجمل دعوے کی بار بار کیون چاہتے ہین مدعی نے کہا کہ جانبین کی عبارت کو
منصف خود تحقیقات کرلیگا اور یہ جو کچھ آپنے لکھا ہو کلام لاطائل ہو جب الزم کے آپ مدعی تھے دلیل [illegible] کیجیے ورنہ آپ
کو اختیار ہو سائل نے کہا مین یہی التماس کرچکا ہون کہ لاطائل ہونا کلام ہر شخص کا سپرد ناظرین ہونا چاہیے و نیز یہ جو آپ
مدعی بناتے ہین اور مجھسے دلیل طلب کرتے ہین محل تعجب ہو وہ کون لفظ میری ہو جس سے میرا مدعی ہونا کسی امر مین ثابت ہوتا ہو
مین تو ابتک سائل ہون البتہ آپ مدعی ہین لیکن آپ پر دلیل پیش کرنا لازم ہو چنانچہ آپنے ایک فتوی بھی دکھلایا تھا اب اُسکو کیونکر لائق
ہو آئندہ دعوے مین تعین کرو اور اُسپر ایک حدیث فتوے کے شاہد ٹھہراؤ پھر مجھسے دریافت کرو کہ تو اُسکو مانتا ہو یا نہین تعین زمان
مدعی نے وجوہ لاطائلیت کلام سائل کا بیان کرنا شروع کیا چند وجوہ سے ایک یہ کہ قول سائل کا ولیکن جب آپنے
دعوی کیا تھا تو عام کیا تھا محض بے سند ہو کیونکہ جب اول ملاقات سردار صاحب کے حضور مین ہوئی تھی اور
شرائط جانبین علحدہ علحدہ سردار صاحب کو حوالہ کی گئین تھین اور ہماری تیسری شرط منجملہ شرائط ستہ کے
یہ تھی کہ شرط سوم بعد گفتگو کے اگر تکرار باقی رہے تو واسطے انفصال کے علماے مکہ اور مدینہ منصف مقرر
کیے جاوین اس شرط کو آپنے نامنظور فرمایا بلکہ سکان حرمین کو فاسق وغیرہ الفاظ سے یاد فرمایا مین نے
جواب مین کئی حدیثین فضیلت کی پیش کین کہ ہم بموجب ان احادیث کے علماے حرمین کو منصف قرار دیتے ہین
آپنے اُسکے جواب مین بجز واقعات کے کوئی حدیث پیش نہین کی دوسرے روز روبرو سردار صاحب کے مجمع
عام مین پھر اُسی شرط کی تکرار شروع کی اُس روز بھی آپ سکان حرمین کی مذمت کے مدعی ہوئے مین نے
کھڑے ہو کر مجمع عام مین احادیث فضائل کے بیان کیے اُسکے جواب مین آیہ الاعراب اشد کفرا و
نفاقا الآیۃ ومن اہل المدینۃ مردوا علی النفاق اور چند واقعات بیان کیے دوسری وجہ یہ کہ
قول آپ کا شرط اور شے ہو اور شرط اور ہو حق ہو لیکن شرط مذکورہ واسطے مسائل مختلفہ کے کی گئی تھی جب جانبین
نے اُس شرط کو بحث قرار دیا بعینہ وہی شرط دعوے ہو گئی تیسری وجہ یہ کہ قول آپ کا کہ دعوے کے
الفاظ مین تعمیم کی بعض افراد ہو ورنہ اُن الفاظ کو مسل مین نشان دیجیے چوتھی وجہ یہ کہ قول آپ کا کہ آپ
نے میری بات کا جواب نہین دیا بڑے تعجب کی بات ہو کہ جو عبارت ہماری سر اسر دال ہو اوپر تعین مدعی

کے اُسکے جواب مین آپ نے یہ فرمایا پانچوین وجہ یہ کہ مذمت سکان حرمین کا جواب کئی روز سے ذکر کر رہے تھے اب جب دلیل آپ سے طلب کی گئی تو اُسکو اجنبی بات فرمانے لگے اور آپ کئی جگہ اپنے آپ کو سائل سے تعبیر کرتے ہین حالانکہ مراد سائل سے علم مناظرہ مین وہ شخص ہے جو مقابلہ مدعی کا بعد قائم ہونے دلیل کے کرے تسلیم کرنا دعوے کا بعد اقامت دلیل کے شان سائل سے نہین قال فی الرشیدیۃ السائل من نصب نفسہ لنفی الحکم اب آپکو لازم ہے کہ مذمت کی دلیل پیش کیجیے اور فضیلت کی دلیل جو بیان ہو چکی تا دونون منصف علما کے پاس روانہ کی جاوین بعد اسکے سائل نے جواب مین کہا کہ آپکی وجہ اول کا جواب یہ ہے کہ اگرچہ شرط ثالث منصفی علما کی چاہتے تھے لیکن دعوی آپکا یہی تھا کہ مکہ ایسی جگہ ہے جہان کوئی خبیث رہنے نہین پاتا وہان کے سبھی لوگ اچھے ہوتے ہین جسکے مقابلہ مین ہم نے تقسیم کی تھی اور کہا تھا کہ مکہ اور مدینہ پر کئی زمانے آئے ایک زمانہ قبل نبوت کہ اُسمین کفر ظاہر تھا پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا زمانہ کہ اُسوقت مین بعض منافق موجود تھے جن پر آیت پڑھی تھی پھر زمانہ جو حضرت کے بعد ہوا اُس مین بھی بعض اطراف کے لوگ مرتد ہوگئے پھر خلفاء کے مابعد کا زمانہ ہوا جس مین یزید پلید کے لشکر سے حرکتین بیجا سرزد ہوئین اور مکہ پر عبدالملک نے چڑھائی کی ان دلائل سے مین نے آپ کے دعوے عام کو توڑا اور جواب وجہ دوم کا یہ ہے کہ اگرچہ شرط پیچھے کر ایک دعوی ہوگئی تھی دلیکن اول دعوے کے وہ مغایر تھی اور جواب وجہ سوم یہ ہے کہ افترا کہنا محض افترا ہے وہ گفتگو زبانی تھی کہ جس مین دعوی عام تھا اسمین کہان ہے جسمین نشان دیا جاوے مسل تو پیچھے ہوئی اور وجہ چہارم کا جواب یہ ہے کہ آپ کے کسی لفظ سے تمام تحریر مین بو بھی اس بات کے نہین آتی کہ آپ حرمین کے ساکنان کی ہر زمانہ کے بہتری کے باب منصفی مین مدعی ہین یا خاص قرون ثلثہ کے یا آج کل کے لوگون کے اور جواب وجہ پنجم کا یہ ہے کہ مین مذمت عام ساکنان حرمین کا مدعی نہین ہوا تمام لوگ حاضرین مجلس جانتے ہین کہ مین کہتا ہون کہ وہان بھلے لوگ بھی ہین اور برے بھی ہین اور کہتا ہون کہ اُس جگہ کے اچھے ہونے سے وہان کے سبھی لوگون کا اچھا ہونا لازم نہین آتا اور یہ بھی میرا کہنا کچھ بطور دعوے کے نہ تھا بلکہ بطور نقض آپکے دعوے کے تھا اور جب سے گفتگو تحریری شروع ہوئی مین کسی امر کا مدعی نہین ہوا آپ سے تعین دعوی اور دلیل کا سوال کرتا ہون اور سائل لغت مین ہر بات پوچھنے والے کو کہتے ہین اس نظر سے اطلاق سائل کا مجھپر ہو سکتا ہے اور جو آپ فرماتے ہین کہ مین دو تین روز سے دلیل پیش کر رہا ہون بڑی دلاوری کی بات ہے کہ آپ برخلاف واقع اظہار کرتے ہین مین جب دلیل مانگتا ہون آپ اپنے فتوے کو اپنی

ہاتھ مین رکھکر دور سے دکھا دیتے ہین مین کہتا ہون کہ فتوی مجھے دیدیجیے مین اسکو قبول کرون یا رد کرون آپ
نہین دیتے ہین بعد اسکے مدعی نے کہا کہ ہمنے تقریرًا یا تحریرًا یہ دعوی نہین کیا کہ ساکنان حرمین قبل تقرر
اسلام بھی بہتر تھے اور واقعات قتل ابن زبیر اور یزید کے مقابل احادیث نبویہ پیش کرنا شان محمدیہ سے
بعید ہی آپ تو فرماتے ہین کہ ہمارے نزدیک بجز قرآن و حدیث و اجماع صحابہ کے کوئی دلیل نہین واقعات
کو کیون بیان کرتے ہو علاوہ اسکے ان واقعات سے بجز مظلومیت اہل حرمین کے اور کچھ ثبوت نہین ہوتا اور
یہ امر ظاہر ہی کہ انکے عصمت کے مدعی نہین ہوسے تا پھر کوئی اعتراض لازم آوسے اور اب جو آپ فرماتے
ہین کہ بعض لوگ وہان کے ایسے ہین اگر مراد اس سے علما ہین تو انکی منصفی سے منحرف کیون ہوسے اور ہمارا
دعوی اول سے یہی ہی کہ علمائے مکہ اور مدینہ کا اس زمانہ مین منصفت ماننا وقت اختلاف اور تکرار باقی رہنے ہمارے
کے چاہیے اور آپ جو فرماتے ہین کہ فتوی ہمارے ہاتھ نہین دیتے یہ کس کتاب مین مناظرہ کی درج ہی کہ جو
شخص اپنے دلائل فی الحال بیان کرے اسکو تحریر کرکے بھی خصم کو دیا ضرور ہو فقط الجواب ہو المصوب چونکہ متخاصمین اس فقیر سرا یا التقصیر
کے انصاف و محاکمہ پر راضی ہوسے یقین ہی کہ جو امر مین انصافا بلا لحاظ احد الجانبین تحریر کرونگا اسکو دونون
پسند فرماوینگے اور بعد نظر تامہ و فکر وافر کے میری تحریر کو محض انصاف و اظہار حق تصور فرماوینگے بنا ء علیہ
امتثالًا للامر مین متوجہ انصاف کا ہوتا ہون اور امر مکنون کو ظاہر کرتا ہون مخفی نرہے کہ متخاصمین کی تقریرات
امور زائدہ پر کہ مراحل و آداب مناظرہ سے دور ہین مشتمل ہین ان سب سے قطع نظر کرکے بعد معاینہ تقریرات
طرفین کے جو امور واضح ہوسے اسکو مین درج صحیفہ ہذا کرتا ہون **اول** مدعی کو لازم تھا کہ اولا دعوے کی تنقیح
کیا کرتے فرماتے اور دعوی فضیلت سکان حرمین کا علی سبیل الیقین عمومًا یا خصوصًا فرماتے اور سکان کی تقیید ساتھ
علما کے اور فضیلت کی تعیین کہ غرض باب انصاف مین ہی اور تعیین زمانہ فضیلت کرتے تا سائل کو موقع اطالہ
بحث کا نملتا ایسے لوجہ سے منحرف ہوجاتے زیادہ تقریر کی امور غیر مقصود مین امر مقصود فوت نہوتا **دوم** اگرچہ مدعی نے
بوقت تقریر دعوی عام بلا تعیین کیا ہو مگر قرائن حالیہ و مقالیہ تقریرات سابقہ و شرائط سابقہ [illegible]
[illegible] کہ غرض انکی اثبات فضیلت علمای اسلام حرمین تھی اسلام مسلم دلیل [illegible] اس امر پیچ کہ وہ کفار
[illegible] اہل حرمین کو افضل نہین کہہ سکتا اور عقل عاقل مقتضی اس امر کی ہی کہ یہ دعوی سوای مجنون یا
[illegible] کسی سے نہین ہو سکتا پس گو دعوی مدعی عام ہو کہ شامل جمیع ساکنان حرمین ہو مگر قرائن واضحہ
[illegible] کہ وہ خاص ساتھ ساکنان حرمین بعد تقرر اسلام کے بلکہ ساکنین [illegible] حرمین کی [illegible]

مابین متخاصمین کے قبل اس تقریر کے مذاکرہ مشروط ہو چکا تھا اور شرط ثالث مین یہ مضمون مندرج تھا کہ بعد گفتگو کے اگر تکرار جانبین باقی رہے تو واسطے انفصال کے علمای مکہ و مدینہ کو منصف قرار دیا جاوے اور اگرچہ وہ شرط محل بحث واقع ہو گئی اور وقت مباحثہ کے مدعی نے دعوی مطلقہ کیا لیکن قرینۂ سابقہ سے ظاہر ہی کہ غرض اُس کی اس دعوے سے اجرا اُسی شرط کا تھا پس بالضرورت دعوی اُسکا خاص ہوا اگرچہ اُس نے بوقت دعوی برخلاف آداب مناظرہ اجمال کیا پس ایسی حالت مین سائل کو ہرگز نہین لازم تھا کہ بغرض نقض دعوے عامہ کے آیۂ الاعراب اشد و من اهل المدينة وغیرہ تلاوت کرین یا قصص فتنہ بیان کرین اسواسطے کہ سائل کو مدعی سے تعین دعوی و تعریفات مفردات دعوی وغیرہ اُسوقت کرنا چاہیے جب اُسکا علم نہو اور اگر باوجود علم کے طلب کریگا تو یہ مکابرہ یا مجادلہ ہوگا جیسا کہ ابحاث باقیہ وغیرہ مین مصرح ہی اور مانحن فیہ مین علم اس امر کا کہ دعوی خاص ساتھ علماے حرمین کے ہی بدلالت حال و مقال ہر کس و ناکس کو حاصل ہی پس مقابلہ سائل کا ایسی صورت مین خارج از مناظرہ ہی سوم ہرگز سائل کو بمقتضای مناظرہ نہین لائق تھا کہ آیات مذمت کفار و منافقین حرمین کے تلاوت کرے مگر بعد اسکے کہ اُسنے یہ امر خلاف داب مناظرہ ہوا مدعی کو دلیل مذمت سکان حرمین سائل سے طلب کرنا اور سائل کو مدعی مذمت ٹھہرانا خلاف داب مناظرہ ہی اسوجہ سے کہ ہر ذی عقل اس امر کو جانتا ہی کہ غرض سائل کی اس تلاوت وغیرہ سے صرف نقض عموم و اطلاق دعوی مدعی تھا نہ ادعاے مذمت سکان حرمین یا منقصت علمای حرمین چہارم یہ کہ سائل نے جو بمقابلہ اطلاق دعوے کے وقائع یزید و عبد الملک بن مروان بیان کیے وہ خارج از بحث ہین اسوجہ سے کہ اُن وقائع مین کوئی امر شرارت و خباثت کا اہل حرمین سے نہین ہوا تھا بلکہ اُنپر غلبہ مفسدین کا ہوا تھا پنجم تعین دعوی جو مدعی نے بعد چند تقریرات کے کیے یعنی یہ کہ دعوی فضیلت علماے حرمین کا باب انصاف مین ہے اگرچہ یہ امر اُنکی شرط سابق سے معلوم ہوتا تھا مگر وقت بحث کے ابتدا سے اسکی توضیح ضرور تھی کہ سائل کو موقع سوال کا نہوتا اور وقت دعوے کے اسکا اجمال اس غرض سے کہ جب خصم انکار اس دعوے کا کریگا حضار مجلس سے کہدیا جاویگا کہ دیکھیے یہ مکہ اور مدینہ کے لوگون کی فضیلت سے جو نصوص صریحہ سے ثابت ہی انکار کرتے ہین اور خلاف احادیث اعتقاد رکھتے ہین شان ارباب مناظرہ سے نہین ہو ششم باوجود استفسار سائل کے مرۃ بعد اخری مدعی نے صاف بیان نہ کیا کہ دعوی فضیلت علماے حرمین کا من حیث الانصاف آج کل کے علما کے باب مین ہی یا قرون ثلاثہ کے علما کے باب مین یا بہ نسبت ہر زمانہ کے یہ بھی امر خلاف داب مناظرہ ہی جب سائل استفسار امر ضروری کا کرے مدعی پر اُسکا جواب صاف دینا لازم ہے

عبادات و بحسب شرافت سکونت ثابت ہی اور اسمین کسی مسلم کو نزاع نہین اور اس فضیلت سے فضیلت
من حیث الانصاف لازم نہین ہی بلکہ من حیث العلم بھی ضروری نہین ہی اور حدیث دوم سے یعنی ان اللہ
حبس عن مکۃ الفیل الحدیث شرافت ذاتیہ بلدہ مکہ معظمہ کی ثابت ہی نہ فضیلت علمیہ کان اور حدیث سوم
یعنی واللہ انک لخیر ارض اللہ الی اللہ الحدیث سے بھی فضیلت ذاتیہ زمین حرم مکہ کی اور فضیلت اہل حرمین
بحیثیت شرافت مسکن ثابت ہو نہ فضیلت علمیہ اور حدیث چہارم یعنی ان الدین لیارز الی الحجاز کے بحسب
تصریح شراح حدیث اُس زمانے سے خبر ہی کہ جسمین استیلای کفر تمام اقالیم مین ہوجاویگا اور قوت دین تمام
بلاد مین سے منتفی ہوجاویگی اُسوقت دین حجاز کی طرف مائل ہوگا اور وہان سے زائل نہوگا اور بعض محدثین
کہتے ہین کہ یہ اشارہ ہی اسطرف کہ دین حرمین مین قوی رہیگا اور جس طرح سے مداہنت امور دینیہ و استبداد شہوات
شرعیہ اور بلاد مین ہوگا اُس قدر حرمین مین نہوگا علی کل تقدیر اس حدیث سے فضیلت علما من حیث الانصاف
نہین ثابت ہوگی کیونکہ بقا سے دین اور قلت مداہنت دین شی دیگر ہی اور فضیلت انصاف امر دیگر ہی اور حدیث
پنجم مین لا یرید اهل المدینة بسوء الا اذابه الله فی النار وعید ہی اُسپر جو اہل مدینہ کو ایذا پہونچاوے جیسے عسکر
یزید و عبد الملک بن مروان سے سرزد ہوا فضیلت علما سے کچھ بحث نہین اور مجرد افضلیت اہل حرمین کو من
حیث العلم والانصاف کسی طرح سے دخل ایذا نہین ہان جو شخص اہل مدینہ سے عداوت کرے اور انکو ایذا دے اور
تحقیر اہل حرمین کی کیا کرے اور انکی مذمت کے بیان مین سرگرم رہے وہ البتہ اس وعید مین داخل ہی اور حدیث
ششم یعنی لا یدعها احد رغبة عنها الخ مین مدینہ سے نکل جانیکا اور مدینہ مین رہنے سے قناعت ہونیکا
ذکر ہی بحث سے کچھ علاقہ نہین اور حدیث ہفتم مین یعنی ان ابراهیم الخ ذکر برکت مکہ و مدینہ کا طول و نا سید و غیرہ
مین ہی فضیلت علمیہ سے اسکو کیا علاقہ ہی اور حدیث ہشتم سے یعنی من استطاع ان یموت بالمدینة فلیمت [illegible]
فضیلت موت کی مدینہ مین ثابت ہی اور یہ فضیلت علمیہ پر موقوف نہین اور حدیث نہم سے یعنی انما
المدینة کالکیر شرافت مدینہ کی اس امر کی ثابت ہوئی کہ وہ ایسی جگہ ہی کہ وہان منافق اور خبیث الباطن
بعد قرار اسلام کے نہین رہ سکتا اور یہ نہین ثابت کہ وہان کا ہر عالم علمائے بلاد سے من حیث العلم افضل
ہوتا ہی اور بعض شراح حدیث نے اس حدیث کو بھی زمانہ ظہور علامات قیامت کبریٰ پر محمول کیا ہی کہ اُسوقت
مین مدینہ مین سوائے مومن کامل کے کوئی نہ رہ سکیگا لہذا عموماً فضیلت نہ ثابت ہوئی اور حدیث دہم
یعنی ان اللہ سمی المدینة طابة کچھ دلالت اسپر نہین تام مدینہ کا طابہ ہونا اور چشمہ ہی اور یا اسکے

سکان کا افضل ہوتا اور چیز ہو اور حدیث یازدہم یعنے أمرت بقرية تأكل القرى والمدينة آخر قرى الاسلام خرابا المدينة بھی مقصد سے کو بیگانہ ہی کیونکہ خبر اس امر کی ہے کہ بوقت خراب عالم وقرب قیامت مدینہ سب بلاد کے بعد خراب ہوگا اسکو فضیلت سے کیا علاقہ ہی اور حدیث تبغض العرب فتبغضني اور حدیث من غش العرب لم يدخل في شفاعتي اور حدیث لا يجتمع دينان في جزيرة العرب اور احبوا العرب لثلاث ان سے ایجاب حب عرب وحرمت ایذا وطہارت ملک عرب از نجاست شرک ثابت ہی اصل مقصود سے اسکو کچھ ربط نہین اور احادیث جو فوتسے مدعی مین فضائل یمن وشام کے مذکور ہین وہ بھی مطلب سے بالکل بیگانہ ہی کہان فضیلت علمای حرمین من حيث الانصاف کہان فضیلت یمن وشام **الحاصل** جو احادیث مدعی نے پیش کیے کوئی اُنمین سے مثبت دعوی نہین ہی البتہ فضیلت ذاتیہ بلاد حجاز وقوت دین وبقای اسلام در مدینہ تا زمانہ آخر وتفضیل اہل حرمین بجہت تضاعف ثواب والزام محبت اہل حرمین ووعید موذی ایشان ثابت ہوتی ہی اور اسمین کسی مسلم کو انکار نہین ہوسکتا ہی **یازدہم** ناظرین کتب فقہ وحدیث پر ظاہر ہی کہ زمانہ صحابہ سے تا این زمان مجتہدین فقہا ومحدثین مسائل فرعیہ ودلائل حدیثیہ مختلف رہا کیے اور فیما بین اصحاب مذاہب کے مناظرات ہوا کیے مگر کہین یہ نہین ثابت ہی کہ مختلفین نے رفع خلاف کے واسطے اہل حرمین کو منصف مقرر کیا ہو اور اُنکی تحقیق کو لازم التسلیم سمجھا ہو **دوازدہم** کتب اصول مین مصرح ہی کہ امام مالک کے نزدیک اجماع اہل مدینہ حجت ہی اور عمل صحابہ وتابعین مدینہ اُنکے نزدیک مثل مستند ہی اور سوا اُنکے اور ائمہ مثل امام ابو حنیفہ وغیرہ کے اسمین مخالفت کرتے ہین اور مجتہدین اہل مدینہ کو مساوی باقی مجتہدین کے سمجھتے ہین پس اگر فضیلت اہل حرمین من حيث الانصاف والتحقيق احادیث سے ثابت ہوتی اس مسئلہ مین مخالف نہوتے **الغرض** دعوی اس امر کا کہ علمای حرمین تمام علمای بلاد سے من حيث العلم والانصاف افضل ہین قرون ثلثہ مین یا ہر زمانہ مین اتبک حیز ثبوت تک نہین پہونچا ہان وہان کے علما بلکہ کل سکان کی فضیلت من حيث الثواب والشرافة وغيره ذلك کا کوئی انکار نہین کرسکتا آزے اسقدر ثابت ہی کہ دو طائفہ علما کے فرض کیے جاوین مساوی وسعت علم وتحقیق وانصاف وتدقیق مین ہون اور ایک طائفہ اُنمین سے حرمین کا ہو تو وہ افضل ہوگا الا بستہ ہر گز امر خارج از مقصد ہی حررہ الراجي عفو ربه القوي ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبه الجلي والخفي۔

الحمد للہ کہ رسالہ تیام الملۃ والدین کی پہلی جلد تمام ہوئی باقی جلدین بھی انشاء اللہ تعالی جلد ہدیۂ ناظرین ہونگی

فہرس مضامین فتاوی قیام الملۃ والدین جلد اول

صفحہ	فہرست مضامین

صفحہ	فہرست مضامین

فہرس مضامین

فہرست مضامین

کتاب العلم

کتاب الکراہتہ والاستحسان

باب التقلید

فہرست مضامین

تمت